www.dailybolan.com

MEMBER APNS | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ABC CERTIFIED | حب، کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونیوالا روزنامہ

Daily BOLAN HUB Balochistan

روزنامہ بولان حب بلوچستان

چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ

Mobile: 0336-6113760

فون و فیکس 0853-310203

قیمت 20 روپے

جلد 37 | ہفتہ 15 اگست 2026، بمطابق یکم ربیع الاول 1448ھ | شمارہ 225

# پاکستان کی آزادی عظیم قربانیوں کا ثمر ہے — وزیراعلیٰ بلوچستان

بلوچستان میں امن کے قیام کے لیے پاک فوج، فرنٹیئر کور بلوچستان، پولیس اور سول اداروں کے افسران واہلکاروں نے بے مثال قربانیاں دی ہیں، شہداء کے خاندانوں کا غم پوری قوم کا مشترکہ غم ہے

آج کا دن ہمیں یاد دلاتا ہے کہ پاکستان ہمیں عظیم قربانیوں کے بعد ملا اور اس کی حفاظت، سلامتی اور ترقی کے لیے آج بھی قربانیوں کا سلسلہ جاری ہے، میر سرفراز بگٹی کا 79 ویں جشن آزادی کی مناسبت سے منعقدہ گرینڈ تقریب سے خطاب

کوئٹہ (بولان بیورو) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ پاکستان کی آزادی عظیم قربانیوں کا ثمر ہے اور ملک کی سلامتی، استحکام اور ترقی کے لیے قربانیوں کا یہ سلسلہ آج بھی جاری ہے، بلوچستان میں امن کے قیام کے لیے پاک فوج، (بقیہ نمبر 1 صفحہ 7 پر)

## کے ٹو بیس کیمپ، شدید سردی میں پاک فوج کے جوانوں کا جشن آزادی، فلک شگاف نعرے

پاک فوج کے جوانوں نے نعرہ تکبیر، اللہ اکبر، پاکستان زندہ باد اور پاک فوج پائندہ باد کے فلک شگاف نعرے بلند کیے

یوم آزادی کے موقع پر جنرل ہیڈ کوارٹر اور مسلح افواج کے تمام ہیڈ کوارٹرز میں پرچم کشائی کی پروقار تقریبات کا انعقاد کیا گیا

سکردو (این این آئی) پاکستان بھر میں 79 واں جشن آزادی آج ملی (بقیہ نمبر 2 صفحہ 7 پر)

## صدر مملکت نے 355 شخصیات کیلئے سول ایوارڈز کا اعلان کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے مختلف (بقیہ 3 صفحہ 7 پر)

## مستونگ، وزیر داخلہ بلوچستان ضیا لانگو کے سیکیورٹی اسکواڈ پر فائرنگ، 6 اہلکار زخمی

مستونگ میں بزدلانہ حملے سے ہمارے حوصلے پست نہیں ہوں گے، صوبائی وزیر داخلہ

مجھے ان پٹاخوں سے نہیں ڈرایا جا سکتا، پاکستان زندہ باد تھا، زندہ باد ہے اور زندہ باد رہے گا

مستونگ / کوئٹہ (این این آئی) مستونگ میں وزیر داخلہ بلوچستان (بقیہ 4 صفحہ 7 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی جشن آزادی کی مناسبت سے تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

# پاکستان اپنے دفاع کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کرے گا — وزیراعظم

وزیراعظم کی صدر مملکت سے ملاقات، یوم آزادی کی مبارکباد، وطن عزیز سے دہشت گردی کے ناسور کے مکمل خاتمے کے عزم کا اعادہ

صدر کی سعودی عرب ترکیہ اور پاکستان کے دیرینہ برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط تزویراتی شراکت داری میں ڈھالنے کیلئے وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کے کردار کی تعریف

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم محمد شہباز شریف نے داخلی اور خارجی امور سمیت فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کے خلاف کارروائیوں میں پاکستان کی مسلح افواج اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے وطن عزیز سے دہشت گردی کے ناسور کے مکمل خاتمے کے عزم کا اعادہ کیا ہے جبکہ وزیراعظم شہباز شریف نے صدر مملکت کو مکہ مکرمہ میں سعودی عرب، ترکیہ اور پاکستان کے مابین طے پانے والے (بقیہ 5 صفحہ 7 پر)

## عسکری و سیاسی قیادت کی شہداء اور غازیوں کے اہلخانہ سے خصوصی ملاقات

شہدا ہمارے ماتھے کا جھومر ہیں، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، صدر و وزیراعظم پاکستان کا شہدا اور غازیوں کے اہلخانہ کی ثابت قدمی اور ملک کیلئے قربانیوں کو خراج تحسین

عسکری و وفاقی قیادت کا شہدا کے لواحقین سے خصوصی ملاقات اس عزم کی عکاس ہے کہ قوم ہر موقع پر اپنے شہدا کی قربانیوں کو یاد رکھتی ہے

اسلام آباد (این این آئی) عسکری قیادت نے صدر مملکت اور وزیراعظم کے ساتھ شہدائے پاکستان کے اہلخانہ سے خصوصی ملاقات کی۔ یادگار فتح کی شاندار افتتاحی تقریب کے دوران فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، صدر و وزیراعظم پاکستان شہدا اور غازیوں کے اہلخانہ میں گھل مل گئے۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے شہدا کے لواحقین سے ملاقات میں واضح کیا کہ شہدا ہمارے ماتھے کا جھومر ہیں۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، صدر و وزیراعظم پاکستان نے شہدا اور غازیوں (بقیہ 8 صفحہ 7 پر)

## جب تک ایک پرچم تلے متحد ہیں کوئی ہمیں شکست نہیں دے سکتا، اسحاق ڈار

یوم آزادی پر ہم تحریک پاکستان کے قائدین اور کارکنوں کو بھی سلام پیش کرتے ہیں

پوری قوم شہداء کے ساتھ متحد کھڑی ہے اور ان کی خدمات اور قربانیوں کی تہہ دل سے معترف ہے، نائب وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے 80 ویں یوم آزادی کے پرمسرت موقع پر کہا ہے کہ میں پاکستان کے عوام، بیرون ملک مقیم اپنے ہم وطنوں اور اس تاریخی دن کی خوشیوں میں ہمارے ساتھ شریک تمام افراد کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد اور مخلصانہ نیک (بقیہ 7 صفحہ 7 پر)

## پیپلز پارٹی جمہوری جماعت، عوامی خدمت کا بیڑہ اٹھا رکھا ہے، بلاول بھٹو

آزادی صرف سرزمین حاصل کرنے کا نام نہیں، یہ حقوق کا وعدہ تھا، پاکستان کے

2047 تک آئینی وعدہ ہر گھر تک پہنچانا ہماری نسل کی ذمہ داری ہے

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ آزادی صرف سرزمین حاصل کرنے کا نام نہیں بلکہ یہ پاکستان کے عوام، علاقوں اور ریاستوں سے حقوق کا وعدہ تھا، جسے آئین میں شامل کیا گیا، اب ہماری نسل کی ذمہ داری ہے کہ 2047ء تک اس آئینی وعدے کو ہر گھر تک پہنچائے۔ یوم آزادی کے موقع پر اپنے ویڈیو پیغام میں بلاول بھٹو زرداری نے پوری قوم کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان کو آزا (بقیہ 6 صفحہ 7 پر)

چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

## یوم آزادی جوش و خروش سے منایا گیا، ہر طرف سبز ہلالی پرچموں کی بہار، پاکستان زندہ باد کے نعرے، امن، یکجہتی اور خوشحالی کیلئے خصوصی دعائیں

جنرل ہیڈ کوارٹر اور مسلح افواج کے تمام ہیڈ کوارٹرز میں پرچم کشائی، دفاع، سلامتی اور خودمختاری کیلئے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہدا کو زبردست خراج عقیدت پیش

پاکستان کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے تحفظ کیلئے افواج ہر وقت تیار ہیں اور قوم کے ساتھ مل کر امن و استحکام کیلئے اپنا کردار ادا کرتی رہیں گی، آئی ایس پی آر

اسلام آباد / کراچی / لاہور / پشاور / کوئٹہ / مظفر آباد / گلگت (این این آئی) آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان سمیت پاکستان بھر میں 79 واں جشن آزادی ملی جوش و جذبے کے ساتھ منایا گیا اس سلسلے میں دن کا آغاز روایتی انداز میں توپوں کی سلامی اور نماز فجر کے بعد ملک کی ترقی، یکجہتی، امن اور خوشحالی کیلئے خصوصی دعاؤں سے ہوا، مساجد میں نماز فجر کے بعد ملکی سلامتی اور استحکام کے لیے خصوصی دعائیں بھی کی گئیں، وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں 31 جبکہ صوبائی دارالحکومتوں میں 21، 21 توپوں کی سلامی دی گئی، توپوں کی سلامی کے دوران اسلام آباد کی فضا اللہ اکبر کے نعروں سے گونج اٹھی۔ دریں اثناء کراچی، لاہور، کوئٹہ (بقیہ 9 صفحہ 7 پر)

وزیراعظم شہباز شریف صدر مملکت آصف علی زرداری سے ملاقات کر رہے ہیں

## 14 اگست ہمیں امن، اتحاد، خودداری کی یاد دلاتا ہے — فضل الرحمان

ہمیں ایک قوم بن کر زندگی گزارنی تھی، 79 سال گزرنے کے باوجود ہم ایک قوم نہیں بن سکے

معیشت کی بات کرنے والے، محرومیت کا شکار ہیں، جمہوریت کی بات کرنے والے مایوس بیٹھے ہوئے ہیں، سربراہ جے یو آئی کا پیغام

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن نے کہا ہے کہ 1947ء میں اتحاد، تنظیم اور یقین محکم کی بنیاد پر پاکستان معرض وجود میں آیا، ہمیں ایک قوم بن کر زندگی گزارنی تھی، 79 سال گزرنے کے باوجود ہم ایک قوم نہیں بن سکے، معیشت کی (بقیہ 12 صفحہ 7 پر)

## یوم آزادی، ایمان، آزادی، قومی عزم کی علامت ہے، چیئرمین سینیٹ

پنجاب، سندھ، خیبر پختونخوا، بلوچستان، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر پاکستان کے اتحاد کے رنگ ہیں

ملک کو درپیش چیلنجز پر قابو پانے کیلئے قومی اتحاد، قانون کی حکمرانی، میرٹ اور انصاف ضروری ہے، یوسف رضا گیلانی

چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے 80 ویں یوم آزادی پر یادگار پاکستان پر قومی پرچم لہرایا

سید یوسف رضا گیلانی نے قائداعظم محمد علی جناح اور تحریک پاکستان کے دوران جانیں قربان کرنے والوں کو خراج تحسین پیش کیا

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے (بقیہ نمبر 11 صفحہ 7 پر)

## کراچی یتیم نہیں، پاکستان اس شہر کی وجہ سے چل رہا ہے — مصطفیٰ کمال

ملک چلانے والوں کو بھی احساس ہو گیا کہ موجودہ طرز حکمرانی نہیں چل سکتا، جو ہمارے مسائل کا حل ہے وہی پاکستان کے مسائل کا حل ہے، وفاقی وزیر صحت

ہمارے پاس اپنی گلی محلوں تک کا اختیار نہیں، اگر کسی باپ کی آنکھوں کے سامنے اس کا جیتا جاگتا بچہ گٹر میں گر کر جاں بحق ہو جائے تو بھی ہم کچھ نہیں کر سکتے۔

کراچی (این این آئی) ایم کیو ایم پاکستان کے سینئر مرکزی رہنما و وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ بدقسمتی سے عوام کو حقیقی آزادی کے ثمرات حاصل نہیں ہو سکے، ملک کی بقا، ترقی اور خوشحالی کے لیے چھوٹے صوبوں کا قیام ناگزیر ہے، پاکستان کو چلانے والوں کو بھی احساس (بقیہ 10 صفحہ 7 پر)

## خلیج تعاون کونسل کی آبنائے ہرمز میں اماراتی ٹینکرز پر حملے کی مذمت

سیکرٹری جنرل کی جانب سے جاری تازہ بیان میں کسی ممکنہ جوابی کارروائی کا اعلان نہیں کیا گیا

ریاض (این این آئی) خلیج تعاون کونسل کے سیکرٹری جنرل جاسم محمد البدیوی نے آبنائے ہرمز میں متحدہ عرب امارات کی قومی تیل کمپنی سے تعلق رکھنے والے دو ٹینکرز پر حملے کی شدید مذمت کی ہے۔ جاسم محمد البدیوی نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری بیان میں کہا کہ بحری جہازوں، شپنگ تنصیبات اور املاک کو بار بار نشانہ بنانا ناقابل قبول اشتعال انگیزی ہے اور بین الاقوامی قانون کی سنگین خلا (بقیہ نمبر 13 صفحہ 7 پر)

## ناروے کے وزیر خارجہ کی وزیر داخلہ سے ملاقات

دو طرفہ تعلقات کے فروغ اور خطے کی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال

افغانستان کی سرزمین پاکستان میں دہشت گردی کیلئے مسلسل استعمال ہو رہی ہے، محسن نقوی

اسلام آباد (این این آئی) ناروے کے وزیر خارجہ اسپن بارتھ ایڈے (بقیہ نمبر 14 صفحہ 7 پر)

## حکومتی ہدف اور آئی ایم ایف تخمینے سے 100 ارب روپے زیادہ پیٹرولیم لیوی وصول

کلائمیٹ سپورٹ لیوی کی مد میں مزید 50 ارب 16 کروڑ روپے الگ سے قومی خزانے میں جمع کیے گئے

اسلام آباد (این این آئی) گزشتہ مالی سال 2025-26ء میں پیٹرولیم لیوی کی مد میں 1567 ارب 45 کروڑ روپے کی ریکارڈ وصولی ہوئی، جو حکومتی ہدف سے تقریباً (بقیہ نمبر 15 صفحہ 7 پر)

زہری فارم ہاؤس میں منعقد تقریب سے پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سینئر نائب صدر سابق صوبائی وزیر میر علی حسن زہری، سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری، ایم پی اے سندھ اسمبلی لیاقت آسکانی، ایم پی اے سندھ اسمبلی آصف موسیٰ، ایم پی اے سندھ اسمبلی علی احمد، پیپلز پارٹی ضلع حب کے صدر شریف پالاری، پیپلز پارٹی ڈویژنل کے صدر جمیل بادینی و دیگر خطاب کر رہے ہیں

## پاک فوج ہمارے سر کا تاج ہے جن کی وجہ سے آج ہم محفوظ ہیں — میر علی حسن زہری

پہاڑوں پر جانیوالے نوجوان گمراہ کن باتوں سے نکل کر ریاست پاکستان کی تعمیر و ترقی میں حصہ ڈالیں، چیف آف آرمی اسٹاف فیلڈ مارشل حافظ سید عاصم منیر کی قیادت میں افواج کا پوری دنیا میں وقار بلند ہوا ہے

پاکستان پیپلز پارٹی کا جنازہ نکالنے والوں کی اپنی پارٹی کا جنازہ نکل چکا ہے، ہمارا مسلم لیگ (ن) کے ساتھ ڈھائی ڈھائی سال معاہدہ ہوا اگلا وزیراعظم بلاول بھٹو ہوں گے

حب (نمائندہ بولان) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سینئر صوبائی نائب صدر سابق صوبائی وزیر اور صدر آصف علی زرداری کے ترجمان برائے بلوچستان میر علی حسن زہری نے (بقیہ 16 صفحہ 7 پر)

## آبنائے ہرمز میں تیل بردار ٹینکر پر ڈرون حملہ، جہاز کو نقصان، عملہ محفوظ

حملے کے باوجود ٹینکر سے تیل یا کسی دوسرے مواد کے اخراج کی اطلاع سامنے نہیں آئی

لندن (این این آئی) برطانیہ کی میری ٹائم ٹریڈ آپریشنز ایجنسی نے اطلاع دی ہے کہ ایک روز قبل آبنائے ہرمز سے گزرنے والے ایک تیل بردار ٹینکر کو ڈرون حملے کا نشانہ بنایا گیا، جس کے نتیجے میں جہاز کو معمولی نقصان پہنچا تاہم کسی شخص کے زخمی یا ہلاک ہونے کی اطلاع نہیں ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ایجنسی نے بتایا کہ اسے فوجی حکام کی جانب سے اطلاع موصول ہوئی کہ آبنائے ہرمز سے (بقیہ 17 صفحہ 7 پر)

## سپریم کورٹ میں یوم آزادی کی تقریب، چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے قومی پرچم لہرایا

معاشرے کے کمزور اور محروم طبقات کے لیے انصاف قابل رسائی، بروقت اور بامعنی ہونا چاہیے،

ریاستی اداروں پر شہریوں کا اعتماد مضبوط بنانا ہماری ذمہ داری ہے، چیف جسٹس کا تقریب سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ میں یوم آزادی کے موقع (بقیہ نمبر 18 صفحہ 7 پر)

## نادرا نے کیو آر کوڈ پر مبنی نیا قومی شناختی کارڈ متعارف کرا دیا

ٹیلی کام کمپنیاں، بینکوں، اسپتالوں، ریلوے، پولیس، دیگر مجاز اداروں کو کیو آر کوڈ تصدیق کا سافٹ ویئر فراہم کیا جائے گا

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل ڈیٹابیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی (نادرا) نے پاکستان میں تیار کردہ کیو آر کوڈ پر مبنی نیا قومی شناختی کارڈ متعارف کرا دیا۔ نادرا اعلامیے کے مطابق (بقیہ نمبر 19 صفحہ 7 پر)

## بلوچستان کی ترقی اور خوشحالی کیلئے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے — ثمینہ ممتاز زہری

پاکستان ہمارے بزرگوں کی قربانیوں کی بدولت حاصل ہوا آج کی آزادی کا دن پاکستان کے کونے کونے میں رہنے والوں کی آزادی کا دن ہے

بلوچستان پاکستان کا دل ہے، سیکیورٹی فورسز، مزدوروں اور محبت کشوں پر حملہ کرنے والے اور بلوچستان کا امن تباہ کرنے والے بلوچستان کے محافظ نہیں ہو سکتے

حب (نمائندہ بولان) سینیٹ کی انسانی حقوق قائمہ کمیٹی کی چیئرپرسن سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا ہے کہ پاکستان ہمارے بزرگوں کی قربانیوں کی بدولت حاصل ہوا آج کی آزادی کا دن پاکستان کے کونے کونے میں رہنے والوں کی آزادی کا دن ہے، بلوچستان پاکستان کا دل ہے، سیکیورٹی فورسز، مزدوروں اور محبت کشوں پر حملہ کرنے والے اور بلوچستان کا امن تباہ کرنے والے بلوچستان کے محافظ نہیں ہو سکتے، بلوچستان کا سکون، روزگار تباہ کرنے والے ہمارے دوست بھی نہیں ہو سکتے، بلوچستان کی ترقی و خوشحالی کیلئے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے ان خیالات کا اظہار زہری فارم ہاؤس میں جشن آزادی کی مناسبت سے (بقیہ 28 صفحہ 7 پر)

وفاقی وزیر جنید انور چوہدری مزار قائد پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

## پاکستان کا قرضہ 6.7 فیصد بڑھ کر 760 کھرب روپے سے متجاوز

پاکستان کے بیرونی قرضوں میں کمی کے بعد پھر سے اضافہ 3 ماہ میں 1242 ارب روپے سے زائد بڑھ گئے

تین ماہ میں حکومت کے قرضوں میں مجموعی طور پر 3112 ارب روپے کا اضافہ ریکارڈ ہوا، اعداد و شمار جاری

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کے بیرونی قرضوں میں کمی کے بعد پھر سے اضافہ شروع ہو گیا، 3 ماہ کے دوران ملک کے بیرونی قرضوں میں 1242 ارب روپے سے زائد کا اضافہ ہو گیا۔ دستاویزات کے مطابق تین ماہ میں حکومت کے قرضوں میں مجموعی طور پر 3112 ارب روپے کا اضافہ ریکارڈ ہوا جس میں سے 1242 ارب روپے کے بیرونی قرض بھی شامل ہیں جبکہ حکومت کے ملکی قرضوں میں 1870 ارب روپے سے زائد کا اضافہ ریکارڈ ہوا۔ حکومت کے ملکی مجموعی قرضے 59 ہزار 441 ارب روپے تک پہنچ گئے ہیں، مارچ 2026 تک پاکستان کا مجموعی بیرونی قرض 22 ہزار 958 ارب روپے تھا، جون 2026 (بقیہ 20 صفحہ 7 پر)

## پاکستان کیساتھ تعلقات دوستانہ بنیادوں پر کامیابی سے فروغ پا رہے ہیں، روسی صدر

روسی صدر پوٹن نے پاکستان کے یوم آزادی پر صدر آصف زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف کو مبارکباد بھی پیش کی

ماسکو (این این آئی) روسی صدر ولادیمیر پیوٹن نے پاکستان کے 79 ویں یوم آزادی کے موقع پر صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم شہباز شریف اور عوام کو مبارکباد دیتے ہوئے جذبہ خیرسگالی کا اظہار کیا ہے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق روسی صدر نے اپنے پیغام میں کہا کہ پاکستانی عوام کے لیے امن، خوشحالی اور کامیابی کی نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دونوں ملکوں کے درمیا (بقیہ 27 صفحہ 7 پر)

## مولانا فضل الرحمان کی بیرسٹر گوہر کی رہائش آمد، والدہ کی وفات پر تعزیت

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علما اسلام (جے یو آئی) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر علی خان کی رہائش گاہ گئے جہاں انہوں نے بیرسٹر گوہر علی (بقیہ 26 صفحہ 7 پر)

## وفاقی حکومت پیٹرولیم ڈیلرز کے دباؤ میں آ گئی، منافع بڑھانے کی منظوری

وفاقی وزیر خزانہ کی زیر صدارت اجلاس میں تبادلہ خیال کیا گیا اور پیٹرولیم ڈیلرز کا منافع بڑھا دیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت منافع بڑھانے کیلئے پیٹرولیم ڈیلرز کے دباؤ میں آ گئی اور کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی (ای سی سی) نے پیٹرولیم مصنوعات پر نظرثانی کی منظوری دیتے ہوئے پیٹرولیم ڈیلرز کا مارجن بڑھا کر 9.98 روپے فی لیٹر تک کر دیا ہے۔ وزارت خزانہ کی جانب سے جاری تفصیلات میں بتایا گیا ہے کہ وفاقی وزیر خزانہ و محصولات محمد اورنگزیب کی زیر صدارت اقتصا (بقیہ 23 صفحہ 7 پر)

## محسن نقوی کی بیرسٹر گوہر سے ملاقات، والدہ کے انتقال پر تعزیت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر سے ان کی رہائشگاہ پر ملاقات کی۔ محسن نقوی نے بیرسٹر گوہر سے ان کی والدہ کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا اور مرحومہ کیلئے فاتحہ خوانی بھی (بقیہ نمبر 22 صفحہ 7 پر)

## گزشتہ مالی سال میں پیٹرولیم لیوی کی مد میں 1567 ارب 45 کروڑ روپے وصول کرنے کا انکشاف

پیٹرولیم لیوی کی مد میں حکومت نے اپنے اور آئی ایم ایف کے مقررہ کردہ ہدف سے زیادہ وصولی کی ہے، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت کی جانب سے گزشتہ مالی سال 2025-26 کے دوران پیٹرولیم لیوی کی مد میں مجموعی طور پر 1567 ارب 45 کروڑ روپے کی وصولی کی گئی ہے اور اس وقت پیٹرول پر فی لیٹر 80 روپے پیٹرولیم لیوی وصول کی جا رہی ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ پیٹرولیم لیوی کی وصولی حکومتی ہدف اور عالمی مالیاتی ادارہ (آئی ایم ایف) کے تخمینے سے بھی زیادہ رہی اور کلائمیٹ سپورٹ (بقیہ 21 صفحہ 7 پر)

وفاقی وزیر احسن اقبال تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

## ایران کی بحری ناکہ بندی کی امریکی دھمکی، تیل کی قیمتیں پھر اوپر چلی گئیں

واشنگٹن / تہران (این این آئی) امریکا کی جانب سے ایران کی بحری ناکہ بندی غیر معینہ مدت تک جاری رکھنے کی دھمکی کے بعد عالمی مارکیٹ میں تیل کی قیمتوں میں معمولی اضافہ ہو گیا ہے، ایران سے خام تیل کی سپلائی متاثر ہونے کے خدشات نے گزشتہ روز قیمتوں میں آنے والی (بقیہ نمبر 25 صفحہ 7 پر)

## 79 برس گزرنے کے باوجود پاکستان پر کرپٹ ٹولہ قابض ہے — حافظ نعیم الرحمن

پاکستانی مصنوعات کسی لحاظ سے پیچھے نہیں، پالیسی درست اور صنعتوں کو سہولیات دینا ہوں گی

میرا برانڈ پاکستان کو مسلم ممالک تک لیکر جائیں گے، نومبر میں اسلام آباد میں نمائش ہو گی، امیر جماعت کا ترکی، بنگلہ دیش سمیت دیگر ممالک میں بھی انعقاد کا اعلان

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ میرا برانڈ پاکستان محض ایک نمائش نہیں بلکہ ایک نظریہ ہے، پاکستانی مصنوعات کسی بھی لحاظ سے دنیا کی مصنوعات سے پیچھے نہیں، ضرورت صرف پالیسیوں کو درست کرنے، صنعتوں کو سہولیات فراہم کرنے، پید (بقیہ 24 صفحہ 7 پر)

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اور آئی جی پولیس طاہر خان جشن آزادی کے موقع پر پرچم کشائی کی تقریب میں شریک ہیں

# موجودہ حالات میں قومی اتفاق رائے کی اشد ضرورت ہے، طارق فضل

## پاکستان ایران اور امریکا کے درمیان تنازع کو پرامن طریقے سے حل کرنے کی سفارتی کوششوں میں فعال کردار ادا کر رہا ہے

**پاکستان تحریک انصاف اپنا سیاسی ایجنڈا جمہوری طریقوں سے آگے بڑھائے، پاکستان کو محاذ آرائی، تشدد اور تقسیم کے بجائے سیاسی استحکام، اتحاد اور اقتصادی ترقی کی ضرورت ہے، یوم آزادی کی تقریب سے خطاب**

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے پاکستان تحریک انصاف پر زور دیا ہے کہ وہ اپنا سیاسی ایجنڈا جمہوری طریقوں سے آگے بڑھائے کیونکہ سیاسی جماعتوں کے آئینی حقوق عام شہریوں کے حقوق اور روزمرہ زندگی کی قیمت پر استعمال نہیں کیے جا سکتے۔ جمعہ کو یہاں یوم آزادی کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان کو محاذ آرائی، تشدد اور تقسیم کے بجائے سیاسی استحکام، اتحاد اور اقتصادی ترقی کی ضرورت ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ تمام سیاسی جماعتوں کو اپنے نظریات، پروگرامز اور آئینی آزادیوں کا حق حاصل ہے تاہم کسی گروہ کو امن وامان میں خلل ڈالنے یا شہریوں کی معمول کی سرگرمیاں انجام دینے سے روکنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔ اسلام آباد میں پی ٹی آئی کے سابقہ احتجاج کا حوالہ دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ دارالحکومت کے رہائشیوں کو بھی آئینی حقوق حاصل ہیں جن میں کام کی جگہوں، بازاروں، ہسپتالوں اور تعلیمی اداروں تک رسائی شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ایسی کسی سیاسی سرگرمی کی اجازت نہیں دے گی جس سے دارالحکومت میں امن وامان کی صورتحال پیدا ہو۔ انہوں نے پی ٹی آئی کے سابقہ احتجاج کے دوران رینجرز کے چار اہلکاروں کی شہادت کا حوالہ دیا۔ ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا کہ پاکستان کی سیاسی تاریخ ظاہر کرتی ہے کہ سیاسی جماعتوں کے درمیان طویل محاذ آرائی سے کوئی قومی مفاد حاصل نہیں ہوا۔ 1980 اور 1990 کی دہائیوں میں مسلم لیگ (ن) اور پاکستان پیپلز پارٹی کے درمیان سیاسی رقابت کا حوالہ دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ دونوں فریقوں نے بالآخر ایک دوسرے کے سیاسی وجود کا احترام کرنے اور سیاسی مقابلے کو جمہوری میدان تک محدود رکھنے کی ضرورت کو تسلیم کیا۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی نے تقسیم کی سیاست کو فروغ دیا ہے اور ملک کے نوجوانوں کو سیاسی نفرت اور تقسیم کا شکار نہیں ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی 60 فیصد سے زائد آبادی نوجوانوں پر مشتمل ہے جو ایک بڑا قومی اثاثہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان کی توانائیوں کو تعلیم، روزگار، ٹیکنالوجی، کاروبار اور قومی ترقی کی جانب مرکوز کیا جانا چاہیے۔ وفاقی وزیر نے آزاد جموں و کشمیر میں حالیہ انتخابات کی ساکھ پر سوال اٹھانے پر پاکستان پیپلز پارٹی کو بھی تنقید کا نشانہ بنایا۔ انہوں نے کہا کہ انتخابات شفاف اور قابل اعتماد تھے اور انتخابی بے ضابطگیوں سے متعلق انفرادی شکایات کو پورے عمل کو بدنام کرنے کے بجائے متعلقہ انتخابی اور قانونی طریقہ کار کے ذریعے حل کیا جانا چاہیے۔ ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) نے خود حلقہ حویلی کے حوالے سے تحفظات اٹھائے تھے اور آزاد جموں وکشمیر الیکشن کمیشن سے معاملہ میرٹ پر طے کرنے کا مطالبہ کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ سیاسی جماعتیں پورے انتخابی عمل کو چیلنج کیے بغیر جمہوری اور آئینی فورمز کے ذریعے انتخابی اعتراضات اٹھا سکتی ہیں۔ وفاقی وزیر نے اعتماد کا اظہار کیا کہ آزاد جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی آئندہ ہفتے اجلاس منعقد کرے گی اور اس کے بعد مسلم لیگ (ن) کی قیادت میں نئی حکومت تشکیل پائے گی۔ انہوں نے سیاسی جماعتوں پر زور دیا کہ وہ آزاد جموں وکشمیر میں امن کو متاثر کرنے والے بیانات یا اقدامات سے گریز کریں اور کہا کہ سیاسی مقابلہ جمہوری ذرائع سے کیا جانا چاہیے۔ ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا کہ پاکستان ایران اور امریکا کے درمیان تنازع کو پرامن طریقے سے حل کرنے کی سفارتی کوششوں میں فعال کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی جانب سے مذاکرات کے ذریعے پائیدار حل کے لیے کوششیں جاری رہیں گی

## ملاکنڈ ڈویژن میں بدامنی اور ٹیکس کا نفاذ کسی صورت قبول نہیں، عنایت اللہ خان

سوات (این این آئی) امیر جماعت اسلامی خیبر پختونخوا شمالی عنایت اللہ خان نے کہا ہے کہ پاکستان لا الہ الا اللہ کے نام پر آزاد ہوا، لیکن آج بھی عوام حقیقی آزادی سے محروم ہیں، ایک مخصوص طبقہ ملک پر مسلط ہے اور لوٹ مار کا بازار گرم ہے، بجلی، لیوی، ٹیکسز اور پیٹرول سمیت مختلف مدات میں عوام سے اربوں روپے وصول کیے

## محمد ایوب ملاح کو سول ہسپتال میں داخل کروا دیا گیا

**محمد ایوب ملاح کو ایک طرف پتے میں پتھریاں جبکہ دوسری جانب آنت میں زخم ہے**

ٹھٹھہ (رپور واحد شورو) ٹھٹھہ کے سینئر صحافی اور سندھ ملاح فورم ٹھٹھہ کے رہنما محمد ایوب ملاح کی گزشتہ چند روز سے ایک بار پھر طبیعت خراب ہونے کے باعث انہیں سول اسپتال مکلی کے سرجیکل وارڈ میں داخل کرایا گیا ہے۔ ڈاکٹروں کے مطابق محمد ایوب ملاح کو ایک طرف پتے میں پتھریاں جبکہ دوسری جانب آنت میں زخم ہے، جس کے باعث ان کی تکلیف میں بھی اضافہ ہو گیا ہے۔ ڈاکٹروں نے انہیں جلد از جلد پتے کی پتھریوں کا آپریشن کرانے کا مشورہ دیا ہے۔ دوسری جانب سول اسپتال مکلی کے سرجیکل وارڈ میں ڈاکٹر داد ہیلایو، ملاح رہنما محمد خان ملاح، محمد صدیق ملاح، مشتاق علی ملاح، غلام قادر میر بحر، منظور میر بحر، پیپلز پارٹی کے رہنما سہیل احمد پلیجو، عبدالعزیز عمرانی، درگاہ امیر شاہ جیلانی کے خادم غلام قادر جوکھیو، ان کے فرزند صدام حسین جوکھیو، حاجی صالح محمد میرانی سمیت دیگر افراد نے صحافی محمد ایوب ملاح کی عیادت کی، ان سے اظہارِ ہمدردی کیا

گوادر، بچے اور بچیاں جوش وجذبے سے یوم آزادی منا رہے ہیں

## موٹروے پولیس ساؤتھ زون میں 79 واں یوم آزادی ملی جوش وجذبے سے منایا گیا

کراچی (این این آئی) نیشنل ہائی وے اینڈ موٹروے پولیس ساؤتھ زون میں پاکستان کا 79 واں یوم آزادی ملی جوش وجذبے اور قومی جذبے کے ساتھ منایا گیا۔ اس سلسلے میں ساؤتھ زون کے تمام دفاتر میں جشنِ آزادی کی خصوصی تقریبات کا انعقاد کیا گیا، جبکہ مرکزی تقریب زونل آفس کراچی میں منعقد ہوئی۔ تقریب میں ڈی آئی جی ساؤتھ زون جاوید اکبر ریاض نے بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی

## یوم آزادی پر دفاع پاکستان ونگ ضلع ٹھٹھہ کی ریلی

**سول سوسائٹی کے نمائندگان، صحافی حضرات، سیاسی وسماجی شخصیات اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی**

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) دفاعِ پاکستان ونگ ضلع ٹھٹھہ کی ریلی دفاعِ پاکستان ونگ ضلع ٹھٹھہ کی جانب سے یومِ آزادی پاکستان کے موقع پر سید الطاف حسین شاہ شیرازی کی سرپرستی میں ایدھی سینٹر ٹھٹھہ سے ایک شاندار ریلی نکالی گئی۔ ریلی میں سول سوسائٹی کے نمائندگان، صحافی حضرات، سیاسی وسماجی شخصیات اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ ریلی کے شرکا نے ہاتھوں میں قومی پرچم اٹھا رکھے تھے اور پاکستان زندہ باد، پاک فوج زندہ باد اور کشمیر بنے گا پاکستان کے فلک شگاف نعرے لگائے۔ شرکا نے وطنِ عزیز کی سلامتی، استحکام اور خوشحالی کے لیے اپنے عزم کا اظہار کیا۔ اس موقع پر سید الطاف حسین شاہ شیرازی نے کہا کہ پاکستان بڑی قربانیوں کے بعد حاصل کیا گیا، ہمیں اپنے وطن کی سلامتی، خودمختاری اور ترقی کے لیے متحد ہو کر کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ دفاعِ پاکستان صرف فوج کی ذمہ داری نہیں بلکہ ہر پاکستانی کا قومی فریضہ ہے۔

سوراب، ڈپٹی کمشنر صاحبزادہ نجیب اللہ یوم آزادی کے موقع پر نکالی گئی ریلی کی قیادت کر رہے ہیں

## مصر مکہ نے دفاعی معاہدے میں شمولیت پر غور شروع کر دیا

قاہرہ (این این آئی) مصر نے پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان طے پانے والے مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے میں شمولیت پر سنجیدگی سے غور شروع کر دیا ہے۔ مصری وزیر خارجہ بدر عبدالعاطی نے کہا کہ مصر کے پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ تینوں ممالک کے ساتھ گہرے اور خصوصی تعلقات ہیں جو صرف سیاسی شعبے تک محدود نہیں۔ مکہ دفاعی معاہدے میں شمولیت سے متعلق سوال پر بدر عبدالعاطی نے کہا کہ مصر شروع ہی سے مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے سے آگاہ ہے

## حیدرآباد بورڈ: میٹرک سائنس گروپ میں طالبات کا شاندار مظاہرہ، ٹاپ ٹین میں 8 پوزیشنیں حاصل

حیدرآباد (این این آئی) ثانوی و اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ حیدرآباد نے دسویں جماعت سائنس اور جنرل گروپ کے سالانہ امتحانات 2026 کے نتائج کا اعلان کر دیا، جس کے مطابق سائنس گروپ کی ٹاپ تھری پوزیشنز میں سے دو طالبات نے حاصل کیں، جبکہ مجموعی طور پر ٹاپ ٹین میں 8 پوزیشنز طالبات کے حصے میں آئیں۔

## ضلع کونسل بدین اور جیم خانہ بدین میں پروقار تقریبات کا انعقاد

**صدر پاکستان پیپلز پارٹی ضلع بدین جام علی اصغر ہالیپوٹو نے ایس ایس پی بدین قمر رضا جسکانی کے ہمراہ قومی پرچم لہرا کر تقریب کا باقاعدہ افتتاح کیا**

بدین (نامہ نگار) پاکستان کے 79 ویں یومِ آزادی کے موقع پر ضلع کونسل بدین اور جیم خانہ بدین میں پروقار تقریبات کا انعقاد کیا گیا، ضلع کونسل بدین کی تقریب میں چیئرمین ضلع کونسل بدین وصدر پاکستان پیپلز پارٹی ضلع بدین جام علی اصغر ہالیپوٹو نے ایس ایس پی بدین قمر رضا جسکانی کے ہمراہ قومی پرچم لہرا کر تقریب کا باقاعدہ افتتاح کیا تقریب میں وائس چیئرمین ضلع کونسل اور تعلقہ صدر پاکستان پیپلز پارٹی بدین فدا حسین منگھریو، چیف آفیسر ضلع کونسل اشوک کمار، ڈی ایس پی بدین شکیل احمد سولنگی، ڈپٹی ڈائریکٹر اطلاعات سرفراز سموں، محکمہ تعلیم کے فوکل پرسن محمد خان سموں سمیت مختلف محکموں کے افسران، سیاسی وسماجی شخصیات اور معزز شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی قومی پرچم کشائی کے بعد سندھ پولیس کے چاق و چوبند دستے نے سلامی پیش کی جبکہ مارچ پاسٹ کے ذریعے قومی پرچم کو بھرپور عقیدت اور احترام پیش کیا گیا۔ تقریب کے شرکا نے ملکی سلامتی، قومی یکجہتی، امن، ترقی اور خوشحالی کے لیے خصوصی دعائیں بھی کیں اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے چیئرمین ضلع کونسل بدین جام علی اصغر ہالیپوٹو نے کہا کہ یومِ آزادی ہماری قومی تاریخ کا ایک عظیم دن ہے جو ہمیں اپنے اکابرین کی جدوجہد، قربانیوں اور پاکستان کے قیام کے لیے دی گئی لازوال خدمات کی یاد دلاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ضلع بدین کی عوام کی جانب سے پاک فوج، صدرِ پاکستان آصف علی زرداری، چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری، پارٹی کارکنان اور دنیا بھر میں مقیم تمام پاکستانیوں کو دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں انہوں نے کہا کہ ملک کی ترقی، استحکام اور سلامتی کے لیے قومی اتحاد اور یکجہتی ناگزیر ہے۔ اگر ہم سب مل کر قومی مفادات کے تحفظ اور وطن کی ترقی کے لیے کام کریں تو کوئی بھی دشمن پاکستان کی طرف میلی آنکھ سے دیکھنے کی جرات نہیں کر سکتا جام علی اصغر ہالیپوٹو نے مزید کہا کہ پاکستان کی آزادی ہمارے بزرگوں اور شہدا کی بے مثال قربانیوں کا ثمر ہے۔ آج ہم آزاد فضا میں سانس لے رہے ہیں تو اس کے پیچھے لاکھوں قربانیوں کی داستانیں پوشیدہ ہیں۔ اس عظیم دن پر ہم اپنے شہدا کو سرخ سلام پیش کرتے ہیں اور ان کے مشن کو آگے بڑھانے کے عزم کا اعادہ کرتے ہیں جشنِ آزادی کے حوالے سے اسکول کے بچوں نے رنگا رنگ پروگرام پیش کیا، جس میں وطن سے محبت اور قومی جذبے کو اجاگر کرنے والی تقاریر، ٹیبلو اور ملی نغمے پیش کیے گئے۔ طلبہ نے اپنی شاندار کارکردگی کے ذریعے حاضرین سے بھرپور داد وصول کی۔ ملی نغموں اور قومی گیتوں پر شرکا نے پاکستان زندہ باد کے نعرے لگا کر اپنی حب الوطنی کا اظہار کیا دوسری جانب ملک بھر کی طرح ضلع بدین میں بھی جشنِ آزادی بھرپور جوش و جذبے کے ساتھ منایا گیا۔

لورالائی جشن آزادی، ڈویژنل پبلک اسکول میں 79 واں یومِ آزادی کی تقریب

## کراچی میں نادرا ایگزیکٹو عائشہ منزل کا باقاعدہ افتتاح، 25 لاکھ شہری مستفید ہوں گے

کراچی (این این آئی) نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی (نادرا) نے 79 ویں یوم آزادی کے موقع پر کراچی میں نادرا ایگزیکٹو عائشہ منزل کا باقاعدہ افتتاح کر دیا، نئے مرکز سے علاقے کے تقریباً 20 سے 25 لاکھ شہری مستفید ہوں گے۔ افتتاحی تقریب میں مہمان خصوصی رکن سندھ اسمبلی سید عادل عسکری، ٹاؤن چیئرمین نصرت اللہ، ڈائریکٹر جنرل نادرا عامر علی خان اور نادرا کے دیگر افسران نے شرکت کی۔ نادرا ایگزیکٹو عائشہ منزل میں شہریوں کو سہولت فراہم کرنے کے لیے 4 ون ونڈو کاؤنٹرز قائم کیے گئے ہیں،

## 14 اگست یومِ جشن آزادی پاکستان کا دن قومی جوش وجذبے کے ساتھ منایا گیا

**تقریب کا آغاز قومی ترانے سے کیا گیا جس کے بعد چاق وچوبند دستے کی جانب سے قومی پرچم کو سلامی پیش کی گئی**

قمبر علی خان (رپورٹ حافظ نور الحق) ملک بھر کی طرح ضلع قمبر شہدادکوٹ میں بھی 14 اگست یومِ جشنِ آزادی پاکستان کا دن قومی جوش و جذبے کے ساتھ منایا گیا۔ اس سلسلے میں مرکزی تقریب ڈپٹی کمشنر آفس قمبر میں منعقد ہوئی، جہاں ڈپٹی کمشنر قمبر شہدادکوٹ کامران حسین مشتاق اور ضلعی صدر پاکستان پیپلز پارٹی چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل حاجی قمرالدین گوپانگ نے مشترکہ طور پر قومی پرچم لہرایا تقریب کا آغاز قومی ترانے سے کیا گیا جس کے بعد چاق وچوبند دستے کی جانب سے قومی پرچم کو سلامی پیش کی گئی۔ اس کے علاوہ ڈی سی آفس قمبر کے احاطے میں پودے بھی لگائے گئے تقریب میں ضلعی انتظامیہ کے ماتحت مختلف سرکاری محکموں کے افسران اور اہلکاروں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر قمبر شہدادکوٹ کامران حسین مشتاق اور ضلعی صدر پاکستان پیپلز پارٹی چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل حاجی قمرالدین گوپانگ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان ہمارے بزرگوں کی لازوال قربانیوں، جدوجہد اور بے مثال کوششوں کے نتیجے میں وجود میں آیا، لہٰذا آزادی کی نعمت کی قدر کرنا اور ملک کی سلامتی، خودمختاری اور ترقی کے لیے اپنا کردار ادا کرنا ہم سب کی قومی ذمہ داری ہے

## پاکستان کے 79 ویں جشن آزادی کے سلسلے میں ضلعی کونسل بدین میں ایک پروقار تقریب

**ملک کی حفاظت کے لیے پاک فوج کے جوانوں کی قربانیاں بھی ناقابلِ فراموش ہیں**

ماتلی (رپورٹ دلمراد کمبوہ) پاکستان کے 79 ویں جشن آزادی کے سلسلے میں ضلعی کونسل بدین میں ایک پروقار تقریب منعقد ہوئی جس کی صدارت ضلعی چیئرمین اصغر ہالیپوتہ نے کی۔ تقریب میں ایم پی اے تنزیلہ قمبرانی، ایس ایس پی بدین قمر رضا جسکانی، اسسٹنٹ کمشنر راجیش کمار، وائس چیئرمین فدا حسین منرو، میونسپل کمیٹی کے چیئرمین پیر صالح محمد قریشی، مختلف ٹاؤن کمیٹیوں کے چیئرمین، ضلعی کونسل کے اراکین، پیپلز پارٹی کے رہنما، محکمہ تعلیم کے افسران، اساتذہ، طلبہ، سماجی رہنماں اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تقریب کے دوران طلبہ وطالبات نے ملی نغمے پیش کیے اور تقاریر کے ذریعے وطن سے محبت اور آزادی کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ اس موقع پر ضلعی چیئرمین اصغر ہالیپوتہ اور ایس ایس پی بدین قمر رضا جسکانی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج ہم اپنے عظیم ملک کی آزادی کا دن منا رہے ہیں۔ پاکستان بے شمار قربانیوں اور طویل جدوجہد کے بعد حاصل ہوا۔ ملک کی حفاظت کے لیے پاک فوج کے جوانوں کی قربانیاں بھی ناقابلِ فراموش ہیں۔ ان قربانیوں کی بدولت ہم آزاد فضا میں سانس لے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اللہ تعالیٰ کی جانب سے ہمارے لیے ایک عظیم نعمت اور تحفہ ہے، دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمارے پیارے وطن کو ہمیشہ سلامت، مضبوط اور خوشحال رکھے

اسسٹنٹ کمشنر سٹی کوئٹہ امیر حمزہ جشن آزادی کی مناسبت سے نکالی گئی ریلی کے موقع پر سیکورٹی انتظامات کا معائنہ کر رہے ہیں

## سوراب بازار میں چوری کی وارداتیں، پولیس کی کارکردگی پر سوالیہ نشان، بی این پی سوراب

**سوراب شہر میں امن وامان کی صورتحال دن بدن ابتر ہوتی جا رہی ہے، بلوچستان نیشنل پارٹی**

سوراب (نامہ نگار) بلوچستان نیشنل پارٹی) بی این پی (سوراب کے ضلعی ترجمان نے سوراب بازار میں گزشتہ شب دو دکانوں کے تالے توڑ کر چوری کی وارداتوں پر شدید تشویش اور مذمت کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں ضلعی ترجمان نے کہا کہ سوراب شہر میں امن وامان کی صورتحال دن بدن ابتر ہوتی جا رہی ہے گزشتہ شب نامعلوم چوروں نے دو دکانوں کے تالے توڑ کر تاجروں کا قیمتی سامان اور نقدی چوری کر لی، جو انتظامیہ اور پولیس کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے۔ انہوں نے کہا کہ تاجر دن رات محنت کر کے اپنا کاروبار چلاتے ہیں تاہم رات کے اوقات میں چور آزادانہ طور پر بازار میں گھومتے اور دکانوں کے تالے توڑتے ہیں جبکہ پولیس خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے اگر مرکزی بازار بھی محفوظ نہیں تو عام شہری اپنے جان و مال کے تحفظ کی امید کس سے رکھیں؟ ضلعی ترجمان نے ضلعی انتظامیہ اور پولیس سے مطالبہ کیا کہ چوری کی وارداتوں میں ملوث عناصر کو فوری گرفتار کر کے مسروقہ سامان برآمد کیا جائے، تاجروں کے نقصانات کا ازالہ کیا جائے اور سوراب بازار سمیت پورے ضلع میں مؤثر پولیس گشت اور سیکیورٹی کا نظام یقینی بنایا جائے۔

## پولیس گراؤنڈ مکلی میں جشن آزادی کی پروقار تقریب

**ملک بھر کی طرح ضلع ٹھٹھہ میں بھی پاکستان کا 79 واں جشنِ آزادی قومی جوش وجذبے اور شایانِ شان انداز میں منایا گیا**

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) پولیس گراؤنڈ مکلی میں جشنِ آزادی کی پروقار تقریب، ڈپٹی کمشنر اور ایس ایس پی نے پرچم کشائی کی۔ ملک بھر کی طرح ضلع ٹھٹھہ میں بھی پاکستان کا 79 واں جشنِ آزادی قومی جوش وجذبے اور شایانِ شان انداز میں منایا گیا۔ اس سلسلے میں پولیس گراؤنڈ مکلی میں پروقار تقریب منعقد ہوئی، جس میں ڈپٹی کمشنر ٹھٹھہ سرمد علی بھاگت اور ایس ایس پی ساجد امیر سدوزئی نے دیگر ضلعی افسران کے ہمراہ پرچم کشائی کی۔ تقریب کے آغاز پر پولیس کے چاق وچوبند دستے نے پریڈ پیش کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر اور ایس ایس پی کو سلامی دی، جبکہ قومی ترانے کے موقع پر شرکا احتراماً کھڑے ہو گئے اور وطنِ عزیز سے اپنی والہانہ محبت اور عقیدت کا اظہار کیا۔ تقریب میں مختلف سرکاری ونجی اسکولوں کے طلبہ وطالبات نے ملی نغمے، ٹیبلوز، تقاریر اور کراٹے شو پیش کیے، جنہیں شرکا نے بھرپور داد دی۔ طلبہ وطالبات کی جانب سے پیش کیے گئے ملی نغموں اور ٹیبلوز نے تقریب کے قومی جذبے کو مزید اجاگر کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر ٹھٹھہ سرمد علی بھاگت نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آج ہم ایک آزاد ملک میں آزادی کی نعمت سے لطف اندوز ہو رہے ہیں، جو ہمارے لیے اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی نعمت ہے۔ ہمیں اپنے ان بزرگوں کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھنا چاہیے جنہوں نے پاکستان کے قیام کے لیے بے مثال جدوجہد اور قربانیاں دیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم سب پاکستانی ہیں اور ایک قوم ہیں، ہماری سب سے پہلی اور سب سے اہم شناخت پاکستانی ہونا ہے۔ جب تک ہم اپنے قومی پرچم کی حرمت، لاج اور عزت کو برقرار رکھیں گے، تب تک پاکستان اور پاکستانی قوم کا وقار بھی بلند رہے گا۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ جشنِ آزادی ہمیں اتحاد، یکجہتی، نظم وضبط اور حب الوطنی کا درس دیتا ہے۔ ہمیں اپنے ذاتی اور باہمی اختلافات کو بالائے طاق رکھتے ہوئے ملکی ترقی، خوشحالی، استحکام اور سلامتی کے لیے متحد ہو کر کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ آج کے دن ہمیں یہ عہد کرنا چاہیے کہ قیامِ پاکستان کے لیے ہمارے آباؤ اجداد نے جس عزم، جدوجہد اور قربانی کا مظاہرہ کیا، اس تسلسل کو آگے بڑھائیں گے اور وطنِ عزیز کی آزادی، خودمختاری اور سلامتی کے تحفظ کے لیے اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں ادا کریں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ نوجوان ملک کا مستقبل ہیں، انہیں تعلیم، نظم وضبط، محنت اور حب الوطنی کو اپنا شعار بناتے ہوئے پاکستان کو ایک مضبوط، ترقی یافتہ، خوشحال اور باوقار ملک بنانے میں اپنا بھرپور کردار ادا کرنا چاہیے۔ تقریب سے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ون عمران الحق، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ٹو ولید ڈاوچ، ایڈیشنل ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر خدا بخش بہرانی، ڈی ای ای پرائمری نور سرائی، ڈی ایس پی فضل قریشی اور دیگر افسران نے بھی خطاب کیا

## حسن سردار احمد خان نیازی کے احکامات پر منظم جرائم میں ملوث ملزمان کے خلاف کارروائیاں جاری

**روپوش و جواری ملزم گرفتار تاش اور نقدی برآمد - مقدمہ درج دوسری جانب برآمد شدہ موٹر سائیکل برآمد مالک کے حوالے**

شہدادکوٹ (شبیر کمبوہ) ایس ایس پی قمبر شہدادکوٹ حسن سردار احمد خان نیازی کے احکامات پر منظم جرائم میں ملوث ملزمان کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں روپوش و جواری ملزم گرفتار تاش اور نقدی برآمد - مقدمہ درج دوسری جانب برآمد شدہ موٹر سائیکل برآمد مالک کے حوالے ایس ایچ او تھانہ قمبر سٹی انسپکٹر رفیق احمد مغیری بمع اسٹاف کے دوران گشت خفیہ اطلاع پر نزد بروہی پمپ سے کارروائی تھانہ قمبر سٹی کے جوا کیس میں روپوش ملزم ساجد بروہی کو جوا کھیلتے گرفتار کر کے ان کے قبضے سے تاش کے پتے اور نقدی 1600 برآمد کر کے مقدمہ درج کر لیا ہے دوسری کارروائی میں ایس ایچ او تھانہ وارہ انسپکٹر رفیق احمد کھیڑو بمع اسٹاف نے چھاپا مار کارروائی میں شہری راول چانڈیو کی مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کر کے مالک کے حوالے کر دی ہے جب کہ گرفتار ملزم سے مزید تفتیش کی جا رہی ہے

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی جشن آزادی کی مناسبت سے نکالی گئی ریلی کی قیادت کر رہے ہیں

## 79 ویں جشن آزادی کے موقع پر ایک پروقار اور شاندار تقریب کا انعقاد

**اساتذہ کرام علاقے کے معززین اور طلبہ نے بڑی تعداد میں شرکت کی تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک اور قومی ترانے سے کیا گیا**

نصیر آباد (نامہ نگار) ہائر سیکنڈری اسکول تاج محمد لہڑی میں 79 ویں جشن آزادی کے موقع پر ایک پروقار اور شاندار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس کے مہمان خصوصی صوبائی پارلیمانی سیکرٹری برائے ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن رکن صوبائی اسمبلی حاجی محمد خان لہڑی اور سابق صوبائی وزیر میر عبدالغفور لہڑی تھے۔ تقریب میں حاجی احمد سلطان لہڑی سخی عبدالروف لہڑی اسکول کے پرنسپل بختیار خان مری، اساتذہ کرام علاقے کے معززین اور طلبہ نے بڑی تعداد میں شرکت کی تقریب کا آغاز تلاوتِ کلام پاک اور قومی ترانے سے کیا گیا جبکہ پاکستان کی سالگرہ کی مناسبت سے جشنِ آزادی کا کیک بھی کاٹا گیا اسکول کے طلبہ نے ملی نغمے تقاریر اور مختلف پروگرام پیش کر کے وطنِ عزیز سے اپنی محبت اور عقیدت کا اظہار کیا جس پر شرکا نے بچوں کو بھرپور داد دی اس موقع پر مہمانِ خصوصی حاجی محمد خان لہڑی اور سابق صوبائی وزیر میر عبدالغفور لہڑی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان ہمارے بزرگوں کی عظیم جدوجہد اور لاکھوں شہدا کی قربانیوں کا ثمر ہے۔ ہمیں آزادی کی قدر کرتے ہوئے ملک کی ترقی خوشحالی اور استحکام کے لیے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان نسل ملک کا مستقبل ہیں اس لیے طلبہ تعلیم کے حصول کے ساتھ ساتھ نظم وضبط، حب الوطنی اور قومی یکجہتی کو اپنی زندگی کا حصہ بنائیں

## پاکستان جرنلسٹ ایسوسی ایشن کی جانب سے جشن آزادی پاکستان کے موقع پر ایک پروقار تقریب

**قومی پرچم بھی لہرائے گئے اور شرکا نے پاکستان زندہ باد کے نعرے لگا کر وطن سے محبت کا اظہار کیا**

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) پاکستان جرنلسٹ ایسوسی ایشن (PJA) ضلع ٹھٹھہ کی جانب سے 14 اگست، جشن آزادی پاکستان کے موقع پر ایک پروقار تقریب منعقد کی گئی، جس میں قومی یکجہتی اور حب الوطنی کے جذبے کے ساتھ کیک کاٹا گیا۔ تقریب میں سینئر قانون دان ایڈووکیٹ سید اعجاز حسین شاہ، الطاف حسین تنیو، سینئر صحافی عبد الحمید چنڈ، واحد بخش شورو، قادر جاکھرو، آغا حسن عباس، ڈی بی شمس ناہیو، الطاف ناریجو، سوشل ورکر آمنہ پنہور سمیت بچوں نے خصوصی طور پر شرکت کی۔ اس موقع پر قومی پرچم بھی لہرائے گئے اور شرکا نے پاکستان زندہ باد کے نعرے لگا کر وطن سے محبت کا اظہار کیا۔ تقریب میں ملک کی آزادی کے لیے قربانیاں دینے والے شہدا کو خراجِ عقیدت پیش کیا گیا اور پاکستان کی سلامتی، استحکام، ترقی اور خوشحالی کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔ اس موقع پر رہنماں نے کہا کہ پاکستان ہماری عظیم قربانیوں کا ثمر ہے، ہم سب کا فرض ہے کہ ملک کی ترقی، قانون کی بالادستی، جمہوریت اور انسانی حقوق کے تحفظ کے لیے اپنا کردار ادا کریں۔ صحافیوں نے کہا کہ آزاد صحافت مضبوط جمہوریت اور معاشرے کی ترقی کے لیے بنیادی حیثیت رکھتی ہے۔

## تحصیل شہدادکوٹ میں بھی یوم جشن آزادی بڑے جوش وخروش کے ساتھ منایا گیا

**مختلف تقریبات منعقد کر کے پاکستان زندہ باد پاک فوج پائندہ باد کے نعرے لگائے گئے**

شہدادکوٹ (شبیر کمبوہ) تحصیل شہدادکوٹ میں بھی یوم جشن آزادی بڑے جوش وخروش کے ساتھ منایا گیا مختلف تقریبات منعقد کر کے پاکستان زندہ باد پاک فوج پائندہ باد کے نعرے لگائے گئے اسسٹنٹ کمشنر شہدادکوٹ محسن علی شیخ اور میونسپل چیئرمین یار محمد سومرو نے میونسپل کمیٹی آفس پر قومی پرچم لہرایا پولیس کے دستے نے سلامی پیش کی جس کے بعد قیدیوں میں مٹھائیاں تقسیم کی گئیں تھانہ سیکشن کی جانب سے سب جیل شہدادکوٹ اور سول ہسپتال شہدادکوٹ کا دورہ کر کے مریضوں میں مٹھائی تقسیم کی گئی آخر میں مونٹیسوری سوشل ویلفیئر ہائی سکول شہدادکوٹ میں 14 اگست جشن آزادی کے حوالے سے ایک شاندار تقریب کا انعقاد کیا گیا

# کچے میں بڑا آپریشن کرینگے، ہتھیار ڈالنے والوں کو موقع دیا جائیگا، ضیاء الحسن لنجار

## جو ڈاکو اپنے آپ کو چیمپئن سمجھتے ہیں ان کے خلاف سخت کارروائی ہوگی لیکن ہتھیار ڈالنے والوں کو موقع دیا جائے گا

**اس آپریشن میں فی الحال فوج کی ضرورت نہیں، ضیا لنجار کی سکھر میں میڈیا سے گفتگو**

کراچی (جی این ایم) صوبہ سندھ کے وزیر داخلہ ضیا لنجار کا کہنا ہے کہ کچے میں بڑا اور پکا آپریشن شروع کرنے جا رہے ہیں، خود کو چیمپئن سمجھنے والے ڈاکوؤں کیخلاف سخت کارروائی ہوگی۔ سکھر میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ سندھ میں اب کہیں بھی حفاظتی کا نوائے نہیں چل رہے، کچے کے علاقوں میں آج سے بڑے پیمانے پر آپریشن شروع کر دیا ہے، اس آپریشن کے دوران کچے میں ڈاکوؤں کو نیست و نابود کریں گے، جو ڈاکو اپنے آپ کو چیمپئن سمجھتے ہیں ان کیخلاف سخت کارروائی ہوگی لیکن ہتھیار ڈالنے والوں کو موقع دیا جائے گا، اس آپریشن میں فی الحال فوج کی ضرورت نہیں ہے، سندھ پولیس کے ساتھ رینجرز بھی آپریشن میں حصہ لے گی، آپریشن میں پنجاب پولیس کی بھی ضرورت پڑے گی۔ علاوہ ازیں وزیر داخلہ سندھ ضیا الحسن لنجار نے کہا کہ کراچی کے علاقے رئیس گوٹھ سے دہشت گردوں کے نیٹ ورک کے خلاف کارروائی کے دوران سیکیورٹی ایجنسیز اور کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) نے اہم کامیابیاں حاصل کی ہیں، سی ٹی ڈی/سیکیورٹی ایجنسیز کے ہاتھوں پہلے ایک دہشت گرد گرفتار کیا گیا تھا، جس کی نشاندہی پر اس کے مزید دو ساتھیوں کو بھی گرفتار کر لیا گیا ہے، اگرچہ دہشتگردوں کا پورا نیٹ ورک تاحال مکمل طور پر قانون کی گرفت میں نہیں آیا، تاہم جس طرح ہماری انٹیلیجنس ایجنسیاں، سی ٹی ڈی اور اسپیشل برانچ مستعدی اور پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ کام کر رہی ہیں، اس سے یہ امید پیدا ہو چکی ہے کہ بہت جلد اس نیٹ ورک کے تمام کارندے گرفتار کر لیے جائیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ ائیرپورٹ پر چائنیز شہریوں کے افسوسناک واقعے کے بعد سے تمام سیکیورٹی اور انٹیلی جنس ادارے ہائی الرٹ ہیں اور مختلف اوقات میں دہشت گرد عناصر کی کمر توڑنے میں کلیدی کردار ادا کر رہے ہیں، اسی تسلسل میں بلوچستان میں بھی سیکیورٹی ادارے، اسپیشل برانچ، سی ٹی ڈی اور آئی بی دہشت گردوں کے خلاف مشترکہ طور پر برسر پیکار ہیں، دہشت گردی کے خلاف جوائنٹ آپریشنز کے تحت گرفتاریوں اور کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، تھریٹس موجود ہیں اور کراچی پاکستان کا ایک انتہائی اہم شہر ہے جو نا صرف تجارتی اور کاروباری سرگرمیوں کا مرکز ہے بلکہ ملک کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھنے والی بندرگاہ بھی رکھتا ہے جس کا تحفظ ہماری اولین ترجیح ہے۔

## یوم آزادی پر مزارِ قائد پر حاضری، میئر کراچی کا مضبوط، پرامن اور خوشحال پاکستان کے عزم کا اظہار

کراچی (این این آئی) میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے یومِ آزادی کے موقع پر بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کے مزار پر حاضری دی، پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر انہوں نے ملک کی سلامتی، استحکام، ترقی اور خوشحالی کے لیے خصوصی دعا بھی کی۔ مزارِ قائد پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے میئر کراچی نے کہا کہ قائداعظم محمد علی جناح کی غیر معمولی قیادت، بصیرت اور انتھک جدوجہد کے نتیجے میں برصغیر کے مسلمانوں کو آزاد وطن کی نعمت حاصل ہوئی۔

## ماتلی میں بھی 79 ویں جشن آزادی کی مرکزی تقریب میونسپل کمیٹی ماتلی کے احاطے میں منعقد کی گئی

**تقریب کا آغاز سائرن بجانے، قومی ترانے کی گونج اور قومی پرچم لہرا کر کیا گیا**

ماتلی (رپورٹ دلمراد کمبوہ) ملک کی طرح ماتلی میں بھی 79 ویں جشن آزادی کی مرکزی تقریب میونسپل کمیٹی ماتلی کے احاطے میں منعقد کی گئی۔ تقریب کا آغاز سائرن بجانے، قومی ترانے کی گونج اور قومی پرچم لہرا کر کیا گیا۔ تقریب میں پیپلز پارٹی کے ایم پی اے دادا محمد ہالیپوٹو، محمد صالح ہالیپوٹو، میونسپل کمیٹی ماتلی کے چیئرمین حاجی رضوان احمد قائمخانی، عدنان احمد قائمخانی، اسسٹنٹ کمشنر ڈاکٹر راشد علی چنا، مختیارکار مصعیب جونیجو، وائس چیئرمین قاضی عبدالوہاب، غلام محی الدین کمبوہ سمیت دیگر نے شرکت کی۔ اس موقع پر مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان ہمارے بزرگوں کی لازوال قربانیوں کے نتیجے میں ہمیں نصیب ہوا، ملک کی ترقی، خوشحالی اور استحکام کے لیے ہم سب کو مل کر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پاک فوج دنیا کی بہترین افواج میں شمار ہوتی ہے، جس نے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت میں بھارت کی فوج کو تاریخی شکست دی۔ پاکستان کا بچہ بچہ پاک فوج کے ساتھ کھڑا ہے۔ مقررین نے مزید کہا کہ 14 اگست کا دن ہمارے لیے کسی عید سے کم نہیں۔ اس موقع پر انہوں نے پوری پاکستانی قوم کو جشنِ آزادی کی مبارکباد پیش کرتے ہوئے

ڈپٹی کمشنر لورالائی محمد حسیب شجاع ریلی کی قیادت کر رہے ہیں

## مسلم لیگ (ن) کراچی میں 79 واں یومِ آزادی ملی جوش وجذبے سے منایا گیا

کراچی (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کراچی کے زیرِ اہتمام 79 واں یومِ آزادی مسلم لیگ (ن) ہاؤس کارساز میں ملی جوش وجذبے سے منایا گیا۔ تقریب میں قومی پرچم کشائی کی گئی اور آزادی کا کیک کاٹا گیا، جبکہ ملی نغمے بھی پیش کیے گئے۔ تقریب کے مہمانِ خصوصی پاکستان مسلم لیگ (ن) سندھ کے صدر بشیر احمد میمن نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یومِ آزادی ہمیں قائداعظم محمد علی جناح اور تحریکِ پاکستان کے شہداء کی عظیم قربانیوں کی یاد دلاتا ہے۔

## محمد رمضان پنہور کی جانب سے 14 اگست جشن آزادی کے سلسلے میں ایک پروقار تقریب

**تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا، جس کے بعد قومی ترانہ پیش کیا گیا**

ٹھٹھہ (رپورٹ: واحد شورو) چیئرمین ٹاؤن کمیٹی گھوڑاباری محمد رمضان پنہور کی جانب سے 14 اگست جشن آزادی کے سلسلے میں ایک پروقار تقریب NOWPDP اسکول گھوڑاباری میں منعقد کی گئی، جس میں پاکستان پیپلز پارٹی ضلع ٹھٹھہ کے صدر و رکن قومی اسمبلی صادق علی میمن، پیپلز پارٹی ضلع ٹھٹھہ کے سینئر نائب صدر و چیئرمین ضلع کونسل ٹھٹھہ عبدالحمید پنہور اور ضلعی جنرل سیکریٹری امتیاز احمد قریشی نے خصوصی شرکت کی۔ تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا، جس کے بعد قومی ترانہ پیش کیا گیا۔ اس موقع پر ملک کی سلامتی، ترقی اور خوشحالی کے لیے خصوصی دعائیں بھی کی گئیں۔ اسکول کے طلبہ و طالبات نے ملی نغمے، ٹیبلوز اور یومِ آزادی کے موضوع پر تقاریر پیش کر کے تقریب کو مزید پرجوش بنا دیا۔ اس موقع پر چیئرمین ٹاؤن کمیٹی گھوڑاباری محمد رمضان پنہور کی جانب سے کمپیوٹر کورس مکمل کرنے والے طلبہ میں سندھ ٹیکنیکل بورڈ کراچی کی جانب سے جاری کردہ پاسنگ سرٹیفکیٹس تقسیم کیے گئے۔ گھوڑاباری شہر میں قائم کمپیوٹر کورس میں کامیاب ہونے والے مجموعی طور پر 69 طلبہ کو سرٹیفکیٹس دیے گئے۔

ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کی جانب سے ریلی نکالی جا رہی ہے

## پی ایس 30 خیرپور ضمنی انتخاب، انتخابی مہم کا وقت ختم، خلاف ورزی پر سخت کارروائی کا انتباہ

کراچی (این این آئی) پی ایس 30 خیرپور-V کے ضمنی انتخاب کے سلسلے میں انتخابی مہم کا مقررہ وقت ختم ہو گیا، جس کے بعد امیدواروں، سیاسی جماعتوں اور متعلقہ افراد کی جانب سے جلسے، جلوس، کارنر میٹنگز اور دیگر انتخابی سرگرمیوں کا انعقاد ممنوع قرار دے دیا گیا ہے۔ صوبائی الیکشن کمشنر سندھ اعجاز انور چوہان کے مطابق الیکشنز ایکٹ 2017 کی دفعہ 182 کے تحت پولنگ سے 48 گھنٹے قبل تمام انتخابی سرگرمیاں ختم کرنا لازم ہے،

## ہالیجی جھیل پر یوتھ انگیجمنٹ پروگرام، نوجوانوں کو قدرتی، تاریخی وثقافتی ورثے کے تحفظ کا پیغام

**مختلف اداروں اور این جی اوز کی جانب سے آگاہی ومعلوماتی اسٹالز بھی قائم کیے گئے**

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) ہالیجی جھیل پر یوتھ انگیجمنٹ پروگرام، نوجوانوں کو قدرتی، تاریخی و ثقافتی ورثے کے تحفظ کا پیغام۔ ضلعی انتظامیہ ٹھٹھہ کی جانب سے محکمہ وائلڈ لائف، زیبسٹ گھارو کیمپس اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کے تعاون سے ہالیجی جھیل پر یوتھ انگیجمنٹ پروگرام برائے تحفظِ وائلڈ لائف، ماحولیات اور قدرتی ورثہ منعقد کیا گیا، جس میں زیبسٹ گھارو اور سندھ یونیورسٹی ٹھٹھہ کیمپس سمیت مختلف سرکاری ونجی تعلیمی اداروں کے طلبہ و طالبات، اساتذہ، پروفیسرز، محکمہ صحت، ریسکیو 1122، تعلیم، ریونیو، فاریسٹ، لوکل گورنمنٹ، کراچی واٹر اینڈ سیوریج بورڈ، پولیس، اسپورٹس اور صحافی برادری سمیت مختلف محکموں کے افسران ونمائندگان اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بھرپور شرکت کی۔ اس موقع پر مختلف اداروں اور این جی اوز کی جانب سے آگاہی ومعلوماتی اسٹالز بھی قائم کیے گئے، جہاں شرکا کو وائلڈ لائف، ماحولیات، قدرتی وسائل اور ہالیجی جھیل کی اہمیت سے متعلق معلومات فراہم کی گئیں۔ بعد ازاں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر ٹھٹھہ سرمد علی بھاگت نے کہا کہ ہالیجی جھیل ٹھٹھہ کی شناخت اور سندھ کے قیمتی قدرتی ورثے کا اہم حصہ ہے، جو نہ صرف اپنی قدرتی خوبصورتی بلکہ تاریخی اور ماحولیاتی اہمیت کے باعث بھی منفرد مقام رکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہالیجی جھیل کو دنیا کے سامنے اجاگر کرنے اور اس کی اہمیت سے نئی نسل کو روشناس کرانے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہالیجی جھیل قدرت کا ایک خوبصورت تحفہ ہے، جہاں مختلف اقسام کے پرندے اور وائلڈ لائف پائی جاتی ہے، اس لیے اس قدرتی ماحول کا تحفظ ہماری مشترکہ ذمہ داری ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ نوجوان نسل کو چاہیے کہ وہ ہالیجی جھیل سمیت اپنے تاریخی، قدرتی اور ثقافتی مقامات کے تحفظ اور تشہیر میں اپنا کردار ادا کرے۔ تقریب سے چیف کنزرویٹر وائلڈ لائف جاوید علی، ہیڈ آف زیبسٹ گھارو کیمپس ڈاکٹر وجے کمار، پرو وائس چانسلر سندھ یونیورسٹی کیمپس ٹھٹھہ مسباہ قریشی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ون عمران الحق، ایڈیشنل ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر خدا بخش بہرانی اور دیگر مقررین نے بھی خطاب کیا اور ہالیجی جھیل کو فروغ دینے، وائلڈ لائف کے تحفظ، ماحولیاتی بہتری اور قدرتی ورثے کی حفاظت کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ تقریب میں زیبسٹ کے طلبہ وطالبات نے مختلف پرفارمنسز پیش کیں، جبکہ ثقافتی لوک فنکاروں نے خوبصورت دھنیں پیش کر کے حاضرین سے بھرپور داد وصول کی۔ قبل ازیں، میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر ٹھٹھہ سرمد علی بھاگت نے کہا کہ ہم خوش قسمت ہیں کہ ایک آزاد ملک میں رہتے ہیں،

## کراچی، برنس روڈ فریسکو چوک پر ایم کیو ایم کا شاندار جشنِ آزادی، ہزاروں افراد کی شرکت

کراچی (این این آئی) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے زیرِ اہتمام برنس روڈ فریسکو چوک پر یومِ آزادی کے موقع پر شاندار عوامی اجتماع منعقد ہوا، جس میں ایم کیو ایم پاکستان کے چیئرمین ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی، سینئر رہنما ڈاکٹر فاروق ستار، حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی سمیت ہزاروں شہریوں نے بھرپور شرکت کی۔

بارکھان، جشن آزادی کے موقع پر ڈپٹی کمشنر سعید الرحمان کاکڑ ودیگر تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

## جشن آزادی کے موقع پر کراچی میں بھی ملک بھر کی طرح قومی جوش وجذبے کی فضا قائم رہی

**مختلف علاقوں میں گھروں، تعلیمی اداروں اور گلی محلوں کو قومی پرچموں اور سبز وسفید جھنڈیوں سے سجایا گیا**

روہڑی (رپورٹ: اسلم سومرو) جشن آزادی کے موقع پر کراچی میں بھی ملک بھر کی طرح قومی جوش وجذبے کی فضا قائم رہی۔ مختلف علاقوں میں گھروں، تعلیمی اداروں اور گلی محلوں کو قومی پرچموں اور سبز وسفید جھنڈیوں سے سجایا گیا، جبکہ بچوں نے خصوصی طور پر جشنِ آزادی کی تقریبات میں بھرپور شرکت کی اس موقع پر معصوم بچوں نے سبز وسفید لباس زیب تن کر کے اور ہاتھوں میں قومی پرچم تھام کر پاکستان سے اپنی محبت کا اظہار کیا۔ بچوں کے چہروں پر سبز ہلالی پرچم کے رنگ نمایاں رہے، جس سے جشنِ آزادی کی خوشیاں مزید دوبالا ہو گئیں والدین کا کہنا تھا کہ بچوں میں وطن سے محبت اور قومی جذبے کو اجاگر کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ جشنِ آزادی کے موقع پر نئی نسل کو پاکستان کے قیام، آزادی کی جدوجہد اور ملک کی ترقی میں اپنا کردار ادا کرنے کے حوالے سے آگاہی دینی چاہیے کراچی کے شہریوں نے یومِ آزادی کے موقع پر پاکستان کی سلامتی، خوشحالی، ترقی اور استحکام کے لیے خصوصی دعائیں بھی کیں۔ شہریوں کا کہنا تھا کہ پاکستان ہماری پہچان اور ہمارا وطن ہے، اس کی ترقی اور سربلندی کے لیے ہر شہری کو اپنا کردار ادا کرنا چاہیے جشنِ آزادی کے موقع پر بچوں کی خوبصورت اور معصومانہ مسکراہٹوں نے ماحول کو مزید دلکش بنا دیا،

## کراچی، لانڈھی میں واٹر ٹینکر کی ٹکر، 4 سالہ بچی جاں بحق 15 سالہ لڑکا زخمی

کراچی (این این آئی) لانڈھی یونس چورنگی کے قریب واٹر ٹینکر کی ٹکر سے موٹر سائیکل پر سوار 4 سالہ بچی جاں بحق جبکہ 15 سالہ لڑکا زخمی ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق لانڈھی میں یونس چورنگی، یونس ٹیکسٹائل کے قریب واٹر ٹینکر نے موٹر سائیکل کو ٹکر ماردی، جس کے نتیجے میں موٹر سائیکل پر سوار کمسن بچی موقع پر ہی جاں بحق ہو گئی جبکہ ایک لڑکا زخمی ہو گیا۔ حادثے کی اطلاع ملنے پر امدادی ادارے موقع پر پہنچے اور جاں بحق بچی اور زخمی لڑکے کو جناح اسپتال منتقل کیا۔

روزنامہ بولان حب بلوچستان
Daily BOLAN HUB Balochistan
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ
فون و فیکس 0853-310203
Mobile: 0336-6113760
قیمت 20 روپے
ہفتہ 15 اگست 2026، بمطابق یکم ربیع الاول 1448ھ

# آئی ایم ایف نے بجلی قیمتوں میں بڑی کمی کا حکومتی پلان مسترد کر دیا

## حکومت نے رائٹ سائزنگ اور سول سرونٹس ایکٹ 1973 میں ترمیم کی یقین دہانی کروادی

### اگلے مالی سال کے لیے ٹیکس ریونیو کا ہدف 15 ہزار ارب روپے سے زائد رکھنے کی تجویز دی گئی ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور عالمی مالیاتی ادارے (آئی ایم ایف) کے درمیان پالیسی سطح کے مذاکرات جاری ہیں، آئی ایم ایف نے بجلی کی قیمتوں میں بڑی کمی کا پلان مسترد کر دیا۔ نجی ٹی وی کے مطابق ذرائع نے بتایا کہ حکومت نے بجلی کی قیمت میں 8 سے 10 روپے فی یونٹ کمی کرنے کی تجویز پیش کی، آئی ایم ایف نے حکومتی تجویز کو مسترد کر دیا۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف ہر شرط پر کیپٹو پاور پلانٹ کی گیس کی قیمت میں 23 فیصد اضافے کی خواہاں ہے، کیپٹو پاور پلانٹ کے لیے گیس پر لیوی بھی عائد کردی گئی ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ آئی ایم ایف نے پالیسی لیول نے مذاکرات کے دوران ہی کیپٹو پاور پلانٹ کے کیس کے نوٹی فکیشن جاری کروائے، کیپٹو پاور پلانٹ کے لیے گیس کی قیمت 4 ہزار 291 روپے فی ایم ایم بی ٹی یو کردی گئی۔ ذرائع کے مطابق موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کے لیے ایک ارب ڈالر پر نئے شرط بھی سامنے آگئی، موسمیاتی تبدیلیوں کے قرض کے لیے حکومت کو کاربن لیوی عائد کرنا پڑے گی۔ ذرائع کے مطابق پیٹرولیم مصنوعات پر کاربن لیوی عائد کرنے کی شرط رکھی گئی ہے، پالیسی سطح کی بات چیت کل بھی جاری رہے گی۔ آئی ایم ایف اور پاکستان کے مذاکرات آخری مراحل میں داخل ہوگئے ہیں، جہاں ایک ارب ڈالر کی اگلی قسط کے اجرا کے لیے اہم معاملات پر بات چیت جاری ہے۔ حکومت نے خزانے پر بوجھ کم کرنے کے لیے رائٹ سائزنگ اور سول سرونٹس ایکٹ 1973 میں ترمیم کی یقین دہانی کروا دی ہے۔ ذرائع کے مطابق، آئی ایم ایف نے حکومت سے آمدن بڑھانے اور اخراجات میں کمی کا مطالبہ کیا ہے، جس کے تحت اضافی آسامیوں کے خاتمے کے لیے سول سرونٹس ایکٹ میں ترمیم کی جارہی ہے۔ معاشی ٹیم نے بریفنگ میں بتایا کہ سرکاری اداروں میں ڈیڑھ لاکھ خالی اسامیاں مستقل ختم کردی جائیں گی، جب کہ اضافی ملازمین کو گولڈن ہینڈ شیک کے تحت واجبات ادا کرنے کا منصوبہ زیر غور ہے۔

## عمران خان جیل میں بیٹھ کر پانچ سال انتظار کریں، طاہرہ اورنگزیب

### ڈی چوک میں پی ٹی آئی قائدین علی امین گنڈاپور اور بشریٰ بی بی نے عوام کو دھوکہ دیا

اسلام آباد (اے ایف پی) مسلم لیگ ن کی مرکزی رہنما ممبر قومی اسمبلی طاہرہ اورنگزیب نے کہا ہے کہ ڈی چوک میں پی ٹی آئی قائدین علی امین گنڈاپور اور بشری بی بی نے عوام کو دھوکہ دیا، سول نافرمانی کی تحریک میں بھی لوگوں کو دھوکہ دینا چاہتے ہیں۔ پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا نواز شریف کے پاس پارلیمنٹ میں دو تہائی اکثریت موجود ہے۔

## کوئٹہ، فاطمہ جناح اسپتال میں کانگو وائرس کا ایک اور کیس رپورٹ

کوئٹہ (جی این ایم) کوئٹہ کے فاطمہ جناح اسپتال میں زیر علاج 25 سالہ خاتون میں کانگو وائرس کی تصدیق ہوگئی ہے۔ متاثرہ مریضہ کا تعلق بلوچستان کے ضلع چمن سے ہے اور اسے اسپتال کے آئیسولیشن وارڈ میں داخل کردیا گیا ہے

## سیاہ فام کو غلام بنانے پر اقوام متحدہ میں انسانی حقوق کی جج جیل بھیج دی گئی

### موگا مبے نے متاثرہ خاتون کے لیے جعلی بنیادوں پر ویزا کا بندوبست کیا، رپورٹ

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ کی انسانی حقوق اور یوگنڈا کی ہائی کورٹ کی جج لیڈیا موگامبے کو برطانیہ کی عدالت نے ایک گھریلو ملازمہ کو غلام بنا کر رکھنے کے جرم میں چھ سال اور چار ماہ قید کی سزا سنا دی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق موگامبے، جو اس وقت آکسفورڈ یونیورسٹی میں قانون کے شعبے میں پی ایچ ڈی کر رہی تھیں، انہوں نے ایک نوجوان یوگنڈین خاتون کو بغیر تنخواہ کام کرنے پر مجبور کیا۔ متاثرہ خاتون ان کے آکسفورڈ شائر کے علاقے کِڈلنگٹن میں واقع گھر میں ملازمہ اور آیا کے طور پر کام کر رہی تھیں

چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ جسٹس محمد کامران خان ملاخیل 79ویں جشن آزادی کے موقع پر بچوں کو تحائف دے رہے ہیں۔

# سمگلنگ سے ملک کو سالانہ 3 کھرب 40 ارب روپے کا نقصان

## غیر قانونی تجارت سے ہونیوالا نقصان مجموعی قومی پیداوار کے 26 فیصد کے مساوی ہے، رپورٹ

### حکومت کی جانب سے فی لیٹر پیٹرول پر 16 روپے کسٹم ڈیوٹی اور پیٹرول ڈیولپمنٹ ٹیکس کی مد میں 78 روپے فی لیٹر عائد کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کو سمگلنگ کی وجہ سے سالانہ 3 کھرب 40 ارب روپے کا نقصان ہونے لگا۔ ایک رپورٹ کے مطابق 340 ارب کے سالانہ نقصان میں سے 30 فیصد افغان تجارتی راہداری کے ناجائز استعمال کی وجہ سے پہنچ رہا ہے، یہ رپورٹ پالیسی ریسرچ انسٹی ٹیوٹ آف مارکیٹ اکانومی (پرائم) نے شائع کی ہے۔ رپورٹ کے مطابق سمگلنگ اور غیر قانونی تجارت کی وجہ سے ہونے والا نقصان پاکستان کی مجموعی قومی پیداوار کے 26 فیصد کے مساوی ہے یعنی ملک کو سالانہ بنیاد پر اس غیر قانونی تجارت اور سمگلنگ کی وجہ سے 340 ارب روپے ٹیکس محصولات میں کمی کا سامنا ہے۔ رپورٹ کے مطابق اس سمگلنگ اور غیر قانونی تجارت سے ملک کے دیگر کاروبار اور تجارتی اداروں کو مشکلات کا سامنا ہے جبکہ حکومت اربوں روپے محصولات کی مد میں نقصان اٹھا رہی ہے۔ رپورٹ کے مطابق ملک میں غیر قانونی طور پر پٹرول کے علاوہ، ادویہ، سگریٹ، صارفین کے استعمال کی اشیا اور دیگر سامان سمگل کیا جاتا ہے جس کا اثر لامحالہ ملک کے دیگر سیکٹرز کی سالانہ کارکردگی پر پڑ رہا ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ تمباکو کی سمگلنگ کی وجہ سے ملک کو 300 ارب روپے سالانہ نقصان کا سامنا ہے جبکہ وفاقی حکومت نے حال ہی میں ماہ فروری کے دوران محصولات میں کمی کو پورا کرنے کے لیے تمباکو مصنوعات پر عائد ایکسائز ڈیوٹی میں اضافہ کرتے ہوئے اسے 150 فیصد کر دیا ہے تاکہ اضافی محصولات حاصل ہوسکیں، تاہم اس کے باوجود مارکیٹ میں غیر قانونی سگریٹوں کی دستیابی 30 فیصد سے بڑھ کر 56 فیصد ہوگئی ہے۔ اسی طرح رپورٹ میں افغان تجارتی راہداری کا بھی حوالہ دیا گیا ہے جس کی وجہ سے پاکستان کو سالانہ ایک کھرب روپے کا نقصان ہو رہا ہے

## عمران خان ڈیل کی بجائے موت کو ترجیح دے گا، زرتاج گل

### حکومت سول نافرمانی تحریک سے قبل مذاکرات کو سنجیدہ لے، نو مئی اور 26 نومبر کو قتل عام پر عمران خان نے کہا ہے جوڈیشل کمیشن بنایا جائے

اسلام آباد (اے ایف پی) پی ٹی آئی کی رکن قومی اسمبلی اور پارلیمانی لیڈر زرتاج گل نے کہا ہے کہ حکومت کو یہ بات سمجھ آگئی ہے بندوق اور طاقت سے تحریک انصاف نہیں جھکے گی۔ حکومت سول نافرمانی تحریک سے قبل مذاکرات کو سنجیدہ لے، نو مئی اور 26 نومبر کو ہونے والے قتل عام پر عمران خان نے کہا ہے کہ جوڈیشل کمیشن بنایا جائے، عمران خان ڈیل کی بجائے موت کو ترجیح دے گا۔ عمران خان کو کچھ ہوا تو مشرقی پاکستان سے بھی بدتر حالات ہو جائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کی حکومت کو سازش کے تحت گرایا گیا۔ ہمارے پاس ایوان میں دو تہائی اکثریت تھی۔ اٹھ فروری کے انتخابات کو چوری کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ 26 نومبر کو پرامن احتجاجی مظاہرین پر جدید ترین اسلحہ سے فائرنگ کی گئی اور ہمارے 12 کارکن شہید ہو گئے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان نے اپوزیشن لیڈر عمر ایوب خان اور وزیر اعلی خیبر پختونخواہ علی امین گنڈاپور کو سیاسی کمیٹی میں مذاکرات کا انچارج بنایا ہے۔ حکومت کی جانب سے سپیکر نے جو کمیٹی بنائی ہے ابھی تک سنجیدگی کا مظاہرہ کیا جا رہا ہے۔ پارلیمنٹ کے اندر خواجہ آصف کے بیانات سے متعلق انہوں نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ یہ شعبدہ بازی کر رہا ہے

سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی میں پروفیسر ڈاکٹر روبینہ مشتاق سے وفد ملاقات کر رہا ہے

## دہرے ٹیکس معاہدوں کی متوازن تشریح کی جائے، سپریم کورٹ

### نظر ثانی کی درخواست جسٹس سید منصور علی شاہ کی سربراہی میں تین رکنی بینچ نے سماعت کی

اسلام آباد (اے ایف پی) سپریم کورٹ نے ٹیکس تنازع پر نظر ثانی کیس کے فیصلے میں قرار دیا ہے کہ دہرے ٹیکسوں کے معاہدوں کی اس طرح سے متوازن تشریح کی جائے جس سے معاشی نمو کے تقاضوں کے ساتھ ساتھ ٹیکس بیس کو بھی تحفظ حاصل ہو سکے۔ ڈبل ٹیکسیشن کے معاہدے بین الاقوامی اقتصادی تعاون کو فروغ دینے کے لیے ایک اہم فریم ورک فراہم کرتے ہیں جس کا مقصد ممالک میں سرمایہ کاری میں آسانیاں میسر آنا اور دہرے ٹیکس سے بچنا ہے جو عالمی تجارت میں رکاوٹ بن سکتا ہے۔ فیصلے میں جرمن ٹیکس ماہر کلاس واجل کا حوالہ دیا گیا جو اس بات پر زور دیتا ہے کہ یہ معاہدے قوموں کے درمیان پل کے طور پر کام کرتے ہیں، ان بین الاقوامی معاہدوں کا مقصد ٹیکس تنازعات کو روکنے کے ساتھ ساتھ اقتصادی تعاون کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔ ان معاہدوں کی سختی سے تشریح نہیں کی جانی چاہئے بلکہ ان سے عالمی سطح پر مساوی معاشی ترقی کے وسیع تر مقصد کی عکاسی ہونی چاہئے۔ 8 صفحات پر مشتمل نظر ثانی فیصلہ تین رکنی بنچ کے سربراہ جسٹس سید منصور علی شاہ نے تحریر کیا۔ عدالت نے جسٹس ریٹائرڈ قاضی فائز عیسی کے تحریر کردہ فیصلے کو کالعدم قرار دیتے ہوئے کمپنی کی اپیلیں منظور کرلیں، سابق چیف جسٹس عمر عطا بندیال نے فیصلے کی توثیق کی تھی جبکہ اصل کیس میں جسٹس منصور شاہ کا اقلیتی فیصلہ تھا۔

## سول نافرمانی کی کال مکمل فلاپ ہوگی، حکومت کو بلیک میل نہیں کیا جاسکتا، شائستہ جدون

### اوورسیز پاکستانی محبّ وطن ہیں، اپنے ماں باپ اور بچوں سے دھوکہ نہیں کرسکتے، لیگی ایم این اے

اسلام آباد (اے ایف پی) مسلم لیگ ن کی مرکزی رہنما ممبر قومی اسمبلی شائستہ جدون نے کہا ہے کہ اوورسیز پاکستانی محبّ وطن ہیں وہ پاکستان میں اپنے ماں باپ اور بچوں سے دھوکہ نہیں کر سکتے، سول نافرمانی کی کال مکمل طور پر فلاپ ہوگی۔ حکومت حکومت کو سول نافرمانی کی تحریک کا نعرہ لگا کر بلیک میل نہیں کیا جاسکتا۔ وہ پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کر رہی تھی۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم شہباز شریف اور مسلم لیگ ن کے قائد نواز شریف شروع دن سے ہی مذاکرات کی بات کر رہے ہیں۔ مسلم لیگ ن کی حکومت کو ایک سال پورا ہونے کو ہے۔ ہم اپنی آئینی مدت پانچ سال پوری کریں گے۔ 26 ویں آئینی ترمیم نے ہمیں یہ حق دیا ہے کہ ہم پانچ سالہ مدت پوری کریں کیونکہ اتحادی جماعتوں نے ثابت کر دیا ہے

جھل مگسی، اسسٹنٹ کمشنر گنداواہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

## شام پر اسرائیل کے سیکڑوں حملے، فوجی اہداف کو نشانہ بنایا گیا

### روس نے اسرائیلی حملوں کو شام اسرائیل امن معاہدے کی خلاف ورزی قرار دیا

دمشق، ماسکو (اے ایف پی) اسرائیل کی جانب سے شام پر حملے جاری ہیں جس میں شامی فوجی اہداف کو نشانہ بنایا گیا ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق اسرائیلی جنگی طیاروں نے شام میں فضائی کارروائی تیز کرتے ہوئے گزشتہ 48 گھنٹوں میں اسٹریٹیجک فوجی اہداف پر 480 حملے کیے۔ رپورٹس میں بتایا گیا ہے کہ اسرائیل نے زیر قبضہ گولان کی پہاڑیوں کے مشرق میں ایک بفر زون میں فوج بھیج دی ہے جس نے 70 سے 80 فیصد شام کے اسٹریٹیجک فوجی اثاثوں کو تباہ کر دیا ہے۔

## روسی صدر پیوٹن نے بشار الاسد کو محفوظ طریقے سے ماسکو منتقل کرنے کے آپریشن کی منظوری دی، اسرائیلی اخبار

### ماسکو کی جانب سے بشار الاسد کو بتایا گیا کہ وہ جنگ ہار چکے ہیں، دمشق کی جانب باغیوں کی پیش قدمی پر روس نے بشار الاسد کو شام فوری چھوڑنے کا مشورہ دیا، رپورٹ

تل ابیب (جی این ایم) اسرائیلی اخبار نے دعوی کیا ہے کہ معزول شامی صدر بشار الاسد کی دمشق سے ماسکو ہنگامی روانگی کا اہتمام روس کی انٹیلی جنس نے کیا تھا چند روز قبل شام کے سابق صدر بشار الاسد باغی افواج کی پیش قدمی کے سبب دمشق سے طیارے میں فرار ہو کر روس چلے گئے تھے۔ اسرائیلی جریدے نے ذرائع کے حوالے سے رپورٹ میں دعوی کیا ہے کہ روس کی جانب سے بشار الاسد کو بتایا گیا کہ وہ جنگ ہار چکے ہیں، دمشق کی جانب باغیوں کی پیش قدمی پر روس نے بشار الاسد کو شام فوری چھوڑنے کا مشورہ دیا روس کے صدر ولادیمیر پیوٹن نے بشار الاسد کو محفوظ طریقے سے ماسکو منتقل کرنے کے آپریشن کی منظوری دی بشار الاسد سے کہا گیا کہ وہ اپنے قریبی رفقا کو اطلاع دیے بغیر ماسکو کے لیے روانہ ہو جائیں،

## لوکل گورننس اور دیہی ترقی کیلئے چین کے تجربات سے فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں، مریم نواز

### مریم نواز کی پاک چین تعلقات کے فروغ کیلئے جڑواں شہروں اور صوبوں کی تجویز، پنجاب میں چینی سرمایہ کاری کیلئے بھرپور تعاون کی پیشکش

#### ماحولیاتی بہتری، بائیوڈائیورسٹی، انسداد سموگ، جنگلی حیات اور شجرکاری کے فروغ اور تحفظ کیلئے مل کر کام کرنے اور بیجنگ پنجاب کلین ایئر ورکنگ گروپ بنانے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کا دورہ چین کا دوسرا روز بھی مصروفیت سے بھرپور رہا۔ وزیراعلی مریم نواز شریف نے چینی وزرا سے ملاقاتیں کیں اور کمیونسٹ پارٹی کے ظہرانے میں شریک ہوئیں۔ ملاقات میں ماحولیاتی بہتری، بائیوڈائیورسٹی، انسداد سموگ، جنگلی حیات اور شجرکاری کے فروغ اور تحفظ کیلئے مل کر کام کرنے اور بیجنگ پنجاب کلین ایئر ورکنگ گروپ بنانے کا فیصلہ کیا گیا۔ اس امر پر بھی اتفاق ہوا کہ چین کے تعاون سے ایڈوانس ایئر کوالٹی مینجمنٹ سسٹم بنایا جائیگا، ماحول دوست مشینری، توانائی، ای ٹرانسپورٹ اور ہائیڈروپاور کے حوالے سے بھی مدد کریگا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پاک چین تعلقات کے فروغ کیلئے جڑواں شہروں اور صوبوں کی تجویز پیش کر دی اور پنجاب میں چینی سرمایہ کاری کیلئے بھرپور تعاون کی پیشکش کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کمیونسٹ پارٹی آف چائنہ کے انٹرنیشنل ڈیپارٹمنٹ کا دورہ کیا۔ بیجنگ میں وزیراعلیٰ مریم نواز شریف سے کمیونسٹ پارٹی آف چائنہ انٹرنیشنل ڈیپارٹمنٹ کے منسٹر لیو جیان چاؤ (Liu Jianchao) نے ملاقات کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پرتپاک خیر مقدم کرنے پر منسٹر لیو جیان چاؤ کا شکریہ ادا کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کمیونسٹ پارٹی آف چائنہ کی دور اندیش قیادت کو سراہا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے انٹرنیشنل ڈیپارٹمنٹ کے منسٹر لیو جیان چاؤ سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ چین کی وژنری لیڈر شپ نے چین کو عالمی طاقت کے طور پر ابھرنے میں رہنمائی فراہم کی۔ پاک چین تعلقات کے فروغ میں کمیونسٹ پارٹی آف چائنہ کا کردار کلیدی حیثیت رکھتا ہے۔ چین پاکستان کمیونٹی کی تشکیل میں عوامی سطح پر بڑھتے ہوئے رابطے اہم کردار ادا کر رہے ہیں

## اقوام متحدہ نے ایک مرتبہ پھر غزہ میں فوری غیر مشروط جنگ بندی کی قرارداد منظور کرلی

نیویارک (اے ایف پی) اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس میں ایک مرتبہ پھر غزہ میں فوری غیر مشروط جنگ بندی کی قرارداد منظور کر لی گئی۔ جنرل اسمبلی میں پاس کی گئی قرارداد میں اسرائیل اور حماس سے تمام یرغمالیوں کی رہائی کا بھی مطالبہ کیا گیا ہے۔ غزہ جنگ بندی قرارداد کی منظوری کیلئے 193 میں سے 158 ووٹ پڑے، امریکا، اسرائیل اور دیگر سات ملکوں نے قرارداد کے خلاف ووٹ دیا جبکہ 13 غیر حاضر رہے۔ جنرل اسمبلی اجلاس میں امدادی ایجنسی انروا کے حق میں بھی قرارداد منظور کی گئی جس کے حق میں 159 ووٹ جبکہ 99 ووٹ مخالفت میں ڈالے گئے

## کشمیری عوام کو حق خودارادیت کے حصول کے لئے بھارت سے ہر محاذ پر لڑنا پڑیگا، نذیر گیلانی

### مسئلہ کشمیر کا الجھاؤ اور طویل ہوجانا جنوبی ایشیا کے لئے مستقل دردِ سر ہے۔ اقوام متحدہ اس مسئلے کو اونر شپ دے کر آگے بڑھنے کا سامان کرے

راولپنڈی (اے ایف پی) جموں کشمیر کونسل برائے انسانی حقوق کے صدر ڈاکٹر سید نذیر گیلانی نے کہا ہے کہ کشمیری عوام کو حق خودارادیت کے حصول کے لئے بھارت سے ہر محاذ پر لڑنا پڑیگا، کشمیری حق پر ہیں اور دنیا کو یہ ماننا ہوگا۔ مسئلہ کشمیر کا الجھاؤ اور طویل ہوجانا جنوبی ایشیا کے لئے مستقل دردِ سر ہے۔ اقوام متحدہ اس مسئلے کو اونر شپ دے کر آگے بڑھنے کا سامان کرے، اگر کشمیر کیس کو منظم انداز میں عالمی اداروں میں پیش کیا جائے تو پانچ اگست کا اقدام بھارت کے گلے پڑ سکتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے صدر کشمیر جرنلسٹس فورم راولپنڈی اسلام آباد خاور نواز راجہ کی قیادت میں ملنے والے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر سینئر نائب صدر راجہ ماجد افسر، جنرل سیکرٹری عقیل انجم، سیکرٹری اطلاعات محمد اقبال اعوان، ڈپٹی آرگنائزر طلحہ جاوید، ممبران علی حسنین نقوی، اخلاق خان، سیکرٹری اطلاعات آل کشمیر نیوز پیپرز سوسائٹی نثار کیانی بھی موجود تھے۔ ڈاکٹر سید نذیر گیلانی نے وفد کو بتایا کہ جموں وکشمیر کونسل برائے انسانی حقوق تین دہائیوں سے زیادہ عرصے اقوام متحدہ اور حقوق انسانی کے عالمی کمیشن میں کشمیر میں ہونے والی انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کو اُجاگر کرنے کے ساتھ ساتھ کشمیر کے مسئلے کی قانونی بنیادوں کا مقدمہ بھی پیش کرتی چلی آرہی ہے۔

# پنجاب میں پیپلز پارٹی کی طاقت، کھویا ہوا مقام اور وقار دوبارہ بحال کریں گے، سردار سلیم حیدر خان

## چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نوجوانوں کے حقیقی معنوں میں لیڈر ہیں

### گورنر پنجاب سلیم حیدر سے وزیر اعلی سندھ مراد علی شاہ کی ملاقات، باہمی دلچسپی کے امور، دیگر معاملات پر تبادلہ خیال

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے گورنر ہاؤس لاہور میں وزیر اعلی سندھ سید مراد علی شاہ نے ملاقات کی۔ گورنر پنجاب اور پیپلز پارٹی پنجاب کی قیادت نے وزیر اعلی سندھ سید مراد علی شاہ کی آمد پر ان کا پرجوش استقبال کیا۔ ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور سمیت بین الصوبائی روابط بڑھانے اور دیگر معاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں گزشتہ روز ہونے والی (ن) لیگ اور پیپلز پارٹی کی پاور شیرنگ کی میٹنگ پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کو پی پی سے کیے گئے وعدے پورے کرنے ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لئے اتحاد اور مشترکہ کوششوں کی ضرورت ہے۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) اور پاکستان پیپلز پارٹی کی رابطہ کمیٹی کا اجلاس لاہور میں 24 دسمبر کو ہوگا، امید ہے اس کے بعد معاملات مزید بہتری کی طرف جائیں گے۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ پنجاب میں پیپلز پارٹی کی طاقت، کھویا ہوا مقام اور وقار دوبارہ بحال کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نوجوانوں کے حقیقی معنوں میں لیڈر ہیں۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ ملک میں سیاسی اور معاشی استحکام کے لیے نوجوان قیادت کو آگے لانا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ انشا اللہ بلاول بھٹو زرداری کو ملک کا اگلا وزیر اعظم بنائیں گے۔ گورنر پنجاب نے مزید کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کے شہید ہونے جوانوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔ وزیر اعلی سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا کہ گورنر پنجاب کی قیادت میں پیپلز پارٹی کو پنجاب میں مستحکم، پرجوش، متحرک اور متحد دیکھ کر خوشی ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی خدمت کی سیاست پر یقین رکھتی ہے۔ وزیر اعلی نے کہا کہ پیپلز پارٹی شہدا کی پارٹی ہے۔

## مظفر آباد، سکول کا جونیئر کلرک طلباء کے فیسیں ہڑپ کرنے کے الزام میں گرفتار

مظفر آباد (اے ایف پی) مظفر آباد محکمہ اینٹی کرپشن کی کارروائی جونیئر کلرک گورنمنٹ بوائز ہائی سکول چکار عابد رشید سرکاری رقوم کی خرد برد پر گرفتار، عابد رشید ایک عرصہ سے سکول کے بچوں سے فیسیں وصول کر کے سرکاری خزانہ میں جمع کروانے کے بجائے خود ہڑپ کر رہا تھا۔ نو تعینات پرنسپل نے چارج لیتے وقت سرکاری رقوم میں خرد برد کا انکشاف ہونے پر معاملہ اینٹی کرپشن کے سپرد کیا تھا اینٹی کرپشن کی انکوائری میں خرد برد ثابت ہونے پر مقدمہ درج کیا گیا جس کے بعد عابد رشید جونیئر کلرک کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔ تفتیش رواں کردی گئی ہے

## بھارت مقبوضہ کشمیر میں عملی طور پر کشمیر میں عوام سے شکست کھا چکا ہے راجہ محمد سجاد خان

### بھارت کی طرف سے آرٹیکل 370 اور 35 اے کا خاتمہ نہ صرف اقوام متحدہ کی قراردادوں بلکہ خود بھارتی آئین کی بھی خلاف ورزی ہے

مظفر آباد (اے ایف پی) پی آئی ڈی) ڈائریکٹر کشمیر پالیسی ریسرچ انسٹی ٹیوٹ ڈاکٹر راجہ محمد سجاد خان نے کہا ہے کہ کشمیر بین الاقوامی طور پر تسلیم شدہ مسئلہ ہے۔ اقوام متحدہ نے کشمیریوں کے حق خودارادیت کو تسلیم کر رکھا ہے۔ بھارت کی طرف سے آرٹیکل 370 اور 35 اے کا خاتمہ نہ صرف اقوام متحدہ کی قراردادوں بلکہ خود بھارتی آئین کی بھی خلاف ورزی ہے۔ مقبوضہ جموں وکشمیر میں جاری جدوجہد آزادی اس بات کا ثبوت ہے کہ کشمیری بھارتی آئین کو تسلیم نہیں کرتے۔ کشمیریوں کی جدوجہد آزادی حق خودارادیت کے حصول کے لئے ہے۔ سات دہائیوں سے کشمیریوں نے بھارت کے جابرانہ قبضے کو تسلیم نہیں کیا۔ بھارت کشمیریوں کی جدوجہد آزادی کو دبانے کے لئے فوجی طاقت کا وحشیانہ استعمال کر رہا ہے اور انسانی حقوق کی سنگین پامالیوں میں ملوث ہے۔ بھارت عملی طور پر کشمیر میں عوام سے شکست کھا چکا ہے اور اب مذموم مقاصد کے لئے مقبوضہ جموں وکشمیر کی ڈیموگرافی تبدیل کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ پاکستان دنیا میں کشمیریوں کا واحد وکیل ہے۔ پاکستان کشمیریوں کے حق خودارادیت کی بھرپور حمایت کر رہا ہے۔ 1947 کے بعد سے آزاد کشمیر میں مقبوضہ جموں وکشمیر کے مقابلے میں بے پناہ ترقی ہوئی ہے۔ آزاد کشمیر سے متعلق بھارت منفی پراپیگنڈہ کر رہا ہے

# سیاسی جماعتوں میں اتنے اختلافات اور دوریاں پیدا کی گئیں وہ آپس میں بیٹھنے کیلئے تیار نہیں، علی امین گنڈاپور

## خیبر پختونخوا میں 800 میگاواٹ پن بجلی منصوبوں پر کام جاری ہے، پن بجلی کی استعداد کے موثر استعمال کیلئے صوبائی حکومت اپنی ٹرانسمیشن لائن بچھا رہی ہے

### اقدام سے نچلی سطح پر سروس ڈیلیوری میں بہتری آئیگی، 90 فیصد انتظامی مسائل مقامی سطح پر حل ہوں گے، وزیراعلی کی ینگ پارلیمنٹیرینز فورم کے وفد سے گفتگو

پشاور (انٹرنیوز) وزیراعلی خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے انتظامی معاملات موثر طریقے سے چلانے کیلئے صوبے، انتظامی یونٹس کے چھوٹے ہونے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ اقدام سے نچلی سطح پر سروس ڈیلیوری میں خاطر خواہ بہتری آئے گی، 90 فیصد انتظامی مسائل مقامی سطح پر حل ہوں گے۔ منگل کو وزیراعلی خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور سے ینگ پارلیمنٹیرینز فورم کے نمائندہ وفد نے ملاقات کی جس میں ملکی سیاسی صورتحال اور قومی مفاد کے مختلف امور پر تبادلہ خیال جبکہ ملک میں امن، ترقی اور بہتر سیاسی ماحول کیلئے مل جل کر کام کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ وفد سے گفتگو میں وزیراعلی علی امین نے کہا کہ ملک میں صوبوں اور دیگر انتظامی یونٹس کے حجم کا بڑا ہونا ایک مسئلہ ہے، انتظامی معاملات بہتر اور موثر انداز میں چلانے کیلئے صوبے اور انتظامی یونٹس چھوٹے ہونے چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبے اور انتظامی یونٹس چھوٹے ہونے سے نچلی سطح پر سروس ڈیلیوری میں خاطر خواہ بہتری آئے گی اور 90 فیصد انتظامی مسائل حل مقامی سطح پر حل ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں 800 میگاواٹ پن بجلی منصوبوں پر کام جاری ہے، پن بجلی کی استعداد کے موثر استعمال کیلئے صوبائی حکومت اپنی ٹرانسمیشن لائن بچھا رہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ دہشت گردی کیخلاف جنگ میں صوبے خصوصاً ضم اضلاع کے عوام نے بے انتہاء قربانیاں دی ہیں، وار آن ٹیرر اور ضم اضلاع کے انفراسٹرکچر کی بحالی کیلئے وفاق سے کم شیئرز مل رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ اداروں کو مالی طور پر مستحکم کرنے کیلئے صوبائی حکومت نے 50 ارب کی لاگت سے ڈیبٹ مینجمنٹ فنڈ قائم کیا ہے۔ اس موقع پر وفد نے بہتر طرز حکمرانی یقینی بنانے اور دہشت گردی سدباب کیلئے وزیر اعلی کے اقدامات کی تعریف کی۔

## دارالحکومت کے سرکاری دفاتر کے باہر بھکاریوں نے ڈیرے ڈال لیے، لوگوں کو مشکلات کا سامنا

مظفر آباد (اے ایف پی) دارالحکومت مظفر آباد کے سرکاری دفاتر کے باہر بھکاریوں نے ڈیرے ڈال لیے، نیو سیکرٹریٹ اور اولڈ سیکرٹریٹ میں سرکاری دفاتر کھلتے ہی نوجوان خواتین، بچوں اور بزرگ بھکاریوں کی بڑی تعداد امڈ آتی ہے جس سے ملازمین کو سرکاری امور کی انجام دہی میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے جب کہ کام کاج کی غرض سے آنے والے سائلین کیلئے بھی بھکاریوں کی جوق در جوق آمد تکلیف کا باعث ثابت ہو رہی ہے

## پاکستان کی ترقی کیلئے مشترکہ کاوشوں کا ہونا بہت اہم ہے، شزہ فاطمہ

### ٹیکنالوجی کے میدان میں دنیا میں جو ہو رہا ہے ہمیں اس کے ساتھ چلنا ہے

وزیر مملکت آئی ٹی شزہ فاطمہ جاز، نیشنل یونیورسٹی آف سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی (نسٹ) اور نیشنل انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ (این آئی ٹی بی) کے مابین مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کی تقریب سے خطاب کر رہی تھیں جس کا انعقاد منگل کو وزارت آئی ٹی کے کمیٹی روم میں ہوا۔ اس موقع پر سیکرٹری آئی ٹی ضرار ہاشم خان، اسپیشل سیکرٹری آئی ٹی ڈویژن اظفر منظور بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا جاز، نسٹ اور این آئی ٹی بی کے مابین یہ تعاون نہ صرف انوویشن کو فروغ دے گا بلکہ پاکستان کے مصنوعی ذہانت کے میدان میں لیڈر بن کر ابھرنے میں مددگار بھی ہوگا۔

## پشتونوں کے ساتھ سوتیلی ماں جیسا سلوک بند نہ ہوئی

### حالات کے ذمہ دار اشرافیہ خود ہوگی محکوم و مظلوم عوام پر عرصہ حیات تنگ کرنے کا احساب دینا ہوگا، احمد خان

کوئٹہ (جی این ایم) افغان قومی موومنٹ کے سربراہ احمد خان نے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ پشتونوں کے ساتھ سوتیلی ماں جیسا سلوک بند نہ ہوئی تو حالات کے ذمہ دار اشرافیہ خود ہوگی محکوم و مظلوم عوام پر عرصہ حیات تنگ کرنے کا احساب دینا ہوگا بدقسمتی سے ریاست خود اپنی عوام پر عرصہ حیات تنگ کر کے سیول نافرمانی کیلئے عوام کو مجبور کر رہی ہے ملک کا باشندہ ہی نہیں تصور کرتیں لغڑیوں کی حالیہ خون ریزی پشتونوں کے ساتھ روا رکھنے والی ظلم و بربریت کی ایک زندہ مثال ہے چمن میں آئے روز پشتون تنگ دست و کاروبار سے محروم رکھنے والی پرامن عوام پر زور زبردستی ناروا فیصلے مسلط کرنے اور وحشی حربوں کے ذریعے کاروبار کے دروازے بند کرانے اور پشتونوں کے ساتھ سوتیلی ماں جیسا سلوک کے گھناونی سازش کے خاتمے میں ریاست بری طرح ناکام ہو چکی ہے بیان میں اشرافیہ سے پرزور مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ڈیورنڈ لائین پر کاروبار کے دروازے سابقہ ادوار کی طرح کھول کر پاسپورٹ نفاذ کا فیصلہ واپس لیکر ملک کے تمام شہروں میں پشتونوں کے ساتھ ظلم و زیادتی اور سوتیلی ماں جیسا سلوک بند کیا جائے

## ڈی جی نیب لاہور امجد مجید اولکھ کی گریڈ 21 میں ترقی

لاہور (اے ایف پی) ڈی جی نیب لاہور امجد مجید اولکھ کو گریڈ 21 میں ترقی دے دی گئی۔ چیئرمین نیب کی سربراہی میں سلیکشن بورڈ کا اجلاس ہوا، ڈی جی نیب لاہور امجد مجید اولکھ کی بہترین کارکردگی کو مدنظر رکھتے ہوئے انہیں گریڈ اکیس میں ترقی دینے کی منظوری دی گئی۔ ڈی جی نیب لاہور امجد مجید اولکھ کی ترقی کا نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا ہے۔

کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ سریکر پارکنگ پلازہ میں سہولت اور تعمیرات کا معائنہ کر رہے ہیں۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ بھی موجود ہیں۔

# بزنس کمیونٹی پیسہ کمائے گی تو حکومت کو بھی ریونیو آئے گا، مراد علی شاہ

## روزمرہ کی زندگی میں حقوق العباد پر عمل کرنا ہی دراصل انسانی حقوق ہیں، وزیراعلی سندھ

### اسرائیلی اور بھارتی مظالم سے بے گناہ انسانوں کو تحفظ دلایا جائے، مراد علی شاہ کی عالمی برادری سے اپیل

کراچی (این این آئی) وزیراعلی سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ روزمرہ کی زندگی میں حقوق العباد پر عمل کرنا ہی انسانی حقوق ہیں۔ فلسطین اور کشمیر میں اسرائیل اور بھارت انسانی حقوق کی بدترین خلاف ورزیاں کر رہے ہیں۔ یہ بات انہوں نے انسانی حقوق کے عالمی دن کی مناسبت سے وزیراعلی ہاس سے اپنے جاری کردہ پیغام میں کہی۔ وزیراعلی سندھ نے کہا کہ انسانی حقوق کا عالمی دن ہر سال 10 دسمبر کو دنیا بھر میں منایا جاتا ہے، اس سال 2024 ہمارے حقوق، ہمارا مستقبل، ابھی کے عنوان سے منایا جا رہا ہے۔ سید مراد علی شاہ نے کہا کہ روزمرہ کی زندگی میں حقوق العباد پر عمل کرنا ہی دراصل انسانی حقوق ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انسانی حقوق پرامن، انصاف پسند اور جامع معاشروں کی بنیاد ہیں اور اظہار آزادی، تعلیم اور صحت کی رسائی انسانی حقوق کی اولین ترجیحات ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ سندھ حکومت بلا تفریق انسانی حقوق کی فراہمی پر یقین رکھتی ہے۔ انسانی حقوق کو یقینی بنانے کے لیے ایک منصفانہ سماج کا قیام لازمی ہے اور سندھ سمیت پاکستان میں تمام شہریوں کو یکساں حقوق حاصل ہیں۔ وزیراعلی سندھ مراد علی شاہ نے گورنر ہاؤس لاہور میں فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نائب صدر و ریجنل چیئرمین ذکی اعجاز، نائب صدر و ریجنل چیئرمین سندھ ساؤتھ عبدالموہمن و دیگر وفد سے ملاقات کے موقع پر کہا کہ انڈسٹری کا فروغ ہمارا مقصد ہونا چاہیے، بزنس کمیونٹی پیسہ کمائے گی تو حکومت کو بھی ریونیو آئے گا۔ اگر صنعتکاروں کو مفت زمین دی جائے تو صنعتکاری میں اضافہ ہوگا۔ سندھ حکومت بزنس کمیونٹی کو سپورٹ کرتی ہے، ایف پی سی سی آئی آفس میں آ کر بزنس کمیونٹی کو یقین دہانی کراں گا کہ آپ کام کریں سندھ حکومت آپ کو سپورٹ کرے گی۔

## پی ٹی آئی اور حکومت میں مذاکرات کا عمل خوش آئند اقدام ہے، مرزا اختیار بیگ

### پاکستان کو گمبھیر صورتحال سے نکالنا صرف مذاکرات سے ہی ممکن ہے، پاکستان سیاست اور اسٹیبلشمنٹ ایک ساتھ ہی چلیں گے

اسلام آباد (اے ایف پی) پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرین کے مرکزی رہنما مرزا اختیار بیگ نے کہا ہے آٹھ فروری کو ہونے والے عام انتخابات کے بعد صدر مملکت آصف علی زرداری نے سب سے پہلے حکومت بنانے کی دعوت تحریک انصاف کو دی تھی جس کو انہوں نے مسترد کر دیا تھا، دوبارہ مذاکرات کا عمل شروع ہونا خوش آئند اقدام ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف کی جانب سے حکومت کو ایک مرتبہ مذاکرات کی دعوت دینا خوش آئند اقدام ہے۔

## ایف بی آئی ڈائریکٹر کا ٹرمپ کے عہدہ سنبھالنے سے قبل ہی مستعفی ہونے کا اعلان

واشنگٹن (اے ایف پی) امریکی تحقیقاتی ادارے (ایف بی آئی) کے ڈائریکٹر کرسٹوفر رے نے ڈونلڈ ٹرمپ کے عہدہ سنبھالنے سے قبل ہی مستعفی ہونے کا اعلان کر دیا۔ امریکی میڈیا کے مطابق کرسٹوفر رے نے ایف بی آئی کے اندرونی اجلاس میں اپنے عہدے سے دستبرداری کا اعلان کیا۔

## پنجاب حکومت نے ماسک پہننا لازمی قرار دے دیا

### وزیراعلیٰ مریم نواز کی جنگی بنیادوں پر کام کرنے، ماحولیاتی قوانین پر عملدرآمد کی ہدایت

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے ماحولیاتی قوانین پر عمل درآمد کی ہدایت کرتے ہوئے ماسک پہننا لازمی قرار دیدیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے اسموگ کی صورتحال میں جنگی بنیادوں پر کام کرنے اور ماحولیاتی قوانین پر عمل درآمد کی ہدایت کی۔ صوبے بھر میں موجودہ ماحولیاتی حالات میں ماسک پہننا لازمی قرار دیا گیا ہے۔ اس بارے میں سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے کہا کہ شہری ماحولیاتی آلودگی کے خلاف جہاد میں بھرپور حصہ لیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت سے تیز ہواؤں کے ساتھ آنے والی اسموگ سے بچاؤ میں ہر شہری کو کردار ادا کرنا ہوگا

## نواز شریف، آصف زرداری کیخلاف توشہ خانہ گاڑیوں کا ریفرنس سپیشل جج سینٹرل کو بھیجنے کا فیصلہ

اسلام آباد (اے ایف پی) احتساب عدالت اسلام آباد کی جج عابدہ سجاد نے نواز شریف اور صدر آصف زرداری کیخلاف توشہ خانہ گاڑیوں کا ریفرنس سپیشل جج سینٹرل کو بھیجنے کا فیصلہ دے دیا۔ احتساب عدالت نمبر 3 کی جج عابدہ سجاد نے محفوظ شدہ فیصلہ سنایا،

کوئٹہ: پاکستان مسلم لیگ ن کے سینئر نائب صدر نواب سلمان خان جوگیزئی پریس کانفرنس کر رہے ہیں۔

روزنامہ بولان
موبائل حب: 0336-6113760
فون حب: 0853-310202
فیکس حب: 0853-310202
موبائل کوئٹہ: 0300-8380280
موبائل اسلام آباد: 0309-7900035
چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد الیاس کبدہ نے الآصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ کراچی سے چھپوا کر دفتر روزنامہ بولان آر سی ڈی روڈ بولان مارکیٹ حب سے شائع کیا۔
Email:dailybolanhub@gmail.com

## پھیکا سچ

[illegible] شگون نہیں ہے۔ اس پر بہت سے معیشت دان یہ بیانیہ دیتے نہیں تھکتے تھے کہ پاکستان کی بے تحاشا بڑھتی ہوئی آبادی پریشان کن نہیں بلکہ اس میں ایک خوش کن امکان پوشیدہ ہے۔ ان کا دعویٰ یہ رہا کہ نوجوانوں کی بہت بڑی تعداد کا تناسب جسے Youth bulge کہتے ہیں مستقبل کے لیے اچھی نوید ہے، یوں کہ پاکستان کے پاس اسی سبب مستقبل میں لیبر زیادہ دستیاب ہوگی جب کہ بہت سارے ممالک میں لیبر کی قلت ہے۔ یوں پاکستان کے لیے اپنی معاشی ترقی اور دنیا بھر میں بڑھتی [illegible]

[illegible] تیسرے اور بلوچستان چوتھے نمبر پر ہے۔ یوں اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ سندھ اور بلوچستان میں طلبہ و طالبات اور کل کے نوجوان تعلیم کے معاملے میں پیچھے ہیں۔ پنجاب میں پبلک فائنانس اور نظم و نسق اور مینجمنٹ کی کیٹگری نیچے رہی۔ خیبر پختون خواہ میں بھی گورننس اور مینجمنٹ اور پبلک فنانس کی کیٹگری اوسط سے کم رہی، تاہم دوسرے صوبوں کی نسبت لرننگ قدرے بہتر پائی گئی۔ سندھ کی حد تک پبلک فائننس میں مقابلتاً بہتری جب کہ دیگر عناصر کی اوسط سے کم کیٹگریز میں رہیں۔

## سیاستدان اور جیل

میرا شمار قیدی نمبر 804 کے بدترین ناقدین میں کیا جاسکتا ہے، میں ان کی شخصیت کے سحر میں گرفتار نہیں، ان کے طرز سیاست کو پسند نہیں کرتا، انہیں قوم کا مسیحا یا نجات دہندہ تسلیم نہیں کرتا اور اپنے ان خیالات اور سوچ کو کبھی مخفی نہیں رکھا، برملا اظہار کرتا رہتا ہوں۔ مگر آج مجھے ایک اعتراف کرنا ہے، قیدی نمبر 804 نے مجھ جیسے تجزیہ نگاروں اور نقادوں کو ہی نہیں اپنے سیاسی مخالفین کو بھی غلط ثابت کر دیا ہے۔ جناب آصف زرداری صاحب بتایا کرتے تھے کہ عمران خان چھپکلی سے ڈرتے ہیں۔ خواجہ آصف اور رانا ثنا اللہ کا دعویٰ تھا کہ جب جیل میں انہیں مخصوص دوائی نہیں ملے گی تو یہ ٹوٹ جائیں گے، چند ہفتے بھی جیل میں نہیں گزار سکیں گے۔ ذاتی طور پر میرا بھی یہی خیال تھا کہ شہزادوں کی سی زندگی بسر کرنے والے عمران خان اسیری کے ایام ثابت قدمی سے نہیں گزار سکیں گے۔ مگر اس نے یہ سب تخمینے اور اندازے غلط ثابت کر دیئے۔ سابق وزیراعظم میاں نواز شریف جنہیں سویلین بالادستی کا سرخیل سمجھا جاتا ہے انہوں نے 5 ماہ جیل میں گزارے تھے اور عمران خان اب تک 13 ماہ کی قید کاٹ چکے ہیں۔ میاں نواز شریف کو 6 جولائی 2018 کو ایون فیلڈ ریفرنس میں 10 سال قید کی سزا سنائی گئی، انہوں نے 12 اور 13 اکتوبر کی درمیانی شب لاہور ایئر پورٹ پر گرفتاری دی، 11 ستمبر 2018 کو بیگم کلثوم نواز کی رحلت پر انہیں پیرول پر رہائی ملی جبکہ 18 ستمبر 2018 کو اسلام آباد ہائیکورٹ نے احتساب عدالت کی طرف سے سنائی گئی سزا معطل کر کے انہیں ضمانت پر رہا کر دیا۔ اگر پیرول پر رہائی کو شمار نہ بھی کیا جائے تو مجموعی طور پر وہ 66 دن جیل میں رہے۔ 24 دسمبر 2018 کو احتساب عدالت نے نواز شریف کو العزیزیہ ریفرنس میں 7 سال قید کی سزا سنا دی تو وہ پھر گرفتار ہو گئے اور 26 مارچ 2019 کو عدالت نے انہیں علاج کیلئے بیرون ملک جانے کی اجازت دیدی یعنی دوسری بار ان کی اسیری کا دورانیہ 90 دن پر محیط رہا اور مجموعی طور پر میاں نواز شریف نے 156 دن جیل میں گزارے۔ اگر ہم سابق وزیراعظم عمران خان کی بات کریں تو انہیں 5 اگست 2023 کو لاہور میں انکی رہائش گاہ زمان پارک سے گرفتار کر کے اٹک جیل منتقل کیا گیا اور پھر اڈیالہ جیل منتقل کر دیا گیا۔ تب سے اب تک وہ اسی جیل میں قیدی نمبر 804 کے طور پر موجود ہیں۔ انہیں جیل میں 400 دن ہو چکے ہیں اور وہ گزشتہ 13 ماہ کے دوران ایک بار بھی بیمار نہیں ہوئے، کبھی ان کے پلیٹ لیٹس کم نہیں ہوئے، حالت خراب ہونے پر اسپتال منتقل نہیں کیا گیا۔ اب آپ کہیں گے کہ عمران خان کو جیل میں سب سہولتیں میسر ہیں، انہیں باورچی دیا گیا ہے، ورزش کے لئے راہداری اور ایکسر سائز مشین فراہم کی گئی ہے، وہ ہر روز صحافیوں سے گفتگو کرتے ہیں، اپنے وکلا اور پارٹی رہنماؤں سے ملاقاتیں کرتے ہیں، بیرون ملک اخبارات میں ان کے انٹرویوز شائع ہوتے ہیں، بھلا یہ بھی کوئی قید ہے۔ ایک طرف سیاسی مخالفین کا یہ بیانیہ ہے تو دوسری طرف قیدی نمبر 804 کا دعویٰ ہے کہ انہیں قید تنہائی میں رکھا گیا ہے، کبھی وہ یہ مضحکہ خیز بات کرتے ہیں کہ انہیں سزائے موت کے قیدیوں کیلئے مخصوص سیل میں رکھا گیا ہے، وہ بہت مشکل قید کاٹ رہے ہیں۔ میری دانست میں یہ دونوں بیانئے مبالغہ آرائی اور غیر حقیقت پسندی پر مبنی ہیں۔ عمران خان کو شاید یہ بات معلوم نہیں کہ جیل میں عام قیدی اور بالخصوص سزائے موت کے منتظر قیدی کس طرح کی صعوبتیں برداشت کرتے ہیں۔ انہیں تو اپنی کوٹھڑی میں مرضی سے بلب جلانے کی اجازت نہیں ہوتی، شلوار میں ازار بند استعمال نہیں کرنے دیا جاتا کہ کہیں خودکشی نہ کرلیں۔ جاوید ہاشمی جو آج کل آپ کا مقدمہ لڑ رہے ہیں، موقع ملے تو کبھی ان سے پوچھ لیں کہ جنرل پرویز مشرف کے دور میں جب وہ اسی اڈیالہ جیل میں قید تھے تو انہوں نے ابتلا و آزمائش کا کیسا زمانہ دیکھا۔

دوسری طرف سیاسی مخالفین کی طرف سے جن سہولتوں کا ذکر کیا جاتا ہے وہ اس سطح کے تمام سیاسی قیدیوں کو حاصل ہوتی ہیں۔ بلکہ جب میاں نواز شریف پابند سلاسل تھے تو انہیں جیل میں ایئر کنڈیشنر بھی فراہم کیا گیا تھا لیکن عمران خان کو صرف روم کولر کی سہولت دی گئی۔ حبس کے موسم میں جب گھروں میں پنکھے کے نیچے بیٹھ کر پسینہ آ رہا ہوتا ہے، تب کیا حالت ہوتی ہے اور پھر جو شخص قید ہو، اس کی کیفیت کا تو ہرگز اندازہ نہیں کیا جا سکتا۔ سیاسی مخالفین میں محض رانا ثنا اللہ نے کشادہ دلی اور اعلیٰ ظرفی کا مظاہرہ کرتے ہوئے چند روز پہلے یہ اعتراف کیا تھا کہ عمران خان نے ان کے تمام اندازوں کو غلط ثابت کر دیا ہے۔ ایک ٹی وی انٹرویو کے دوران انہوں نے کہا کہ عمران خان نے جیل کاٹنے میں مزاحمت دکھائی ہے اور وہ کچھ کر دکھایا ہے جس کی انہیں توقع نہیں تھی۔

## گولڈن جوبلی

کیا حسن اتفاق ہے کہ 7 ستمبر 1974 کو پاکستان کی پارلیمنٹ نے عقیدہ ختم نبوت کی چوکیداری کرتے ہوئے قرآن وسنت کی روشنی میں قادیانیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دیا تھا وہ ہفتہ کا دن تھا، پچاس سال بعد 7 ستمبر 2024 کو جس روز مسلمانوں نے اس تاریخ ساز فیصلے کی گولڈن جوبلی منائی اور تجدید عہد کیا وہ بھی ہفتہ کا دن تھا۔

جمعیت علما اسلام اور عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت نے مینار پاکستان کے وسیع گراونڈ میں یوم فتح منانے کے لیے گولڈن جوبلی کانفرنس کا انعقاد کیا جس میں ملک بھر سے لاکھوں عاشقان مصطفیٰ نے جوق در جوق شرکت کرکے جہاں تحریک ختم نبوت میں آقا کریم کی ناموس کی چوکیداری کرتے ہوئے قربانیاں دینے والے شہدا اور غازیوں کو خراج عقیدت پیش کیا وہاں تجدید عہد بھی کیا کہ عقیدہ ختم نبوت کی چوکیداری کا فرض نبھاتے ہوئے اپنی جان اور اولاد کی قربانی دینے سے بھی گریز نہیں کیا جائے گا۔

کانفرنس 7 ستمبر کی سہ پہر شروع ہونا تھی لیکن قافلے چھ ستمبر ہی کو پہنچنا شروع ہو چکے تھے۔ ریلوے اسٹیشن، بس اڈوں، لاہور کی چھوٹی بڑی شاہراہوں پر عشاقان ختم نبوت کے جلوس اور ٹولیاں ہی ٹولیاں نظر آ رہی تھیں، جس طرف بھی جاتے لاہور کی فضائیں پر کیف نعروں سے گونجتی ہوئی محسوس ہو رہی تھیں۔ کانفرنس کے آغاز سے پہلے ہی مینار پاکستان گراونڈ کا دامن تنگ پڑ چکا تھا، گرمی اور حبس کے باوجود شمع رسالت کے پروانوں سے کھچا کھچ بھر چکا تھا۔

گولڈن جوبلی کانفرنس کے انتظامات جمعیت علمائے اسلام کی ذیلی تنظیم انصار الاسلام کے ہزاروں رضا کاروں نے سنبھالے اور انتہائی منظم انداز میں کانفرنس کے پرامن انعقاد کو یقینی بنانے میں کلیدی کردار ادا کیا۔ ان انتظامات کے روح رواں جمعیت علمائے اسلام کے حافظ نصیر احمد احرار اور سیکریٹری اطلاعات مولانا غضنفر صاحب تھے جس کے لیے وہ مبارکباد کے مستحق ہیں۔ سہ پہر کانفرنس کا آغاز ہوا، تمام مکاتب فکر کے علمائے کرام اور قائدین کی آمد کا سلسلہ شروع ہوا جو کانفرنس کے اختتام تک جاری و ساری رہا۔ امیر مجلس حافظ ناصر الدین خاکوانی، مولانا عزیز الرحمٰن، مفتی تقی عثمانی، مفتی محمد حسن، پیر ذوالفقار نقشبندی، مولانا فضل الرحیم اشرفی ایسے اکابرین ضعف اور علالت کے باوجود اسٹیج پر جلوہ افروز تھے۔

قائدین کے بیانات کا سلسلہ جاری رہا، لاہور کی فضاں میں تاجدار ختم نبوت کے نعرے گونجتے رہے۔ امیر شریعت سید عطا اللہ شاہ بخاری سے لے کر مفکر اسلام حضرت مولانا مفتی محمود اور مفتی محمود سے لے کر قائد جمعیت مولانا فضل الرحمٰن تک عقیدہ ختم نبوت کی چوکیداری کا حق ادا کرنے والے تمام اکابرین کو خراج عقیدت پیش کرنے کا سلسلہ جاری تھا۔ اکابرین کی ولولہ انگیز تقاریر کا سلسلہ سارا دن جاری رہا مگر شمع رسالت کے پروانوں کا جم غفیر قائد جمعیت مولانا فضل الرحمٰن کے خطاب کا منتظر تھا کیونکہ مولانا کا خطاب راہروان عشق و مستی کے لیے نشان منزل کی حیثیت رکھتا

**تحریر: اشفاق اللہ جان**

تھا، اسی لیے سب کی نظریں مولانا فضل الرحمٰن پر جمی ہوئی تھیں۔ تقریبا ساڑھے بارہ بجے مولانا کو دعوت خطاب دی گئی تو لاکھوں کے مجمعے نے کھڑے ہوکر تکبیر کے نعروں سے ان کا استقبال کیا۔ مولانا ڈائس پر آئے اور خطاب شروع کیا۔

آج انھوں نے اپنی تقریر کا خطبہ معمول سے ہٹ کر عطا اللہ شاہ بخاری کی طرح مترنم انداز میں پڑھا، دل مضطرب اور لہجے میں سوز و گداز چھلک رہا تھا آنکھوں میں اظہار تشکر کے موتی چمک رہے تھے۔

مولانا نے شرکا کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا آپ نے ہم جیسے کمزور لوگوں کی دعوت پر جس طرح لبیک کہا ہے میں اپنی زندگی آپکے شکریہ کیلیے وقف کر دوں تب بھی میں فرزندان تحفظ ختم نبوت اور اہل پاکستان کا شکریہ ادا نہیں کر سکوں گا۔ آج درویش صفت اور عجز و انکساری کے پیکر مولانا کا پر جوش خطاب، خطاب نہیں، للکار تھی۔ للکار ان قوتوں کے لیے جو پاکستان میں اسلام کے ساتھ چھیڑ چھاڑ کرتے ہیں۔ ان کا خطاب چار اہم ترین نکات کے گرد گھومتا رہا، پہلا تحفظ عقیدہ ختم نبوت، دوسرا مسئلہ فلسطین، تیسرا تحفظ مدارس دینیہ اور چوتھا نکتہ سودی نظام سے نجات کا تھا۔ ان چاروں نکات پر مولانا کا خطاب پاکستان کے ہر غیور مسلمان کے دل کی آواز اور ترجمانی تھی۔

مولانا نے واشگاف الفاظ میں کہا کہ 50 سال کے بعد آج کا دن دنیا کو یہ پیغام دے رہا ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی ختم نبوت پر شب خون مارنے والوں کو اپنی عاقبت کا اندازہ کر لینا چاہیے کہ پاکستان کے عوام اپنے رسول اللہ کی ختم نبوت کے دفاع کے لیے ہر حد پار کر سکتے ہیں۔ 50 سال گزرنے کے باوجود بھی قوم کے عاشقانہ جذبے میں کوئی کمی نہیں آئی اور ان شا اللہ اگلی صدی تک میں اس کی ضمانت دیتا ہوں اللہ کے فضل و کرم پر اور اس پر اعتماد کرتے ہوئے کہ آئندہ صدی بھی آپ کی ہے۔

مولانا کی تقریر کا دوسرا نکتہ امت مسلمہ کا سب سے بڑا مسئلہ، مسئلہ فلسطین تھا، یہ سلگتا ہوا مسئلہ ہر مسلمان کے لیے اضطراب و بے قراری کا سبب ہے، پاکستان میں اسرائیل کو تسلیم کرنے کے حوالے سے باقاعدہ ایک مہم چلائی گئی، جمعیت علمائے اسلام میدان میں نکلی اور مختلف شہروں میں تاریخی ملین مارچ کر کے ملت اسلامیہ کی ترجمانی کا حق ادا کیا۔ مولانا نے اپنے خطاب میں واشگاف الفاظ میں کہا کہ میں دنیائے اسلام کے حکمرانوں کو کہنا چاہتا ہوں اور آپ کی طرف سے پیغام دینا چاہتا ہوں کہ اسرائیل کے وجود کو تسلیم نہیں کیا جا سکتا اور اتنے زیادہ انسانوں کا خون بہانے کے بعد بھی کیا امریکا جس کے ہاتھوں سے فلسطینیوں کا خون ٹپک رہا ہے، جس کے ہاتھوں سے عراقیوں کا خون ٹپک رہا ہے، جس کے ہاتھوں سے افغانوں کا خون ٹپک رہا ہے، جس کے ہاتھوں سے لیبیا کے عوام کا خون ٹپک رہا ہے۔

کیا اس کے بعد بھی امریکا کو انسانی حقوق کی بات کرنے کا حق حاصل ہے؟ امریکا انسانی حقوق کا قاتل تو ہو سکتا ہے انسانی حقوق کا علمبردار نہیں ہو سکتا۔ مولانا کی تقریر کا تیسرا نکتہ مدارس دینیہ کا تحفظ تھا، مدارس دینیہ کے حوالے سے جن تحفظات کا اظہار کیا جاتا ہے، اتحاد تنظیمات مدارس دینیہ ہی نہیں جمعیت علمائے اسلام اور ملک کی دیگر جماعتوں نے بھی ایسے تحفظات کو مسترد کر دیا تھا لیکن مدارس سے وابستہ علمائے کرام تاحال شدید مضطرب ہیں، مولانا نے اپنے خطاب میں دو ٹوک الفاظ میں کہا کہ عالمی آقاں کے دباؤ پر تم ہمارے دینی مدارس پر دباؤ ڈال رہے ہو، تم میرے مدرسے کی ایک اینٹ گراؤ گے، میں تمہارے اقتدار کی پوری عمارت کو زمین بوس کر دوں گا۔ مولانا کا جرات مندانہ موقف ان لاکھوں مضطرب علما و طلبا کے جذبات و احساسات کا ترجمان ہے۔

مولانا نے خبردار کیا کہ کوئی اسلام کو مت چھیڑے، عقیدہ ختم نبوت پر امت مسلمہ کا اجماع اور سود کے خاتمے پر پوری قوم متفق ہے۔ وفاقی شریعت عدالت نے سود کے خاتمے کا فیصلہ کیا، اسٹیٹ بینک اور نیشنل بینک نے اس کے خلاف اپیلیں واپس لیں لیکن کچھ بینکوں نے اپیل دائر کی اور اس پر اسٹے لیا نظر ثانی کے لیے درخواست دی۔ میں نے چیف جسٹس صاحب سے درخواست کی ہے کہ جن لوگوں نے سود کی حرمت کے حوالے سے جو عدالت نے فیصلے دیے ہیں اور اس کے خلاف اپیلیں دائر ہوئی ہیں ان اپیلوں کو فوراً نمٹایا جائے، عدالت نے تمام اداروں کو یہ ہدایت کی تھی کہ پانچ سال کے اندر اندر اپنے مالیاتی نظام کو سود کی آلائش سے پاک کر دیں پھر کسی بینک کے اسٹے کے اوپر کیسے آپ نے اتنا بڑا فیصلہ روکا ہوا ہے! ان شا اللہ اس کے لیے بھی تحریک چلائیں گے، سود کا نظام اللہ اور اس کے رسول سے براہ راست جنگ کا نام ہے، کوئی مسلمان یہ کیسے سوچ سکتا ہے کہ وہ اللہ اور اس کے رسول سے جنگ کرے؟

یوم الفتح کی گولڈن جوبلی کے موقع پر مولانا فضل الرحمٰن کا خطاب ملک بھر کی دینی جماعتوں، علما و مشائخ اور اسلام پسند عوام کیلیے مشعل راہ ہے، انھوں نے ایک گائیڈ لائن دی، نصب العین کا تعین کر کے بتا دیا ہے کہ اگر ہم اسلام کے نام پر حاصل کیے گئے اس ملک میں اسلام کا تحفظ چاہتے ہیں تو اسی نصب العین کے لیے جدوجہد کرنا ہوگی۔ اس کے علاوہ جہاں جاگے بھٹک جاگے اور داستاں بھی نہ ہوگی تمہاری داستانوں میں۔

☆☆☆☆☆☆☆

## غربت کا منحوس چکر

پاکستان کا شمار ان ملکوں میں ہوتا ہے جہاں وسائل کی کمی نہیں۔ قدرت نے اسے ہر طرح سے مالا مال کر رکھا ہے۔ اس کے مقابلے میں ہم ان ملکوں کو بھی دیکھتے ہیں جن کے پاس وسائل کی کمی ہے لیکن وہ ترقی یافتہ ملکوں کی صف میں نمایاں نظر آتے ہیں۔ ہم نے جب سے آئی ایم ایف کا دامن پکڑا ہے، اس وقت سے آئی ایم ایف کی شرائط غریب کش ہی نظر آ رہی ہیں۔ آخر ایسا کیوں ہے کہ ہم تمام وسائل سے مالا مال ہونے کے باوجود معاشی ترقی کے بجائے معاشی پسماندگی کی طرف بڑھتے چلے جا رہے ہیں۔

معاشی پسماندگی کی کئی وجوہات ہوتی ہیں، اگر افراد کی آمدنی کی سطح پست ہو تو ایسی صورت میں گھر کے افراد کو پست معیار زندگی بسر کرنا ہوگا۔ کئی وجوہات ایسی ہیں جن کے ہوتے ہوئے ہم کہہ سکتے ہیں کہ پاکستانی افراد کی ایک بہت بڑی اکثریت پست معیار زندگی کا شکار ہیں۔ کم آمدن کے باعث قلت خوراک کا شکار ہو جانا، بچوں میں غذائیت کی کمی کا ہونا، بچوں کو اسکول میں داخل نہ کروانا، 7 سے 8 سال کے بچوں کو غریب والدین کام پر لگا دیتے ہیں یا پھر بچیوں کو امیر گھرانوں میں ملازمہ رکھوا دیتے ہیں اور ہر ماہ آ کر باقاعدگی سے والدین بچی کی تنخواہ لے جاتے ہیں۔ صحت و علاج کی ملک میں سہولیات ناکافی ہیں۔

پاکستان میں ہر سال ہزاروں ڈاکٹر فارغ التحصیل ہوتے ہیں۔ ان میں سے بیشتر اپنا مستقبل سنوارنے کے لیے دیار غیر جا کر بس جاتے ہیں۔ گزشتہ دو عشروں سے پاکستان انتہائی خوفناک مسائل میں گھر چکا ہے۔ نائن الیون کے بعد ملک میں دھماکوں کا سلسلہ شروع ہوا اور کئی اشیا کے نرخوں میں اضافے کے علاوہ بجلی مہنگی ہونے کے باعث، لوڈشیڈنگ کے باعث، گیس کی عدم دستیابی کے باعث اور دیگر بہت سے مسائل کے باعث کارخانوں کا بند ہو جانا یا پھر بیرون ملک سرمایہ کاروں کا چلے جانا ان وجوہات کی بنا پر بے روزگاری بڑھتی چلی جا رہی ہے۔

اس کے علاوہ بے شمار ایسی وجوہات ہیں جن کے سبب ملک میں غربت کا منحوس چکر چل پڑا ہے، کیونکہ ایک اہم وجہ یہ بھی ہے کہ ملک میں درآمدی جاذب سرمایہ ٹیکنالوجی کا بڑھتا ہوا استعمال روزگار میں زبردست کمی

**تحریر: اصباح ممتاز**

لانے کا سبب بن چکا ہے۔ نیا پانچ سالہ پروگرام ترتیب دیا جا رہا ہے۔ اس وقت پاکستان کو اس بات کی ضرورت ہے کہ ایسی معاشی منصوبہ بندی کی جائے جس کے ذریعے افراد کی کھپت زیادہ سے زیادہ ہو، کیونکہ اگر ایسے منصوبے نافذ العمل کیے جاتے رہے جس میں ٹیکنالوجی کا ایسا استعمال جس کے باعث مزدور کی طلب کم ہو جائے ملک میں بے روزگاری لانے کا سبب بنے گا۔ جب بے روزگاری زیادہ ہوگی ایسی صورت میں لوگوں کی آمدن بھی پست رہے گی اس کے ساتھ ہی بچت میں کمی آئے گی اور سرمایہ کاری کی سطح بھی پست ہی رہے گی۔

آئی ایم ایف نے کئی مرتبہ پاکستان کے ہاتھ باندھے اور اپنی من مانی شرائط پر عمل کروایا، لیکن آج تک غربت میں کمی دور کرنے کا کوئی نسخہ نہ تھما سکا۔ حالانکہ اقوام متحدہ کے میلینیم ٹولز میں یہ بات طے کر دی گئی تھی اور اس سلسلے میں اقوام متحدہ کا اعلامیہ تمام ملکوں کو سنا دیا گیا تھا کہ 2015 تک ہر ملک اپنی غربت کی زندگی بسر کرنے والوں کی تعداد کو پہلے کی نسبت 90 فی صد کمی لے کر آئیں گے، لیکن شاید یہ سب خوشنما نعرے تھے کہ غربت کے خلاف جنگ کا آغاز کر دیا گیا ہے، اب 2015 تک ہر ملک اپنی غربت کو مزید 50 فی صد کم کر دے گا۔ لیکن غربت میں کمی لانے کے بجائے آئی ایم ایف کی جانب سے غربت کش پروگرام جاری کیے جا رہے ہیں جیسا کہ پاکستان میں ہو رہا ہے۔ غریب عوام پر ٹیکسوں کا بوجھ، مہنگی ترین بجلی اور کئی معاشی مسائل ہیں، انھی مسائل کو لے کر گزشتہ روز 28 اگست کو پورے پاکستان میں کامیاب ہڑتال کی گئی، لہٰذا حکومت فوری طور پر اس جانب توجہ دے۔

ادھر آئی ایم ایف کی طرف سے ایک بار پھر تاخیری حربے استعمال کیے جا رہے ہیں۔ 2018 میں بھی کچھ ایسا ہوا تھا کہ حکومت نے آئی ایم ایف کے پاس جانے میں تاخیر کی ایسے میں پاکستان میں ایک لابی ایسی بھی ہے جو کہ غلط خبریں، افواہیں پھیلانے، معاشرے کو غیر یقینی صورت حال کا یقین دلانے میں مہارت رکھتا ہے۔ ان عوامل کے علاوہ قرض کی ادائیگی کے لیے مالیات پر دبانے جلتی پر تیل کا کام کیا اور جلد ہی 105 روپے کا ڈالر بڑھ کر 142 روپے تک پہنچا تھا۔ اسی لحاظ سے ملک میں مہنگائی کا گراف بلند ہونے لگا۔ اس کے سب سے برے اثرات رئیل اسٹیٹ پر مرتب ہوئے۔ پلاٹوں کی قیمتوں میں تیزی سے اضافہ ہونے لگا۔ تعمیرات مہنگی ہوتی چلی گئیں، اس کے بعد پھر 2022 میں اسی قسم کی صورتحال کا سامنا کرنا پڑا۔ آئی ایم ایف وفد اپنی پاکستان یاترا مہم کو طول دیتا رہا پھر ایک مرتبہ ملک افواہوں کی زد میں آ گیا، ادھر زرمبادلہ کے ذخائر گھٹنے لگے۔

حکومت نے بہت سی درآمد پر پابندی عائد کر دی۔ بندرگاہ پر کنٹینرز کی بھرمار ہو چکی تھی، کیونکہ ان کو ریلیز کرنے سے حکومت انکاری تھی۔ آج پھر ٹیکسوں کی بھرمار کے باعث تاجر برادری پریشان ہے۔ بجلی، گیس کی قیمتوں کو لے کر عوام بھی سخت ترین پریشان ہیں۔ ایسے میں آئی ایم ایف کے مطالبات پورا کرنے کے لیے جو اقدام اٹھائے جا رہے ہیں حکومت کو اس پر نظر ثانی کرنا ہوگی۔ بصورت دیگر پاکستان میں بے روزگاری بھی بڑھے گی۔ عوام کی آمدن بھی کم ہوگی، بچت کم ہوگی، سرمایہ کاری کم ہوگی، اس طرح غربت کا منحوس چکر چلتا رہے گا۔ ناخواندگی بڑھتی رہے گی اور پاکستان میں معاشی پسماندگی کا راج قائم رہے گا۔ ان تمام باتوں کو سوچنے اور سمجھنے کے لیے معاشی پلان کو اس طرح سے ترتیب دینا ہوگا تا کہ زیادہ سے زیادہ روزگار کے مواقع پیدا ہوں۔ ملک سے ناخواندگی کا خاتمہ ہو۔

## پاکستان میں مذہبی سیاحت کا فروغ

سیاحت کی صنعت نے دنیا کے کئی ممالک کی ترقی اور معاشی استحکام میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ پاکستان اس حوالے سے نہایت خوش قسمت ہے کہ ہمارے ہاں بلند و بالا پہاڑ اور خوبصورت وادیوں کے ساتھ ساتھ مذہبی سیاحت کو فروغ دینے کے بھی وسیع مواقع موجود ہیں۔ پنجاب میں سکھ برادری کے پانچ اہم ترین مقامات واقع ہیں۔ ان میں ننکانہ صاحب میں واقع سکھ مذہب کے بانی بابا گرونانک دیو جی کا جنم استھان، نارووال میں واقع گردوارہ دربار صاحب کرتار پور، پنجہ صاحب حسن ابدال اور ڈیرہ صاحب لاہور اہم ہیں جبکہ ان تاریخی و مذہبی اہمیت کے اہم مقامات کے علاوہ بھی سکھ دور کی کئی تاریخی عمارتیں پنجاب کے مختلف شہروں میں موجود ہیں۔ اسی طرح بدھ مت دور کی 8 شاندار خانقاہوں، یونیورسٹیوں اور اسٹوپوں کے آثار صوبہ پنجاب سے خیبر پختونخوا کے مختلف علاقوں تک پھیلے ہوئے ہیں۔ جین مت کے حوالے سے صوبہ سندھ بہت زیادہ اہمیت کا حامل ہے جو صدیوں تک جین مت کے ماننے والوں کا گڑھ رہا ہے۔ اس دور کے چار تاریخی مندر اب بھی تھرپارکر میں موجود ہیں جبکہ بلوچستان میں ہنگول دریا کے کنارے واقع ہنگلاج مندر ہندوؤں کا مقدس ترین مقام ہے جس کی یاترا ہندو مذہب کے ماننے والوں میں بڑی اہمیت کی

**تحریر: مولانا نثار المصطفیٰ**

حامل ہے۔ یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ کرتارپور کوریڈور بننے سے قبل سکھ یاتری سرحد کے دوسری طرف گردوارے کی سیدھ میں بنے ہوئے درشن استھل سے علی الصبح دوربینوں کے ذریعے گردوارے کے درشن کر کے اپنی عبادات کا آغاز کیا کرتے تھے۔ کرتارپور کوریڈور کھلنے سے اب وہ اس مقدس مقام تک خود چل کر درشن کیلئے آ سکتے ہیں جس سے نا صرف پاکستان میں مذہبی سیاحت کو فروغ مل رہا ہے بلکہ دونوں ملکوں خصوصاً سکھ برادری میں پاکستان کے حوالے سے مثبت تاثر بھی فروغ پا رہا ہے۔

اس کامیاب تجربے کو سامنے رکھتے ہوئے حکومت کو چاہیے کہ پاکستان میں موجود دیگر مذاہب کے اہم مذہبی مقامات کی بحالی کر کے ان تک رسائی آسان بنائے۔ اسی طرح ٹیکسلا، ہری پور، مردان اور سوات و دیگر شمالی علاقے قدیم گندھارا تہذیب کی وجہ سے بدھ مت کے ماننے والوں اور دیگر غیر ملکی سیاحوں کیلئے بہت زیادہ کشش کے حامل ہیں۔ سکھ ازم اور بدھ مت کے علاوہ ہندو مت اور جین مت مذہب کے ماننے والوں کے درجنوں اہم اور مقدس مقامات بھی پاکستان میں موجود ہیں۔ اگر حکومت اس حوالے سے کوئی منظم حکمت عملی تشکیل دے تو پاکستان کیلئے اربوں روپے کا زرمبادلہ کمانا کوئی بڑی بات نہیں ہے۔ تاہم اس کیلئے ہمیں اپنے شہریوں کی ذہن سازی کرنے کی ضرورت ہے تاکہ وہ پاکستان کے مثبت امیج کو اجاگر کرنے اور معاشی استحکام میں مذہبی سیاحت کی اہمیت کو سمجھ سکیں۔ اس سلسلے میں مذہبی سیاحت کے حوالے سے اہم مقامات اور علاقوں کی مقامی آبادیوں کو سیاحتی پالیسیوں میں شامل کر کے شعور اور آگاہی فراہم کرنا ہوگی تاکہ وہ اپنی لاعلمی سے ان بیش بہا وسائل کو نقصان نہ پہنچائیں۔

## اجتماع کی آزادی

ہم تو خیر اسرائیل کی انتہائی دائیں بازو کی نیتن یاہو حکومت کو تاریخ کی سب سے انتہا پسند فلسطین دشمن سرکار سمجھتے ہیں۔ مگر خود اسرائیلی اسٹیبلشمنٹ مقبوضہ مغربی کنارے کے یہودی آبادکاروں کو انتہا پسند کہہ رہی ہے۔ اندازہ لگا لیں کہ جس گروہ کو ایک انتہا پسند حکومت انتہا پسند قرار دے رہی ہے وہ گروہ دراصل کس لیول کا متشدد ہوگا۔

اس کا اندازہ گزشتہ ہفتے ہوا جب داخلی سلامتی کے ذمے دار اسرائیلی ادارے شن بیت کے سربراہ رونن بار نے وزیر اعظم نیتن یاہو، اٹارنی جنرل اور کابینہ وزیروں کو ایک خط بھیجا جس میں بنا لگی لپٹی خبردار کیا گیا کہ مغربی کنارے پر آباد یہودی آبادکار اس قدر بے لگام ہو چکے ہیں کہ ان کی حرکتوں نے اسرائیل کی سلامتی خطرے میں ڈال دی ہے۔

اسرائیل کے چینل بارہ نے اس افشا ہونے والے خط کے جو مندرجات جاری کیے ہیں ان سے اندازہ ہوتا ہے کہ انتہا پسند حکومت اور سیکورٹی اسٹیبلشمنٹ کے مابین حالات سے نمٹنے کے بارے میں حکمت عملی پر اختلافات کی خلیج کس قدر گہری ہو رہی ہے۔

شن بیت کے سربراہ رونن بار نے اپنے خط میں مزید لکھا ہے کہ مقبوضہ مغربی کنارے پر ہل ٹاپ یوتھ کے نام سے یہودی آبادکاروں کے مسلح دہشت گرد گروہ کو اسرائیلی قومی سلامتی کے وزیر اتمار بن گویر اور وزیر خزانہ بازلیل سموترخ کی مکمل پشت پناہی حاصل ہے۔ (دونوں وزرا بذات خود غرب اردن کے غیرقانونی آبادکار ہیں)۔ انھوں نے اپنے پرتشدد حامیوں کو نہ صرف خودکار اسلحے کے بے تحاشا لائسنس جاری کیے ہیں بلکہ اسرائیلی پولیس کو ان کے کام میں مداخلت سے بھی منع کر رکھا ہے۔

ہل ٹاپ یوتھ نامی یہ فاشسٹ گروہ جو سیکڑوں مسلح آبادکار جنگجوؤں پر مشتمل ہے۔ دیدہ دلیری کے ساتھ فلسطینی املاک نذر آتش کرتا ہے، زمینوں پر قبضہ کرتا ہے اور مزاحمت کرنے والوں کو ہلاک اور زخمی کرتا ہے۔ حتمی مقصد غرب اردن کو عربوں سے پاک کرنا ہے۔

شن بیت کے سربراہ نے اپنے خط میں لکھا ہے کہ ان متشدد آبادکاروں کو جرائم پیشہ کہہ کے درگزر نہیں کرنا چاہیے بلکہ یہ دہشت گرد ہیں۔ ان کا مقصد اپنی کارروائیوں سے وسیع پیمانے پر خوف پھیلانا ہے۔ خط کے مطابق پولیس کی جانب سے نگاہیں چرانے اور کچھ مرکزی رہنماؤں کی پشت پناہی کے سبب صورت حال قابو سے باہر ہو چکی ہے۔ ان آبادکاروں کے تشدد کی ابتدا سگریٹ لائٹرز سے ہوئی تھی اور اب ان کے ہاتھ میں جنگی ہتھیار ہیں۔ ان میں سے متعدد ہتھیار ریاستی عمل داروں نے فراہم کیے ہیں۔ یہ دہشت گردانہ مہم نہ صرف یہودی تعلیمات بلکہ ہم سب پر ایک سیاہ دھبہ ہے۔

شن بیت کے سربراہ نے خبردار کیا کہ یہ دہشت گرد پہلے پہل سیکورٹی فورسز سے آنکھ بچا کے کارروائیاں کر رہے تھے اور اب ان کی جرات اس قدر بڑھ چکی ہے کہ وہ اپنی راہ روکنے والے سیکورٹی اہلکاروں پر حملوں سے بھی نہیں چوک رہے۔ انھیں اسٹیبلشمنٹ کے کچھ اہلکار اسٹیبلشمنٹ کے ایک اور حصے کو نیچا دکھانے کے لیے استعمال کر رہے ہیں اور اس کا نتیجہ ریاستی رٹ کی کمزوری کی صورت میں نکل رہا ہے۔

اس خط میں اٹھارہ جولائی کو قومی سلامتی کے وزیر بن گویر کے مسجد اقصی کے دورے کا بھی تذکرہ ہے۔

(ایک بین الاقوامی سمجھوتے کے تحت اردن اقصی کمپلیکس کا کسٹوڈین ہے۔ اس احاطے میں یہودی داخل تو ہو سکتے۔ البتہ یہاں عبادت کے لیے مسلمان ہونا شرط ہے۔ مگر بن گویر نے اپنے دورے میں کھلم کھلا میڈیا کیمروں کے سامنے اس احاطے میں اپنے ہمراہ آنے والے مسلح افراد کے ساتھ عباداتی مناجات پڑھیں۔ اور واضح طور پر اعلان کیا کہ ہم اقصی کے احاطے میں حق عبادت محدود کرنے کے کسی سمجھوتے کو نہیں مانتے)۔

شن بیت کے سربراہ نے اپنے خط میں لکھا ہے کہ ایک اعلیٰ ذمے دار ریاستی عہدیدار (بین گویر) کے غیر ذمے دارانہ طرز عمل کے نتیجے میں اتنی خونریزی بھڑک سکتی ہے کہ شاید ہمیں اپنا چہرہ پہچاننا مشکل ہو جائے۔

شن بیت سربراہ نے مزید لکھا ہے کہ وہ بطور یہودی، بطور اسرائیلی اور بطور سرکاری عہدیدار نہایت تکلیف اور دکھ کے ساتھ متعدد بار سوچنے کے بعد یہ خط لکھنے پر مجبور ہوئے ہیں تاکہ کل کلاں حالات قابو سے باہر ہوں تو کوئی یہ الزام نہ دھر سکے کہ سیکورٹی اداروں نے بروقت خبردار نہیں کیا تھا۔ یہ ایک ایسی صورت حال ہے جس کے سبب نہ صرف یہودی آبادکاروں کا مستقبل داؤ پر ہے بلکہ ہمارے قریبی بیرونی دوست ممالک بھی ہم پر انگلیاں اٹھا رہے ہیں۔ اس صورت حال سے نمٹنے کے لیے فوج کو بھی دو اضافی ذمے داریاں نبھانا پڑ رہی ہیں جن کی انھیں تربیت نہیں دی گئی اور نہ ہی یہ ان کا بنیادی کام ہے۔

خط میں کہا گیا ہے کہ ریاستی قیادت ملکی سلامتی اور اس کے وجود کو ایک مخصوص نظریے کی بھینٹ نہ چڑھائے۔

اسرائیلی چینل بارہ کی رپورٹ کے مطابق شن بیت کے سربراہ کا یہ خط جب کابینہ کی سیکورٹی کمیٹی میں رکھا گیا تو قومی سلامتی کے وزیر بن گویر نے شن بیت کے سربراہ کی فوری برطرفی کا مطالبہ کرتے ہوئے اجلاس سے واک آوٹ کیا۔ وزیر اعظم نیتن یاہو نے اگرچہ اس بارے میں کوئی فوری رائے نہیں دی مگر وہ بھی شن بیت کے سربراہ اور مرکزی انٹیلی جنس ایجنسی موساد کے سربراہ ڈیوڈ بارنیا سے خاصے ناخوش ہیں۔

نیتن یاہو نے دونوں میں سے کسی کا نام لیے بغیر کہا ہے کہ میں جنگ بندی کے لیے مذاکرات کرنے والی ٹیم اور سیکورٹی اسٹیبلشمنٹ کا تن تنہا سامنا کر رہا ہوں۔ وہ کمزوری کا مظاہرہ کرتے ہوئے تمام شرائط ماننے پر آمادہ ہیں اور میرے پیش نظر اسرائیل کا مجموعی سیکورٹی مفاد ہے۔ میں ایسی کسی شرط کے سامنے جھکنے کو تیار نہیں جو ریاست کی سلامتی کے مفاد سے متصادم ہو۔

دوسری جانب کابینہ کی سیکورٹی کمیٹی کے رکن اور وزیر دفاع یوو گیلانٹ نے اپنے ٹویٹ میں شن بیت کے سربراہ کی تشویش کو جائز قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ وزیر قومی سلامتی بن گویر کے غیر ذمے دارانہ رویے اور اقدامات نفاق پیدا کر رہے ہیں اور قومی سلامتی کو خطرے میں ڈال رہے ہیں جب کہ شن بیت اور سلامتی کے ذمے دار دیگر ادارے ان خطرات کی مسلسل نشاندہی کر رہے ہیں۔

بن گویر نے وزیر دفاع کے ٹویٹ کے جواب میں ٹویٹ کیا کہ یوو گیلانٹ مجھ پر حملہ آور ہونے کے بجائے اگر حزب اللہ پر حملہ کریں تو یہ قومی سلامتی کے لیے زیادہ بہتر ہوگا۔

شن بیت کے سربراہ کا یہ خط خاصا جرات مندانہ ہے مگر اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ اسرائیل کوئی نارمل معتدل ریاست ہے۔ یہ دراصل بدمعاشوں کے درمیان حکمت عملی کے اختلافات ہیں۔ سب نسل کشی کے حق میں ہیں۔ البتہ سیکورٹی اسٹیبلشمنٹ سیاستدانوں کے لامتناہی جنونی ایجنڈے کے برعکس دس ماہ سے جاری طویل جنگ سے کچھ وقفہ چاہتی ہے۔ آخر گردنیں کاٹتے کاٹتے قصائی کا ہاتھ بھی تو تھک جاتا ہے۔

## یوم پاکستان اور تجدید عہد وفا

پاکستانی قوم اپنے ملی جذبے اور بلند حوصلوں کے ساتھ آج کے دن یوم آزادی انتہائی جوش و خروش سے منا رہی ہے۔ آج کا دن ایک تاریخ ساز اہمیت کا حامل ہے جب 14 اگست 1947 کو پاکستان دنیا کے نقشے پہ ایک ملک کے طور پہ ابھرا۔ قوم کی امنگوں کا محور یہ ارض وطن نعمت بن کر اس قوم کو ملا۔ اس ملک کو سنبھالنا اور اس کا تحفظ کرنا ہر پاکستانی کا فرض ہے۔ دہشت گردوں اور شرپسندوں کو ان کے انجام تک پہنچانا اور قیام امن کو یقینی بنا کر دشمن قوتوں کے تمام منصوبوں کو خاک میں ملانا اس قوم اور اس کے سیکورٹی اداروں کا مشن عظیم ہے۔ قوم قومی یکجہتی کے ساتھ پاکستان کی نظریاتی اور جغرافیائی سرحدات کا تحفظ کرے۔ یوم پاکستان ہمیں اس تحریک کی یاد دلاتا ہے جو تحریک ہمارے اسلاف نے وطن عزیز کے قیام کے لیے اپنے بلند حوصلوں اور عزائم کے ساتھ چلاء اور کامیابی حاصل کی۔ یہ دن تجدید عہد وفا کا دن ہے کہ ہم اپنی تاریخ اور اپنے اسلاف کی قربانیوں کو یاد رکھ کر اپنے ملک کی تعمیر و ترقی اور خوشحالی میں بھرپور حصہ لے کر وطن عزیز کو اور قوم کو اقوام عالم میں اور عالمی دنیا میں ایک مضبوط پہچان فراہم کریں۔۔ پاکستان میں جمہوری مذہبی اور سیاسی قوتوں سمیت قومی سیاست کرنے والوں کو اپنے ملک و قوم کی خاطر مفادات کی سیاست سے کنارہ کش ہو کر ملکی مفادات کو ترجیح دینی ہو گی۔ بیرونی یلغار ہرزہ سرائی پروپیگنڈہ بیانیے اور دہشت گردی کی جنگ کے خلاف قوم کے متحد ہونے کا وقت ہے۔ باطل نظریات سے چھٹکارا پانے کا وقت ہے اور ملکی احساس فکر اور نظریئے کو ترجیحی بنیاد پہ اپنانے کی ضرورت ہے۔ جسٹس کے نظام میں موجود سقم کو ختم کر کے سفارشی کلچر اور کرپشن کے نظام کا خاتمہ کرنا ہوگا۔ اشرافیہ کے اللے تللے اور چونچلے ملک کے ساتھ مذاق کے مترادف ہیں۔ پاکستان کے لیے قربانیاں اور شہادتیں پیش کرنے والے ہی قومی ہیروز ہیں۔ ہمیں تجدید عہد وفا کرنی ہوگی اور اس نظریئے کی پاسبانی کیلئے آگے آنا ہوگا جو بانی پاکستان محمد علی جناح رحم اللہ علیہ کا نظریہ تھا۔ قومی عصبیت سے نکل کر اور سیاسی اختلافات کو بھلا کر ملکی

**تحریر: انصار عباسی**

تعمیر و ترقی میں حصہ لینا ہوگا۔ انتشار اور فساد کی سیاست سے گریز اور قوم کو اپنے اتحاد سے اپنی شناخت بنانی ہوگی جو ماند پڑ چکی ہے۔ معیشت کی زبوں حالی سیاسی عدم استحکام کے باعث مزید ابتری کا شکار ہے لہذا ملک میں تمام سیاسی جماعتوں کا قومی سلامتی و دیگر معاملات پہ اختلافات کو پس پشت ڈال کر قومی مفاد میں متحد ہونا وقت کی ضرورت ہے۔ پاکستان کی 78 سالہ تاریخ میں پلوں کے اوپر سے بہت پانی بہہ چکا اب ہمیں مستقبل کی فکر کرنی ہوگی۔ ملکی بقا اور سلامتی داؤ پہ لگی ہوء ہے۔ پاکستان کے اداروں کو کمزور کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ سوشل میڈیا ٹرولرز کے ذریعے الیکٹرانک میڈیا پرنٹ میڈیا پہ جھوٹے بیانیوں اور پروپیگنڈہ کو بڑھا چڑھا کر پھیلایا جا رہا ہے جس سے ملک میں بدگمانیاں پھیلانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ ہر وقوع پذیر واقعے کو مسلح افواج سے جوڑ کر منفی پروپیگنڈا کیا جاتا ہے۔ حالانکہ پوری قوم کے سامنے ہے کہ ہمارے سیکورٹی اداروں نے ملکی بقا اور سلامتی کے لیئے بے تحاشا قربانیاں دی ہیں ان کی شہادتیں ان کے کردار اور ملک سے مخلصی کی عکاس ہیں۔ یہ قوم قومی ہیروز کی شہادتوں کی تکریم کرے اور ملکی سپاہ کے شانہ بشانہ رہ کر ملک دشمنوں کی سازشوں اور ان کے مکروہ عزائم کو ناکام بنائیں۔ بلوچستان میں انتشار اور فساد کی فضا قائم کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ ریاست کی رٹ کو چیلنج کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ پرامن احتجاج اور جائز مطالبات کے لیئے نکلنا ہر ایک کا حق ہے لیکن شرپسندی اور ملک دشمن قوتوں کے ہاتھوں میں کھیلنا ان کے ایجنڈوں اور سازشوں کی تکمیل پاکستان سے وفاداری نہیں۔ میگا پروجیکٹس اور گوادر میں ہونے والے ترقیاتی کاموں کو نقصان پہنچانے کی کوشش کرنا اور بین الاقوامی سرمایہ کاری میں رکاوٹیں ڈالنا یہ سب سیاسی جدوجہد نہیں بلکہ انتشار اور فساد کی راہ ہے۔ ملک اس وقت سیاسی انتشار اور فساد کی سیاست کا متحمل نہیں ہو سکتا۔ بحیثیت قوم متحد ہونے کی ضرورت ہے۔ اور اگست کے اس مہینے میں وعدے کی تجدید کا وقت ہے جب قیام پاکستان کے وقت ہمارے اسلاف نے اپنی قربانیوں اور سب کچھ لٹانے کے بعد اس ملک کے قیام کی منزل کو پایا۔ آج پاکستان کو ایک متحد قوم کی ضرورت ہے جو قومی یکجہتی کے جذبات سے سرشار ہو۔ پاکستان اور آنیوالی نسلوں کا روشن مستقبل آپ کے آج کے کردار پر منحصر ہے آج یہ قوم جو بوئے گی اس کی فصل سے آنیوالی نسلیں مستفید ہونگی۔ نظریہ پاکستان اور اساس پاکستان سے مضبوط تعلق ہی ہماری ناؤ کو پار کروا سکتا ہے۔ دشمن بیانیوں اور پروپیگنڈوں سے بچنے کی ضرورت ہے۔ پوری قوم کا ایک ہی نظریئے پہ متفق ہونا اور قومی یکجہتی کے ساتھ ملکی مفادات کا تحفظ ملکی سلامتی بقا اور تحفظ کا ضامن ہوگا۔ خطے کے حالات کو مد نظر رکھتے ہوئے ہمیں تقسیم در تقسیم ہونے سے بچنا ہوگا۔ منظم قوم منظم ملک کی ضمانت ہے۔ فکری جدوجہد اور ملکی ترقی کا نظریہ ہی اس قوم کا کل اثاثہ ہے یہی تجدید عہد وفا ہے جو ہمیں حب الوطنی کے جذبات سے سرشار کرتا ہے۔ ملک میں بدامنی دہشت گردی اور فساد کے خلاف اپنی سپاہ کی قربانیوں اور شہادتوں کو منزل بنا کر آگے بڑھنا ہوگا۔ اگر قومی حیثیت سے ہم کمزور پڑ گئے اور دشمنوں کی سازشوں کا شکار ہو گئے تو پھر خدانخواستہ کسی سانحے سے دوچار ہو سکتے ہیں۔ قومی منافرت اور علاقائیت یا مفادات کی سیاست سے گریز اور ملکی مفادات کی ترجیح سے ہی ہم ایک کامیاب قوم اور ملک کے طور پہ خود کو منوا سکتے ہیں۔

## سلگتا بلوچستان

25 اور 26 اگست کی رات بلوچستان کے لیے قیامت کی رات تھی۔ مختلف مقامات پر دہشت گردوں نے حملے کیے۔ 50 کے قریب افراد ان حملوں میں جان سے گئے۔ ہلاک ہونے والوں میں تربت یونیورسٹی کے شعبہ قانون کے چھٹے سمسٹر کی طالبہ ماہل بلوچ بھی شامل تھی۔

26 اگست 2006 کو جنرل پرویز مشرف کے دور میں مری بگٹی علاقے میں ہونے والے آپریشن میں نواب اکبر بگٹی جاں بحق ہوئے۔ نواب اکبر بگٹی بلوچستان کے چند بڑے سرداروں میں واحد سردار تھے جو ہمیشہ پاکستان کے حامی رہے۔ ان کے قتل کے بعد بلوچستان بدامنی کا شکار ہوا جواب تک جاری ہے۔

بلوچستان رقبے کے لحاظ سے ملک کا سب سے بڑا صوبہ ہے۔ ہندوستان کے بٹوارے کے وقت بلوچستان کا ایک حصہ برطانوی حکومت کے کنٹرول میں تھا، باقی آزاد ریاستیں تھیں اور سب سے بڑی ریاست قلات تھی۔ قلات کے منتخب ایوان میں نیشنل عوامی پارٹی کے رہنما میر غوث بخش بزنجو نے تجویز پیش کی تھی کہ بلوچستان کی آزاد حیثیت کو برقرار رکھا جائے مگر پھر قلات کا ریاست پاکستان سے الحاق ہوا اور الحاق کی شرائط تحریری طور پر دستاویز کی شکل میں محفوظ کی گئیں۔ 50 کی دہائی میں خان آف قلات کے چھوٹے بھائی شہزادہ عبدالکریم نے اس الحاق پر احتجاج کیا اور وہ اپنے چند ساتھیوں کے ساتھ افغانستان چلے گئے مگر کچھ عرصے بعد شہزادہ عبدالکریم واپس آئے۔

کہا جاتا ہے کہ حکام سے بات چیت کے بعد واپسی پر آمادہ ہوئے۔ سابق صدر اسکندر مرزا جوڑ توڑ کی سیاست کے ماہر سمجھے جاتے تھے، وہ صدر تو بن گئے مگر جوڑ توڑ اور سازشوں کا سلسلہ جاری رہا۔ کہا جاتا ہے کہ صدر اسکندر مرزا نے خان آف قلات کو مشورہ دیا کہ وہ ریاست کی خود مختاری کا مطالبہ کریں، جب خان آف قلات نے ریاست کی خود مختاری کا مطالبہ کیا تو صدر اسکندر مرزا نے خان آف قلات کے خلاف آپریشن کا حکم دیا۔ اسکندر مرزا نے ملک میں پہلا مارشل لا نافذ کیا اور جنرل ایوب خان کو چیف مارشل لا ایڈمنسٹریٹر مقرر کیا گیا۔ ایوب خان نے اسکندر مرزا کو تو رخصت کیا مگر بلوچستان میں آپریشن کیا۔ خان آف قلات کو گرفتار اور ریاست کو پاکستان میں ضم کر لیا گیا۔ کنگ آف جھلاوان سردار نوروز خان اپنے

**تحریر: توصیف احمد خان**

ساتھیوں کے ساتھ پہاڑوں پر چلے گئے۔ اس وقت بریگیڈیئر ٹکا خان اس علاقے کے مارشل لا ایڈمنسٹریٹر تھے۔ سردار نوروز خان کو یقین دہانی کرائی گئی تھی کہ وہ پہاڑوں سے اتر کر ہتھیار ڈال دیں تو ان کے خلاف کوئی کارروائی نہیں ہوگی۔ سردار نوروز خان نے ہتھیار حکام کے حوالے کیے مگر حکام نے وعدہ کا پاس نہ کیا۔ بوڑھے سردار نوروز خان، ان کے بیٹے اور بھتیجوں کو پھانسی کی سزا دی گئی۔

نوروز خان کی سزا پر بڑھاپے کی بنا پر عملدرآمد نہ ہوا مگر ان کے بیٹے اور بھتیجوں کو حیدرآباد جیل میں پھانسی دیدی گئی۔ ترقی پسند رہنما رسول بخش تالپور نے بلوچ نوجوانوں کی لاشوں کو وصول کیا اور ان کے آبائی علاقے میں تدفین کے لیے بھجوایا گیا۔ جنرل ایوب خان کی حکومت نے بلوچستان میں آپریشن کیا۔ بلوچستان کے رہنما میر غوث بخش بزنجو، سردار عطا اللہ مینگل اور نواب اکبر بگٹی وغیرہ کو برسوں جیلوں میں رکھا گیا۔ میر بزنجو کو کرنسی نوٹ پر نعرے لکھنے پر چار سال قید کی سزا دی گئی۔

1970 کے انتخابات میں بلوچستان سے نیشنل عوامی پارٹی اکثریت سے کامیاب ہوئی۔ نیشنل عوامی پارٹی اور جمعیت علمائے اسلام کا اتحاد ہو گیا۔ جب 20 دسمبر 1971 کو ذوالفقار علی بھٹو نے ملک کے صدر اور چیف مارشل لا ایڈمنسٹریٹر کا عہدہ سنبھالا تو انہوں نے نیپ کے رہنماؤں سے مشورہ کیے بغیر نواب غوث بخش رئیسانی کو بلوچستان کا گورنر مقرر کیا جس پر کوئٹہ میں احتجاج ہوا۔ صدر ذوالفقار علی بھٹو نے نیپ سے معاہدہ کیا اور سردار عطا اللہ مینگل کی قیادت میں نیپ اور جمعیت علما اسلام کی مخلوط حکومت قائم ہوئی اور میر غوث بخش بزنجو گورنر مقرر کیا گیا۔ نیپ کی حکومت نے تعلیم اور صحت کے نئے منصوبے شروع کیے مگر 9 ماہ بعد وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو نے نیپ اور جمعیت کی حکومت کو توڑ دیا۔ نیشنل عوامی پارٹی کے رہنماؤں سمیت کارکنوں کو گرفتار کیا گیا۔ نیشنل عوامی پارٹی پر پابندی عائد کر دی گئی۔ نیشنل عوامی پارٹی کے رہنماؤں کے علاوہ پیپلز پارٹی کے منحرفین معراج محمد خان اور علی بخش تالپور وغیرہ کے خلاف حیدرآباد سازش کیس کے عنوان سے خصوصی ٹریبونل میں مقدمہ چلایا گیا۔

اس دوران بلوچستان میں آپریشن کیا گیا۔ جنرل ضیاالحق نے ٹریبونل ختم کیا، تمام اسیر رہنماؤں کو رہا کیا گیا۔ کچھ عرصہ بلوچستان میں سکون رہا مگر پھر 90 کی دہائی میں بلوچستان نیشنل پارٹی کے سردار اختر مینگل کی قیادت میں مخلوط حکومت قائم ہوئی مگر اس حکومت کو بھی کچھ عرصے بعد توڑ دیا گیا۔ جنرل پرویز مشرف کی حکومت کے آغاز کے ساتھ بلوچستان میں بدامنی کا دور شروع ہوا۔ پہلے نامعلوم افراد نے ججوں اور سیاسی رہنماؤں کی ٹارگٹ کلنگ شروع کی۔ نواب خیر بخش مری کو سابق چیف جسٹس کے قتل کے الزام میں گرفتار کیا گیا۔ نواب اکبر بگٹی سوئی کے علاقے میں اپنی زمینوں سے نکلنے والی گیس کی رائلٹی کے لیے نئے معاہدے کے خواہاں تھے۔

ان کا یہ بھی مطالبہ تھا کہ سوئی گیس کمپنیاں مقامی افراد کو ملازمتیں دیں۔ اکبر بگٹی ہمیشہ پاکستان کے حامی تھے۔ اکبر بگٹی کی موت کے بعد بلوچستان بدامنی کا ایسا شکار ہوا کہ آج تک جاری ہے۔ سیاسی کارکنوں کو لاپتہ کرنے، ان کی مسخ شدہ لاش ملنے اور فرقہ وارانہ بنیاد پر قتل و غارت کی لہر آئی۔ بعض انتہا پسندوں نے دیگر صوبوں سے آئے ہوئے ڈاکٹروں، اساتذہ، صحافیوں، وکلا اور پولیس افسروں کی ٹارگٹ کلنگ شروع کر دی۔

جب 2008 میں آصف زرداری صدر اور یوسف رضا گیلانی وزیر اعظم بنے اور اسلم رئیسانی وزیر اعلیٰ بلوچستان کے عہدے پر فائز ہوئے تو حقوق آغاز بلوچستان کے پیکیج کا اعلان ہوا اور کچھ لاپتہ افراد رہا بھی ہوئے مگر پھر بدامنی اتنی بڑھی کہ سب کچھ تتر بتر ہو گیا۔ میاں نواز شریف وزیر اعظم بنے تو انتہائی معقول فیصلہ کیا۔ نیشنل پارٹی کے ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کو وزیر اعلیٰ بنایا گیا۔

## قدر و منزلت کا احساس

جب ناقدریاں بڑھ جاتی ہیں تو معاملات خرابی اور بگاڑ کی طرف جاتے ہیں۔

بدقسمتی سے پاکستانی قوم اس وقت جس نازک مرحلے سے گزر رہی ہے اس میں قوم اور بشمول سیاسی جماعتوں کی غیر سنجیدگی یہ بتا رہی ہے کہ ملک کے مفادات پہ ذاتی مفادات کو ترجیح حاصل ہے۔

سیاسی و مذہبی جماعتیں اور حکومت میں شامل جماعتوں سمیت حزب اختلاف کی جو جماعتیں ہیں ان میں اختلافات کا اتنا بڑا گیپ ہے جو ان کی ضد بن کر قومی یکجہتی پہ منفی اثرات مرتب کر رہا ہے۔ اس سے قطع نظر کہ اس وقت ملک کن حالات کا سامنا کر رہا ہے۔

قوم اور ملک کے مفادات کے ساتھ کھلواڑ ہماری غیر سنجیدگی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ افراتفری اور انتشار کے ماحول میں جھوٹے اور بے بنیاد پروپیگنڈے اور بیانیے ملکی سلامتی اور بقاء کیلئے خطرے کا باعث ہیں۔

معاشی عدم استحکام، دہشت گردی، بدامنی، معاشرتی عدم برداشت یہ سب کچھ ہماری معاشرتی زندگی، ہماری ثقافتی اور مذہبی روایات کو روند رہی ہیں۔

قوم اور عوام کے نمائندے سنجیدگی کا مظاہرہ کریں اور انتشار و فساد کی سیاست سے گریز کریں چونکہ اس وقت میں ملک ان کا متحمل نہیں ہو سکتا۔

جنہوں نے اس چمن کی آبیاری کے لئے اپنا خون دیا اور

**تحریر: عثمان دوہی**

اس گلستان چمن کو شاداب رکھا آج ہمیں بحیثیت قوم متحد ہو کر ان کے نقش قدم پہ چلنے کی ضرورت ہے۔

اپنے ملک کو امن و سکون کا گہوارہ بنانے کے لئے سب کو اپنے حصے کا کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے۔

مسائل، بحران اور چیلنجز کا بہادری سے مقابلہ کر کے پاکستان کو خوشحالی کی طرف گامزن کرنے کے لئے ہر پاکستانی کا کردار اہم ہوگا۔

الیکٹرانک میڈیا، پرنٹ میڈیا اور سوشل میڈیا کو پوری پاکستانی قوم اپنے قومی بیانیے کے تحت مثبت اپروچ کے ساتھ اگر استعمال میں لائے تو جو ہجوم، گروہ اور انتشار پھیلانے والوں کی حوصلہ شکنی ہوگی۔

ملک کی قدر کیجئے اور اپنی آزادی کی نعمت کی قدر کیجئے جو ہمیں گھر بیٹھے بٹھائے مل گئی ہے۔ اس آزادی کی ہمارے اسلاف نے بڑی بھاری قیمت چکائی ہے اور موجودہ وقت میں ملک کی بقاء اور سلامتی کے لئے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ہمارے سیکورٹی ادارے اور افواج پاکستان چوکس ہیں۔ آپ کے ادارے آپ کے تحفظ اور آنیوالی نسلوں کے شاندار مستقبل کی جنگ لڑ رہے ہیں جس میں ان کی قربانیاں اور شہادتیں ان کے بہترین کردار اور مخلصی کی عکاس ہیں۔

جب قدر و منزلت کا احساس قوم میں جاگزیں ہوگا تو دشمن قوتوں کے مکروہ عزائم اور سازشیں دم توڑ جائیں گی۔

آج پاکستان کو مخلص قوم اور مخلص جذبوں کی ضرورت ہے جو ہم میں ناپید ہوتے جا رہے ہیں۔ قومی کاز اور قومی فکر کا شعور بیدار کرنے کے لیے ڈاکٹر علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ اور قوم کی قیادت کے لئے بانی پاکستان قائد اعظم محمد علی جناح رحمۃ اللہ علیہ ہم میں موجود نہیں ہیں۔ وہ ملک بنا گئے، وہ تحریکوں کو کامیابی سے ہمکنار کر گئے اب اس قیادت کے فقدان کو کسی محب وطن اور ملکوں قوم کا درد رکھنے والوں نے پورا کرنا ہے۔

ملک پاکستان اپنی 77 سالہ تاریخ میں سانحات سے دوچار ہوا جس میں سقوط ڈھاکہ سب سے بڑا سانحہ تھا جس نے قوم کو دکھ و الم میں مبتلا کر کے رکھ دیا۔

دو دہائیوں سے جاری دہشت گردی کی جنگ میں بے شمار سانحات ہوئے اور اس قوم و سیکورٹی اداروں نے 80 ہزار سے زائد قربانیاں دیں۔

ملک کا احساس کریں سچے پاکستانی بنیں اور اپنی پہچان اور شناخت کو مقدم بنائیں تاکہ دنیا میں جب ہمارا نام لیا جائے تو ایک مضبوط ملک اور مضبوط قوم کے طور پر لیا جائے۔

## پرآشوب بلوچستان

پاکستان اقتدار و اختیار کے مرکز و محور فریم سے نکلے، ریاستی کرتا دھرتاؤں کیلئے کتنا غور طلب اور سبق آموز ہے کہ وہ آنکھیں کھول کر دیکھیں کہ آئین و حلف سے کھلی بے وفائی کے نتیجے میں ملک کس درجے پر اور گھمبیر شکل میں سیاسی و اقتصادی عدم استحکام میں مبتلا ہو گیا ہے۔ اب اڑھائی سال سے جاری اس ابتر کیفیت کے قریب نکلتے ہی کتنی تشویشناک اور عوام و ریاست کو ایک دوجے سے منقطع کرنیوالی نکل رہی ہیں۔ بڑا موجود قومی اضطراب تو جیسے تیسے سیاسی و آئینی ارتقائی عمل میں حالات کے مطابق اچھی بھلی چلتی چلاتی حکومت کو اکھاڑنے سے پیدا ہوا جسکا فوری نوٹس عوام نے تو ملک گیر احتجاج سے بلاتاخیر لیا تھا لیکن ہارس ٹریڈنگ سے قائم ہونیوالی عجیب الخلقت اتحادی ماورائے آئین طویل دورانیے کی غیر آئینی نگران اور پھر فارم 45 کی بجائے فارم 47 سے بنی حکومت کے فوری نتائج تادم مسلسل نکل رہے ہیں۔ سخت متنازع اور قوم کو ناقابل ہضم مطلب موجود حکومت کے قیام کے ہی ابتدائی نتائج میں سے ایک موجود بڑا پر آشوب بلوچستان نہیں ہے؟ جس پر غور فرمائیں! واپس آئینی ٹریک اور قومی دھارے میں آنے کیساز گار ماحول میں کافی کامیابی کے ریورس کیبعد آج مدت سے مبتلائے اضطراب صوبہ کتنی تشویشناک شکل اختیار کر گیا ہے۔ موجود حکومت پر تو اب انحصار کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا جبکہ اسکے اقدامات اور اپنے ہی عوام کو مزید مشکلات سے دوچار کرنے

**تحریر: علی عمران یوسفزئی**

اور انہیں بنیادی حقوق (محروم رکھنے اور مزید کرنے) سے بھی کے مسلسل اقدامات نے اسے بلوچستان کے سیاسی و حکومتی عمل اعمال سیبھی پھر کاٹ دیا۔ سلگتے اور اب لہولہان ہوتے بلوچستان کی صورتحال کو سنبھالنے کی حکومتی سوچ، اپروچ خود تشویشناک ہے۔ بلوچستان میں رواں ہفتے میں جو کچھ ہوا اور ہو رہا ہے بڑے فیصلہ میں یہی اپریل 2022 کے بعد وفاقی اور صوبائی حکومتوں کی مجموعی ڈیزاسٹر پالیسی، اقدامات اور سوچ، اپروچ کا فوری شاخسانہ ہے۔ اس کا دوسرا اذیت ناک سیاسی پہلو 18 سال پہلے صوبے میں ہونے والی وفاقی حکومتی اپروچ کی جو مشرف، بگٹی پیدا ہونے والی چپقلش سے تیار ہوئی جو جنرل مشرف کی آمرانہ سوچ میں مرتکز تھی۔ ہردو میں چپقلش کی وجہ ایک افسوسناک واقعہ اور پس پردہ کوئی حکومتی سیاسی نوعیت کا اختلاف تھا۔ جس کو مینج کرنا آسان ترین تھا لیکن ہماری گورننس کی تاریخ کا یہ تلخ ترین حوالہ ہے کہ بلوچستان کی 18 سالہ مختلف اشکال میں اضطرابی، باغیانہ، اشتعالی اور دہشت گردی اختیار کرگئی کیفیت کے بڑے فیصد کی وجہ تنہا صدر جنرل مشرف کی ڈیزاسٹر میں ہینڈلنگ ہی تھی وگرنہ زیر بحث صدر مشرف اور سخت گیر وطن پسند بلوچ سردار کے درمیان جو بھی حکومتی و سیاسی نوعیت کا اختلاف تھا اس میں بھی کمیونیکیشن چینل تو کھلا تھا، جس سے آخری کمیونیکیشن اکبر بگٹی کا چودھری شجاعت، سید مشاہد حسین اور جنگ سے وابستہ ممتاز کالم نویس ارشاد حقانی پر مشتمل مصالحتی کمیٹی کی تجویز سے چپقلش ختم کرنے کیلئے اکبر بگٹی کا اتفاق تھا) یا شاید انہوں نے خود ہی یہ نام تجویز کیے تھے (لیکن اس کے بعد جو ہوا وہ صوبے کا ہی نہیں پاکستان کا بڑا غضبناک المیہ تھا۔ گویا آج کا پر آشوب بلوچستان ایک بڑے فیصلے سے 18 سال قبل کی غیر آئینی حکومتی میں ہینڈلنگ کا دور رس نتیجہ ہے تو دوسری جانب اڑھائی سال سے ملک کے آئینی پٹری سے اترنے کے بڑے بڑے ابتدائی ڈیزاسٹرز میں سے ایک موجود وفاقی حکومت کی صوبے کو پریشان صوبے سے بے اعتنائی ہے۔ اگرچہ میڈیا نیوز کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف وزیر داخلہ کے ہمراہ آج (صبح ایک روزہ دورے پر کوئٹہ پہنچ کر ایپکس کمیٹی کی صدارت کریں گے، اجلاس میں عسکری قیادت بھی شریک ہوگی۔ ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ جناب وزیر اعظم اور دوروں میں کمی کر کے مخصوص مدت میں ماہانہ یا دو ماہ میں ایک بار کوئٹہ کو اپنی گورننس کا ریگولر فیچر بناتے کہ حساس صوبہ، مدت سے اس کا متقاضی رہا ہے، اللہ کرے اب ان کا یہ دورہ دیر آید درست آید ثابت ہو، لیکن شہباز کابینہ کے وزیر داخلہ نے کوئٹہ پہنچنے سے قبل جو شاہکار بیان دے ڈالا

# سرکاری بجلی تقسیم کار کمپنیوں کی نجکاری کا عمل تیز کرنے کا فیصلہ

**وزیرپاور، وزیر اطلاعات ونشریات، معاون خصوصی پاور، سیکریٹری پاور، سیکریٹری نجکاری ڈویژن اور سیکریٹری نجکاری کمیشن شامل ہیں**

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے سرکاری بجلی تقسیم کار کمپنیوں کی نجکاری فاسٹ ٹریک بنیادوں پر کرنے کا فیصلہ کرتے ہوئے نائب وزیراعظم اسحٰق ڈار کی سربراہی میں 9 رکنی اسٹیرنگ کمیٹی تشکیل دے دی جسے ہفتہ وار بنیادوں پر پیش رفت رپورٹ دینے کی ہدایت کی گئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق ذرائع نے بتایا کہ کمیٹی میں وزیرخزانہ، وزیرنجکاری، وزیرپاور، وزیراطلاعات ونشریات، معاون خصوصی پاور، سیکریٹری پاور، سیکریٹری نجکاری ڈویژن اور سیکریٹری نجکاری کمیشن شامل ہیں۔ وزیراعظم نے اسٹرینگ کمیٹی کے لیے ٹی او آرز طے کردیے ہیں، ذرائع کے مطابق کمیٹی نجکاری عمل میں متعلقہ قوانین، ریگولیشن اور انڈسٹری معیارات پر عمل درآمد یقینی بنائے گی

## ایران کی طرح اسلامی انقلاب پاکستان کا مقدر ہے، متحدہ علماء محاذ

**امریکہ اسرائیل ہار گئے 46 ویں سالگرہ پر سیمینار سے مختلف مکاتب فکر کے علماء مشائخ کا خطاب**

کراچی (این این آئی) متحدہ علماء محاذ پاکستان کے زیراہتمام 46 ویں سالگرہ اسلامی انقلاب ایران کے موقع پر پاک ایران تعلقات ویکجہتی فلسطین سیمینار مرکزی صدر علامہ مرزا یوسف حسین کی زیرصدارت، بانی سیکریٹری جنرل مولانا محمد امین انصاری کی میزبانی میں مرکزی سیکریٹریٹ گلشن اقبال میں منعقد ہوا۔ جس میں مختلف مکاتب فکر کے جید علماء مشائخ، سیاسی زعماء، دانشور، وکلاء، تاجر، صحافی ودیگر شخصیات نے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ غزہ جنگ بندی فلسطین کیلئے امام خمینی کی جدوجہد ونظریے کی فتح ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی فلسطینیوں کی غزہ سے جبری منتقلی وبے دخلی کے خلاف ایران، سعودی عرب کا جرأت مندانہ موقف پاکستان سمیت دیگر اسلامی ممالک کیلئے قابل تقلید و ستائش ہے۔ فلسطین کے حوالے سے امام خمینی کا نظریہ جیت گیا امریکہ اسرائیل واستعماری قوتوں کو ذلت آمیز شکست ہوئی۔ امام خمینی کے یوم القدس و ہفتہ وحدت منانے کی دو اندیش مدبرانہ فکر نے استعمار کے خلاف دنیا بھر کے مسلمانوں میں وحدت امت کیلئے بیداری کا پیغام دیا۔ ایران کی طرح پرامن اسلامی انقلاب پاکستان کا مقدر ہے، امام خمینی نے فلسطین، وحدت امت وجذبہ حریت کیلئے بیداری پیدا کی، اسلامی انقلاب ایران نے دنیا بھر کے مظلوم مسلمانوں میں حریت وبیداری کا جذبہ پیدا کیا۔ بانی انقلاب امام خمینی نے قبلہ اول بیت المقدس کی جدوجہد آزادی کو تقویت دینے کیلئے یوم القدس کا جرأت مندانہ اعلان کرکے اب دنیائے انسانیت کا سب سے بڑا مسئلہ بنادیا ہے۔

## ڈی آئی جی اسلام آباد کی کھلی کچہری، شہریوں کے مسائل حل کیلئے افسران کو احکامات جاری

**اسلام آباد پولیس مختلف اقدامات کے ذریعے عام شہریوں تک پہنچ کر مسائل کو حل کرنے کیلئے پرعزم، محمد جواد طارق**

اسلام آباد (این این آئی) ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق نے اپنے دفتر میں کھلی کچہری کے دوران شہریوں کے مسائل سن کر حل کیلئے افسران کو احکامات جاری کئے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد پولیس شہریوں کے مسائل کے حل کے لئے پرعزم ہے، اس سلسلہ میں ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد محمد جواد طارق نے اپنے دفتر میں کھلی کچہری کے دوران شہریوں کے مسائل سنے، انہوں نے افسران کو شہریوں کے مسائل کے فوری حل کے احکامات جاری کئے، اس موقع پر انہوں نے کہا کہ شہری اپنے مسائل کے حل کے لئے ''آئی جی پی شکایت سیل 1715'' پر بھی اپنی شکایات ومسائل درج کرواسکتے ہیں، اسلام آباد پولیس مختلف اقدامات کے ذریعے عام شہریوں تک پہنچ کران کے مسائل کو حل کرنے کیلئے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے تمام سینئر پولیس افسران کو ضلع بھر میں کھلی کچہریوں کے انعقاد کے احکامات جاری کئے ہیں اور اس سلسلے میں تمام زونل ایس پیز اپنے زونز میں کھلی کچہریوں کا انعقاد کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد کا کوئی بھی شہری ان کھلی کچہریوں میں کھل کر اپنے مسائل بیان کرسکتا ہے،

ایبٹ آباد، ڈپٹی کمشنر ایبٹ آباد کیپٹن (ر) ثناء اللہ خان اوپن ڈور پالیسی، گڈ گورننس کے مسائل بارے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

## ماحولیاتی تبدیلی، کرپشن، معاشی بدحالی، گورننس، بڑھتی آبادی، دہشتگردی مشترکہ مسائل ہیں، سی پی اے کانفرنس

**یہ پلیٹ فارم تعاون کا ایک مینار ہے، لاہور چارٹر ہمیں یہ موقع دے گا ہمیں مل کر آگے بڑھنا ہوگا' اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان**

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی میں منعقدہ ایشیاء اور جنوب مشرقی ایشیاء کی پہلی سی پی اے کانفرنس کے مندوبین نے ماحولیاتی تبدیلی، کرپشن، معاشی بدحالی، گورننس، بڑھتی آبادی اور دہشتگردی کو موضوع بناتے ہوئے مسائل سے نمٹنے کے لئے مشترکہ جدوجہد کرنے کے عزم کا اعادہ کیا ہے، مزید کہا گیا کہ موثر قانون سازی سے لوکل گورنمنٹ سسٹم کو مضبوط کرنے کے ساتھ ماحولیاتی آلودگی پر قابو پایا جاسکتا ہے، کرپشن ہمارے ملکوں کا مشترکہ مسئلہ ہے جس پر سب کو لائحہ عمل بنانا ہوگا، سی پی اے کانفرنس کا مقصد بہترین حکمرانی کو فروغ دینا ہے، سی پی اے کا مستقبل بہت روشن ہے۔ ان خیالات کا اظہار مقررین نے پنجاب اسمبلی میں ایشیاء اور جنوب مشرقی ایشیاء کی پہلی سی پی اے کانفرنس کے افتتاح کے بعد خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے اپنے خطاب میں کہا کہ پنجاب اسمبلی میں ایسٹ ایشیاء کی پہلی کانفرنس منعقد ہورہی ہے جس پر سب کو خوش آمدید کہتا ہوں، اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سمیت بیرون ملک سے آنے والے معزز مہمانوں کو خوش آمدید کہتا ہوں، یہ وہ پلیٹ فارم ہے جہاں جمہوریت تسلسل کے ساتھ ترقی کی جانب گامزن ہے، ہمیں نئے چیلنجز کا سامنا ہے، ہمیں بنیادی حقوق نچلی سطح پر دینا ہوں گے، آج ہم جدید دنیا میں رہائش پذیر ہیں جس میں جمہوریت، بنیادی انسانی حقوق اہمیت کے حامل ہیں، دوسری جانب ایسی دنیا بھی ہے جہاں آرٹی فیشل انٹیلی جنس جیسے بڑے بڑے کام ہوئے ہیں، بدلتی موسمیاتی تبدیلی کے تحت درجہ حرارت بڑھتا جارہا ہے جس سے انسانی صحت کو خطرات لاحق ہیں، اس وقت یہ بات کرنا مشکل ہے کہ ہم خواتین، بچوں اور اقلیتوں کے حقوق کیلئے کام کررہے ہیں، اس وقت ہمارے بڑے مسائل میں موسمیاتی تبدیلی ہے،

## صوبائی وزیر رمیش سنگھ اروڑہ کی صدر ورلڈ بینک اجے بنگا سے ملاقات

**ملاقات میں پنجاب میں سموگ کے تدارک اور مذہبی سیاحت کے فروغ پر بات چیت**

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر اقلیتی امور، رمیش سنگھ اروڑہ نے ورلڈ بینک کے صدر اجے بنگا سے واشنگٹن میں ایک اہم ملاقات کی، جس میں ورلڈ بینک کے نائب صدر برائے جنوبی ایشیا مارٹن رائزر اور دیگر متعلقہ افراد بھی موجود تھے۔ ملاقات میں پنجاب میں سموگ کے تدارک، مذہبی سیاحت کے فروغ اور دیگر اہم موضوعات پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ رمیش سنگھ اروڑہ نے ورلڈ بینک کے صدر اجے بنگا کا شکریہ ادا کرتے ہوئے پنجاب میں جاری ورلڈ بینک کے متعدد منصوبوں پر بات کی اور انہیں کرتارپور کا دورہ کرنے کی دعوت دی۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے اقلیتی حقوق کے تحفظ کے لیے نمایاں اقدامات کیے ہیں اور صوبے بھر میں مذہبی سیاحت کو فروغ دینے کے لیے متعدد اقدامات اٹھائے ہیں۔ ان اقدامات کے ذریعے نہ صرف اقلیتی برادری کے افراد کو بہتر سہولتیں فراہم کی جارہی ہیں بلکہ مذہبی سیاحت کے ذریعے صوبے کی معیشت کو بھی فائدہ پہنچ رہا ہے۔

### نوشہروفیروز، باراتیوں کی بس میں مضرصحت پانی سے 1 بچی جاں بحق، 5 کی حالت خراب

نوشہروفیروز (این این آئی) سندھ کے ضلع نوشہرو فیروز میں باراتیوں کی بس میں مضرصحت پانی پینے سے 5 بچوں کی حالت خراب ہوگئی، جنہیں اسپتال منتقل کردیا گیا۔ اسپتال ذرائع کا کہنا ہے کہ مضرصحت پانی پینے سے ایک بچی اسپتال میں دم توڑ گئی جبکہ 4 کی حالت تشویشناک ہے۔ واقعہ کراچی سے کوہاٹ جانے والی باراتیوں کی بس میں پیش آیا۔

## قومی صحت وآبادی پالیسی 34-2025 کی ترقی کے لیے ملک بھر کے تمام صوبوں کی مشاورتی اجلاس کا انعقاد

**زرخیزی کی شرح 3.6 فی عورت سے کم کرکے 2025 تک 2.8 اور 2030 تک 2.2 پیدائش کی شرح افزائش کو کم کیا جائے گا**

لاہور (این این آئی) بین الوزارتی صحت وآبادی کونسل کے گزشتہ سال ہونے والے اجلاس کے تناظر میں ایک نئی قومی صحت وآبادی پالیسی (این ایچ پی 34-2025) تیار کرنے کی سفارش کی گئی۔ یہ پالیسی قومی صحت ویژن (این ایچ وی 25-2016) کے وسط مدتی جائزے (ایم ٹی آر) کی سفارشات اور عوامی ونجی شعبوں کے اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کی بنیاد پر تیار کی جائے گی۔ وزارت قومی صحت سروسز، ضوابط وہم آہنگی (NHSR&C) نے برطانیہ کے فارن کامن ویلتھ ڈیولپمنٹ آفس کی مدد سے پروفیسر ثمین صدیقی کی سربراہی میں ایک مشاورتی ٹیم مقرر کی ہے۔ اس ٹیم نے تمام صوبوں کے صحت اور آبادی کے محکموں کے سینئر حکام کے ساتھ مشاورت کے دوران قومی وصوبائی حکومتوں کی اسٹریٹجک ترجیحات اور مقامی ضروریات و عالمی وعدوں کو مدنظر رکھتے ہوئے ایک مشترکہ اسٹریٹجک سمت کی شناخت پر توجہ مرکوز کی۔ اس مشاورت کے بعد لاہور کے مقامی ہوٹل میں ایک صوبائی مشاورتی اجلاس کا انعقاد ہوا۔ اس اجلاس کا مقصد صحت وآبادی کے شعبوں میں عوامی ونجی شعبے کے اسٹیک ہولڈرز کو شامل کرکے آبادی وصحت کو مزید بہتر بنایا جاسکے گا۔ جامع قومی صحت اور آبادی کی پالیسی 34-2025 ایک اہم اقدام ہے جس کا مقصد پاکستان کی آبادی میں اضافے اور صحت کے چیلنجوں سے نمٹنا ہے۔ ایک صوبائی مشاورتی اجلاس اس عمل میں ایک اہم قدم ہے، یہ اجلاس صوبائی اسٹیک ہولڈرز کو اپنی مہارت، تجربات اور خدمات کا اشتراک کرنے کے لیے ایک پلیٹ فارم فراہم کرے گا۔ یہ باہمی تعاون اس بات کو یقینی بنائے گا کہ پالیسی ہرصوبے کے منفرد چیلنجوں اور ضروریات سے نمٹنے کے لیے بنائی جائے۔ اس مشاورتی اجلاس کے کلیدی مقاصد میں زرخیزی کی شرح 3.6 فی عورت سے کم کرکے 2025 تک 2.8 اور 2030 تک 2.2 پیدائش کی شرح افزائش کو کم کرنا پائیدار ترقی حاصل کرنے کے لیے آبادی میں اضافے کی اوسط شرح کو کم کرنا، خاص طور پر خواتین اور بچوں کے لیے صحت کی خدمات کی رسائی اور معیار کو بہتر بنانا شامل ہے۔ صوبائی اسٹیک ہولڈرز، سرکاری ایجنسیوں اور ترقیاتی شراکت داروں کے درمیان مضبوط شراکت داری اور صوبائی سطح پر پالیسی کے نفاذ اور نگرانی کے لیے صلاحیت میں اضافے کا باعث بنے گا۔ ڈائریکٹر جنرل بہبود آبادی پنجاب ثمن رائے نے اپنے خطاب میں کہا

## ایجوکیشن پیپلز یونٹی ملازمین کی فلاح وبہبود کے لیے سرگرم رہے گی، سید ذیشان

**ایجوکیشن پیپلز یونٹی ہمیشہ ملازمین کی فلاح وبہبود کے لیے سرگرم رہے گی**

کراچی (این این آئی) ایجوکیشن پیپلز یونٹی کی آرگنائزنگ کمیٹی کے وفد نے چیف آرگنائزر سید ذیشان کی قیادت میں ریجنل ڈائریکٹر فقیر محمد لاکھو سے تعارفی ملاقات کی، جس کے دوران انہوں نے اپنی آرگنائزیشن کے اغراض ومقاصد سے آگاہ کرتے ہوئے ادارے میں ملازمین کو درپیش مسائل پر تفصیل سے تبادلہ خیال کیا۔ چیف آرگنائزر سید ذیشان نے کہا کہ ایجوکیشن پیپلز یونٹی ہمیشہ ملازمین کی فلاح وبہبود کے لیے سرگرم رہے گی۔ ہم ادارے کے ساتھ ہر سطح پر کھڑے ہیں تاکہ ملازمین کے حقوق کا تحفظ کیا جاسکے اور ادارے میں ایک مثبت، خوشگوار اور ترقیاتی ماحول قائم کیا جاسکے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ادارے کی جانب سے ملازمین کے مفادات کے تحفظ کے لیے مکمل تعاون کی ضرورت ہے تاکہ ملازمین کو اپنے حقوق کے حوالے سے مکمل آگاہی ہو اور وہ کسی بھی نوعیت کے مسائل کا سامنا نہ کریں۔ ریجنل ڈائریکٹر فقیر محمد لاکھو نے وفد کے ارکان کا استقبال کرتے ہوئے کہا کہ ہم ادارے میں نیو آرگنائزیشن کے قیام پر خوش آمدید کہتے ہیں اور ہم ملازمین کے ہر جائز کام میں ان کے ساتھ بھرپور تعاون کریں گے۔ انہوں نے اس بات کا عہد کیا کہ ادارہ ملازمین کے مسائل کے حل کے لیے نہ صرف اپنی ذمہ داریوں کو بخوبی ادا کرے گا بلکہ ان کے مسائل کو فوری اور مؤثر طریقے سے حل کرنے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کرے گا۔

## شپ بریکنگ سیکٹر گڈانی میں خصوصی اقتصادی زون کی تلاش میں سرگرم ہے، ویلتھ پاک

**گڈانی میں خصوصی اقتصادی زون کے قیام سے کئی فوائد حاصل ہوسکتے ہیں، مقامی صنعت کاروں اور ماہرین کی گفتگو**

کراچی (جی این ایم) شپ بریکنگ سیکٹر نے تجویز دی ہے کہ حکومت بلوچستان کے ساحلی شہر گڈانی میں خصوصی اقتصادی زون تیار کرے گڈانی میں دنیا کا تیسرا سب سے بڑا شپ بریکنگ یارڈ ہے جو تقریبا 132 پلاٹوں پر مشتمل ہے 1980 کی دہائی میں یہ شپ بریکنگ یارڈ کی قیادت کررہا تھا لیکن الانگ بھارت اور چٹاگانگ بنگلہ دیش میں نئی سہولیات سے مسابقت نے اس کی پیداوار کو نمایاں طور پر کم کردیا ہے فی الحال یارڈ تقریبا 6,000 کارکنوں کو ملازمت دیتا ہے اور 1980 کی دہائی میں اس نے جو اسکریپ کیا تھا اس کے پانچویں حصے سے بھی کم پیدا کرتا ہے شپ بریکنگ بحری جہازوں کو دوبارہ استعمال کے قابل حصوں کے لیے یا خام مال کے طور پر دھاتوں کو نکالنے کے لیے ختم کرکے انہیں ٹھکانے لگانے کا عمل ہے۔ بحری جہازوں کو ساحل تک لے جایا جاتا ہے اور دستی طور پر الگ کیا جاتا ہے جہاز توڑنے کی صنعت کو بحال کرنے اور خطے میں اقتصادی ترقی کو تیز کرنے کے لیے، صنعت کے اسٹیک ہولڈر گڈانی میں خصوصی اقتصادی زون کے قیام کی وکالت کر رہے ہیں اس اقدام کا مقصد ایک منظم ماحول فراہم کرنا ہے جو سرمایہ کاری کو راغب کرنے اور صنعتی سرگرمیوں کو بڑھانے کے لیے مختلف مراعات پیش کرتا ہے گڈانی میں خصوصی اقتصادی زون کے قیام سے کئی فوائد حاصل ہو سکتے ہیں شپ بریکر مصطفیٰ ہادی نے ویلتھ پاک کو بتایا کہ سرمایہ کاری کو راغب کرنے اور صنعتی سرگرمیوں کو فروغ دے کر ایس ای زیڈ بلوچستان کی معاشی ترقی میں اپنا حصہ ڈال سکتا ہے انہوں نے کہا کہ جہاز بریکنگ کی صنعت کو بحال کرنے سے روزگار کے مواقع پیدا ہوسکتے ہیں جس سے مقامی افرادی قوت کو فائدہ ہوگا انہوں نے کہا کہ خصوصی اقتصادی زون انفراسٹرکچر کی بہتری کا باعث بن سکتا ہے بشمول ٹرانسپورٹیشن اور یوٹیلیٹیز جس سے صنعت اور مقامی کمیونٹی دونوں کو فائدہ پہنچے گا انہوں نے کہا کہ خصوصی اقتصادی زون کی تجویز وفاقی حکومت کو غور کے لیے بھجوادی گئی ہے تاکہ اس پر کام کو آگے بڑھایا جاسکے انہوں نے کہا کہ شپ بریکنگ انڈسٹری ایسی ہے جسے پاکستان جیسے ممالک بند کرنے کے متحمل نہیں ہو سکتے کیونکہ یہ ہماری صنعتوں کے ایک بڑے حصے کے لیے خام مال کے ساتھ ساتھ ٹیکسوں کے ذریعے آمدنی میں بھی حصہ ڈالتی ہے تاہم کام کرنے والوں کی حفاظت اور مستقبل میں ناخوشگوار واقعات سے بچنے کے لیے مناسب اور جارحانہ اقدامات کیے جاسکتے ہیں

## نیلم، فوڈ اتھارٹی ٹیم کا جورا اور بانڈی کے بازاروں کا تفصیلی معائنہ

**جنرل سٹورز، بیکرز اور بیرون اضلاع سے اشیاء خوردونوش لانے والی گاڑیوں کی جانچ پڑتال کی گئی**

نیلم (این این آئی) ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر شجاعت نقوی کی ہدایت پر فوڈ اتھارٹی ٹیم کی رمضان المبارک کے دوران اشیاء خوردونوش کی پڑتال کی مہم کا سلسلہ جاری ہے۔ فوڈ اتھارٹی ٹیم نے جورا اور بانڈی کے بازاروں کا تفصیلی معائنہ کیا، جنرل سٹورز، بیکرز اور بیرون اضلاع سے اشیاء خوردونوش لانے والی گاڑیوں کی جانچ پڑتال کی گئی۔ جورا، بانڈی کے بازاروں میں کریانہ سٹورز، بیکرز، سبزی فروٹ، پکوڑا، سموسہ اور جلیبی شاپس کا معائنہ کیا گیا۔ 3 ہزار سے زائد مالیت کے مختلف فوڈ آئٹم تلف کیے گئے تاکہ عوام کو حفظان صحت کے اصولوں کے مطابق اشیاء خوردونوش کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔ 04 فوڈ بزنس آپریٹرز کو حفظانِ صحت کے اصولوں (SOPs) پر عمل نہ کرنے کی بنا پر وارننگ نوٹسز جاری کیے گئے اور بہتری کے لیے ہدایات دی گئیں۔ تمام فوڈ بزنس آپریٹرز کو فوڈ سیفٹی قوانین پر سختی سے عمل کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

مردان، ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر سحر انور اشیائے خوردونوش کی قیمتیں چیک کررہی ہیں

## سرکاری سطح پر یوم تحفظ ناموس رسالتؐ منانا قادیانیوں کی شکست ہے، متحدہ علماء محاذ

**قادیانیت نوازی، اسرائیلی حمایت کرنے والوں کا ہر سطح پر محاسبہ کرینگے، مقررین سیمینار**

کراچی (این این آئی) متحدہ علماء محاذ پاکستان میں شامل مختلف مکاتب فکر کے جید علماء مشائخ نے حکومتی سطح پر 15 مارچ کو یوم تحفظ ناموس رسالتؐ منائے جانے کا خیرمقدم کرتے ہوئے اسے باغیان ختم نبوت دشمنان ملک وملت قادیانیوں کی شکست قرار دیا ہے اور کہا ہے کہ قادیانیت نوازی، اسرائیلی حمایت کرنے والوں کا ہر سطح پر محاسبہ کرینگے۔ حکومت مذہبی شخصیات کی توہین کو بین الاقوامی سطح پر جرم تسلیم کرانے کیلئے او آئی سی کی سطح پر مؤثر جدوجہد کرے۔ خاتم النبیینﷺ سمیت تمام انبیاء علیہ السلام کی توہین وگستاخی کو قرآن کریم، بائبل، انجیل ودیگر الہامی مقدس کتابوں میں سنگین جرم قرار دیا گیا ہے۔ جن گستاخوں کو عدالت کے ذریعے سزا سنائی گئی ہے اور جو مقدمات زیرالتواء تاخیری حربوں کا شکار ہیں ان کا جلد بلاتاخیر فیصلہ کرکے سزاؤں کو یقینی بنایا جائے اور توہین مذہب کے قانون کے غلط استعمال کو روکنے کیلئے بھی اقدامات کئے جائیں۔ عقیدہ ختم نبوت، ناموس رسالت و اصحاب رسولؐ واہل بیت اطہارؓ کا تحفظ وتقدس ایمان کا بنیادی تقاضا ہے

## ہرنئی آنے والی حکومت پچھلی حکومت کی پالیسیوں، فیصلوں کو بدل دیتی ہے، ترقی کا سفر رک جاتا ہے' ہارون اختر خان

**چیزوں کی بہتری کے لیے طویل عرصے کے لیے بہتر پالیسیاں بنانا ہوگی، چین کی کامیابی ان کی پالیسیوں کا تسلسل ہے**

لاہور (این این آئی) وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے صنعت وپیداوار ہارون اختر خان نے کہا ہے کہ آئی ایم ایف سے پروگرام میں رہتے ہوئے وزیراعظم نے صنعت کو ریلیف دینے کے لئے کاوشیں کیں، وزیراعظم جلد بجلی کی قیمت میں کمی کا اعلان کریں گے جبکہ آئندہ بجٹ میں ٹیکس میں بھی ریلیف دیا جائے گا، وزیراعظم کی بہتر معاشی پالیسیوں سے کاروباری شخصیات کا اعتماد بحال ہو رہا ہے، حکومت کو بھی اس بات کا علم ہے کہ ملک سے کرنسی باہر جارہی ہے لیکن آپ ڈنڈے کے زور پر اس عمل کو نہیں روک سکتے، ڈنڈے کے زور پر باہر سے سرمایہ کاری بھی نہیں لائی جاسکتی، سرمایہ کاری محفوظ جگہ ڈھونڈتا ہے، جتنا بہتر ماحول حکومت فراہم کرے گی سرمایہ کاری اتنی تیزی سے بڑھے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں خطاب کرتے ہوئے کیا۔ صدر لاہور چیمبر میاں ابوذر شاد نائب صدر شاہد نذیر چوہدری، سابق صدر محمد علی میاں، سابق سینئر نائب صدر علی حسام اصغر، ایگزیکٹو کمیٹی کے ارکان بھی موجود تھے۔ معاون خصوصی ہارون اختر خان نے کہا کہ میں خود بھی اس چیمبر کا ممبر رہ چکا ہوں

## حیدرآباد میں جاری وکلاء کے دھرنے میں سید زین شاہ اور روشن علی بروڑو کی شرکت

**صرف ایس ایس پی حیدرآباد نہیں بلکہ سندھ کا کے متعدد ایس ایس پیز کرپٹ اور نااہل ہیں، صدر سندھ یونائیٹڈ پارٹی**

حیدرآباد (این این آئی) وکلا کی جانب سے حیدرآباد بائی پاس پر جاری احتجاجی دھرنے میں صدر سندھ یونائیٹڈ وکنوینر دریائے سندھ بچاتحریک سید زین شاہ اور پارٹی سینئر نائب صدر روشن علی برڑو نے شرکت کی اور شرکا سے اظہار یکجہتی کیا۔ احتجاجی دھرنے سے خطاب میں سید زین شاہ کا کہنا تھا کہ ہم وکلا کی جدوجہد کو سلام پیش کرتے ہیں۔ کراچی بار ایسوسی ایشن کے وکیل علی رضا بوزدار ایڈووکیٹ کی گاڑی کو ایف آئی آر نمبر 25/2025، تھانہ بھٹائی نگر، حیدرآباد میں غلط طور پر شامل کیے جانے کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہیں اور اس غیر منصفانہ واقعے پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سندھ کو پولیس اسٹیٹ بنا دیا گیا ہے اور ملک کو کمپنی سرکار نے یرغمال کر دیا ہے۔ صرف ایس ایس پی حیدرآباد نہیں بلکہ سندھ کا کے متعدد ایس ایس پیز کرپٹ اور نااہل ہیں سید زین شاہ کا کہنا تھا کہ سندھ کی کس کس اضلاع کی بات کروں۔ نواب شاہ میں سیاسی مخالفین اور ہم پر چوری اور ڈکیتی کے جھوٹے مقدمات بنائے گئے۔ نوشہروفیروز میں جتوئی برادران کے اوپر چڑھائیاں کی گئیں، لاڑکانہ میں جی ڈی اے کے رہنما معظم عباسی ودیگر پر جعلی مقدمات کی لسٹ ہے۔ یہ بدمعاشیاں پولیس کی جانب سے پورے سندھ میں کی جارہی ہیں۔

## ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کا لبرٹی چوک، مین بلیوارڈ گلبرگ اور فیروز پور روڈ پر بائیکر لین کا دورہ

**چیمپینز ٹرافی کے میگا ایونٹ سے قبل قذافی اسٹیڈیم کے اطراف ایریا کو خوبصورت بنایا گیا ہے' ڈی جی طاہر فاروق**

لاہور (این این آئی) ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے گزشتہ روز لبرٹی چوک، مین بلیوارڈ گلبرگ اور فیروز پور روڈ پر بائیکر لین کا دورہ کیا۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے لبرٹی چوک تا قذافی اسٹیڈیم سڑک کے اطراف کاموں کی فنشنگ ورک کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے کہا کہ چیمپینز ٹرافی کے میگا ایونٹ سے قبل اسٹیڈیم کے اطراف ایریا کو خوبصورت بنایا گیا ہے۔ ایل ڈی اے نے اطراف کی سڑکوں کا اسفالٹ، سائنیج، لین مارکنگ، لائٹنگ کا کام مکمل کرلیا ہے۔ ڈی جی ایل ڈی اے نے مین بلیوارڈ گلبرگ کے اطراف کمرشل املاک سے تجاوزات کے خاتمے کا جائزہ لیا۔ چیف انجینئر ایل ڈی اے نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ مین بلیوارڈ گلبرگ کے اطراف 50 سے زائد کمرشل املاک کا فساڈ اور سائنیج بہتر کی جارہی ہے۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے کہا کہ وزیراعلی پنجاب کی خصوصی ہدایت پر مین بلیوارڈ گلبرگ کو ماڈل بنایا جارہا ہے۔

## روڈ سیکٹر کی ترقیاتی سکیموں کیلئے 39 ارب 73 کروڑ روپے کے فنڈز کی منظوری

**گوجرانوالہ تا ایم ٹو انٹرچینج براستہ حافظ آباد روڈ کو دورویہ کرنے کیلئے 13 ارب 23 کروڑ**

لاہور (این این آئی) پنجاب پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ نے مالی سال 25-2024 کے صوبائی ڈویلپمنٹ ورکنگ پارٹی کے 63 ویں اجلاس میں روڈ سیکٹر کی 5 ترقیاتی سکیموں کے لیے مجموعی طور پر 39 ارب 73 کروڑ 2 لاکھ 95 ہزار روپے کے فنڈز کی منظوری دی۔ اجلاس کی صدارت چیئرمین پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ بیرسٹر نبیل احمد اعوان نے کی۔ صوبائی ورکنگ پارٹی کے اجلاس میں ترقیاتی بورڈ کی جانب سے جن سکیموں کی منظوری دی گئی ان میں بہاولپور میں بہاولپور تا جھانگرہ شرقی انٹرچینج روڈ کی تعمیر (ترمیمی) کیلئے 4 ارب 59 کروڑ 45 لاکھ 50 ہزار روپے، خانیوال میں میاں چنوں تا عبدالحکیم انٹرچینج براستہ تلمبہ روڈ کو دورویہ کرنے (ترمیمی) کیلئے 3 ارب 3 کروڑ 92 لاکھ 84 ہزار روپے، گوجرانوالہ اور حافظ آباد میں کوٹ سرور کے مقام پر گوجرانوالہ تا ایم ٹو انٹرچینج براستہ حافظ آباد روڈ کو دورویہ کرنے (ترمیمی) کیلئے 13 ارب 28 کروڑ 81 لاکھ 47 ہزار روپے، خوشاب میں سرگودھا۔خوشاب۔میانوالی روڈ کو دورویہ کرنے کیلئے 11 ارب 80 کروڑ 65 لاکھ 16 ہزار روپے اور سیالکوٹ، نارووال میں سیالکوٹ کینٹ تا جسر گیریشن روڈ کی کشادگی وبہتری (ترمیمی) کیلئے 7 ارب 5 کروڑ 89 لاکھ 45 ہزار روپے شامل ہیں۔

صوبائی وزیر میر شعیب نوشیروانی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

## زمین پر اللہ کے نظام کے بغیر معاشرہ کی اصلاح اور انسانیت کی فلاح ناممکن ہے، علامہ محمد عطا اللہ بندیالوی

**ملک سے دہشت گردی، مہنگائی، سودی نظام، بلاجواز ٹیکسوں کے خاتمہ ہونا چاہئے، علامہ سید محمد سبطین شاہ نقوی**

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں علماء ومشائخ نے کہا کہ اللہ کی زمین پر اللہ کے نظام کے بغیر معاشرہ کی اصلاح اور انسانیت کی فلاح ناممکن ہے اس لئے اسلامی تعلیمات کو مشعل راہ بنا کر توحید وسنت کے تقوی ایمان کو اپنے دلوں میں پختہ کر کے مسائل کے حل کے لئے ہر پاکستانی کو اپنا کردار ادا کرنا ہو گا۔ انہوں نے ملک سے دہشت گردی، مہنگائی، سودی نظام، بلاجواز ٹیکسوں کے خاتمہ اور غیرشرعی قوانین کو تبدیل کر کے قرآن و سنت کے نظام عدل کے نفاذ پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ملک میں قیام امن کے لئے پوری قوم افواج پاکستان اور اداروں کے شانہ بشانہ متحد ہوکر کھڑی ہے۔ زرائع کے مطابق جمعیت اشاعت اہلسنت والسنہ کے صوبائی نائب امیر علامہ محمد عطا اللہ بندیالوی، مرکزی جمعیت اہلحدیث پنجاب کے سرپرست اعلی علامہ سید محمد سبطین شاہ نقوی، انٹرنیشنل ختم نبوت پنجاب کے صدر قاری احمد علی نریم، قومی امن کمیٹی برائے بین المذاہب ہم آہنگی کے ضلعی صدر مفتی شاہد مسعود، چیئرمین حافظ وقاص قاسمی، مرکزی اتحاد العلما کے ضلعی جنرل سیکرٹری مولانا ملک ضیا الحق، ضلعی سیکرٹری اطلاعات شیخ نعیم طاہر، ضلعی کنوینر قاری عبدالوحید، مسجد رابعہ کے خطیب پروفیسر مولانا فضل الحق بندیالوی، مسجد حامد علی شاہ کے مولانا نگاہ مصطفے چشتی، جامع مسجد شمشیر ٹان کے خطیب مولانا انعام اللہ جلالی اور دیگر علما ومشائخ نے کہا کہ اللہ کی زمین پر اللہ کے نظام عدل وانصاف کے بغیر معاشرہ کی اصلاح اور انسانیت کی فلاح ناممکن ہے۔

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

## اسلام آباد، سنگین جرائم میں ملوث 5 مجرمان سمیت 14 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

**قبضے سے 1125 گرام ہیروئن، 1100 گرام چرس اور 7 عدد پستول برآمد**

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے سنگین جرائم میں ملوث 5 مجرمان سمیت 14 جرائم پیشہ عناصر گرفتار کرکے 1125 گرام ہیروئن، 1100 گرام چرس اور 7 عدد پستول برآمد کرلئے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں شہریوں کے جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کے لئے موثر کریک ڈاؤن جاری ہے، اس سلسلہ میں تھانہ ترنول، تھانہ کھنہ، تھانہ کوہسار، تھانہ گولڑہ، تھانہ سمبل، تھانہ سنگجانی اور تھانہ سہالہ پولیس ٹیموں نے ملزمان نعیم، آفتاب خان، احمد ممتاز، عدنان، شفقت، عاطف، سیف اللہ، محمد سمیر اور اکبر حسین کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے 1125 گرام ہیروئن، 1100 گرام چرس اور 07 پستول برآمد کرلیے، گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کرکے مزید تفتیش جاری ہے، جبکہ اشتہاری، عدالتی اور عادی مجرمان کی گرفتاری کے لیے جاری خصوصی مہم کے دوران سنگین جرائم میں ملوث پانچ مجرمان کی گرفتاری بھی عمل میں لائی گئی، ایس ایس پی آپریشنز محمد شعیب خان نے کہا کہ اسلام آباد پولیس وفاقی دارالحکومت میں شہریوں کے جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے مصروف عمل ہے

## کمشنر شہید بینظیر آباد ڈویژن ندیم احمد ابڑو کا رورل ہیلتھ سنٹر شاہپور جہانیاں کا اچانک دورہ

کراچی (این این آئی) کمشنر شہید بینظیر آباد ڈویژن ندیم احمد ابڑو نے رورل ہیلتھ سنٹر شاہپور جہانیاں کا اچانک دورہ کیا رورل ہیلتھ سنٹر میں صفائی کی خراب صورتحال اور ڈاکٹرز وعملے کی غیرحاضری پر سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے اسپتال انتظامیہ کو ہدایات دی کہ اسپتال میں صفائی کی صورتحال کو بہتر بنایا جائے جبکہ ڈاکٹرز اور عملے کی حاضری کو یقینی بنایا جائے بصورت دیگر کوتاہی برتنے والوں کے خلاف کاروائی کی جائے گی بعدازاں کمشنر نے تعلقہ اسپتال مورو اور مختلف پولیو ٹرانزٹ وفکس پوائنٹس کا دورہ کر کے اسپتال میں مریضوں کو ملنے والی صحت کی سہولیات اور پولیو ٹرانزٹ پوائنٹس پر پولیوٹیموں کی کارکردگی چیک کیا

## اضافی پنشن کی عدم ادائیگیوں کے خلاف کراچی بھر کے ٹاؤنز میں ریٹائر ملازمین کا احتجاج اور دھرنا

کراچی (این این آئی) آل کے ایم سی ٹی ایم سیز ریٹائر ایمپلائز و پینشنرز الائنس کی کال پر کراچی کے ٹاونز کالعدم ڈی ایم سیز ہیڈ آفس پر ریٹائر ملازمین نے بھرپور احتجاج کیا۔ کالعدم بلدیہ جنوبی کے صدر ٹاون میں یونائیٹڈ ورکرز یونین، متحدہ ورکرز فرنٹ، سجن یونین کے رہنماوں حبیب الرحمٰن اعوان، نظام الدین، محمد راشد، مزمل شاہ، عبدالوسام، پھول محمد، الیاس جدون نے احتجاج کی قیادت کی۔ لیاری ٹاون میں پیپلز یونائیٹڈ ورکرز یونین، پیپلز یونٹی، پیپلز لیبر یونین کے رہنماوں جاوید بلوچ، اشرف اعوان، اسلم بزنجو، صابر برکت نے احتجاج کی

## جماعت اسلامی کی جانب سے وکلاء برادری کے احتجاج کی حمایت کا اعلان

**بدقسمتی سے سندھ پولیس کو پیپلز پارٹی کی حکومت نے مکمل طور پر مافیا بنادیا ہے، کاشف سعید شیخ**

کراچی (این این آئی) جماعت اسلامی سندھ کے امیر کاشف سعید شیخ نے حیدرآباد میں ایس ایس پی فرخ لنجار کیخلاف وکلاء کے احتجاج کی پرزور حمایت کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ سندھ پولیس گذشتہ 16 سالہ پ پ کی حکومت میں حکمران طبقے اور اشرافیہ کی کمداری کے سوا کچھ بھی نہیں کیا، ڈاکوراج کے خاتمے اور امن امان کی بحالی کی بجائے شریف شہریوں کو تنگ کرنا پولیس کا وطیرہ بن چکا ہے، ایک چہیتے افسر کو بچانے کیلئے تین دن سے پوری ریاست کا مذاق بنادیا گیا ہے، وکلاء کے جائز مطالبات کو تسلیم اور زیادتی کا ازالہ کیا جائے، ملک میں آئین، قانون اور جمہوریت کو دفن کردیا گیا ہے اب صرف ڈنڈے کے زور پر 25 کروڑ عوام کو یرغمال بنادیا گیا ہے۔ انہوں نے آج ایک بیان میں مزید کہا کہ وکلاء برادری نے ہمیشہ آئین اور قانون کی پاسداری کی ہے، بدقسمتی سے سندھ پولیس کو پ پ کی حکومت نے مکمل طور پر مافیا بنادیا ہے

## کراچی میں کسی قانون پر عملدرآمد نہیں ہورہا، ایم کیو ایم ارکان سندھ اسمبلی

**شہر میں غیرقانونی تجاوزات کی بھرمار ہے، کراچی کے شہری ٹیکس دیتے ہیں تو ملک پلتا ہے**

کراچی (این این آئی) ایم کیو ایم پاکستان کے ارکان سندھ اسمبلی عامر صدیقی اور انجینئر عثمان احمد نے کہا ہے کہ کراچی میں کسی قانون پر عملدرآمد نہیں ہورہا۔ ڈمپرز کو مقررہ اوقات پر چلنے کی اجازت دی جائے۔ شہر میں غیرقانونی تجاوزات کی بھرمار ہے۔ کراچی کے شہری ٹیکس دیتے ہیں تو ملک پلتا ہے۔ جو لوگ مررہے ہیں ان کے اعداد وشمار ملنے چاہئیں۔ ہم پیپلز پارٹی کے ساتھ نہیں ہیں ہم نے حکومت کو آئینہ دکھایا ہے۔ جمعہ کو آئی جی سندھ غلام نبی میمن سے ملاقات کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ایم کیو ایم کے ارکان اسمبلی نے کہا کہ آئی جی سندھ سے ملاقات میں شہر میں بچوں کے اغوا کے واقعات، ڈمپرز اور ٹریفک حادثات، اسٹریٹ کرائم کے واقعات اور ڈسٹرکٹ ایسٹ سے متعلق ایشوز پر بات چیت ہوئی ہے۔ ہم چاہتے ہیں ڈمپرز کو مقررہ اوقات پر چلنے کی اجازت دی جائے۔ جتنے بھی ٹریفک حادثات ہورہے ہیں رہائشی ایریا میں ہو رہے ہیں۔ گاڑیوں کی خراب صورتحال پر ایک میکنزم بننا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ انہوں نے کہا کہ ستر لاکھ گاڑیوں کے ٹریفک کو کنٹرول کرنے کے لیے ساڑھے پانچ ہزار ٹریفک پولیس اہلکار ناکافی ہیں

## مظفرآباد، میڈیکل کالج میں ایمرجنسی روم کا افتتاح کردیا گیا

مظفرآباد (این این آئی) وزیرصحت عامہ آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر نثار انصر ابدالی نے میڈیکل کالج میں ایمرجنسی روم کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر عدنان معراج نے فیکلٹی ممبران کے ہمراہ وزیرصحت کا میڈیکل کالج پہنچنے پر استقبال کیا اور وزیرصحت عامہ کو ایمرجنسی روم کے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔

راولپنڈی، برٹش کونسل کی ریسرچ کوآرڈینیٹر کرن رحیم میثاق اور تحفظ سینٹر کا دورہ کا معائنہ کررہی ہیں

## اوورسیز پاکستانیز کمیشن پنجاب کے زیراہتمام انٹرنیشنل کانفرنس کا انعقاد

**مختلف ممالک سے آئے اوورسیز پاکستانیز سے کھلی کچہری میں تجاویز پر تبادلہ خیال**

لاہور (این این آئی) اوورسیز پاکستانیز کمیشن پنجاب کے زیراہتمام مقامی ہوٹل میں انٹرنیشنل کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ بیرسٹر امجد ملک نے دنیا کے مختلف کونوں سے آئے تارکین وطن اور پنجاب کابینہ کے وزراء کو خوش آمدید کہا اور مختلف ممالک سے آئے اوورسیز پاکستانیز سے کھلی کچہری میں تجاویز پر تبادلہ خیال کیا۔ اوورسیز پاکستانیوں نیوز یراعظم اور وزیراعلیٰ پنجاب کی جانب سے کئے گئے اقدامات کی تعریف کی۔ کمشنر اوورسیز پاکستانیز کمیشن پنجاب نے اکتالیس اضلاع میں قائم خصوصی عدالتوں پر بریفنگ دی۔ تمام اوورسیز پاکستانیز کی جانب سے وزیراعلی پنجاب مریم نواز شریف کی جانب سے تارکین وطن کیلئے عدالتوں کی تشکیل کا بل پاس کرنے پر خصوصی مبارکباد۔ اجلاس میں وکلاء تاجر برادری خواتین اور اوورسیز بینارٹی کمیونیٹی کی خصوصی شرکت کی۔ وائس چیئرمین بیرسٹر امجد ملک نے متحدہ عرب امارات کی ٹیم اور عرفان طور کا شاندار انتظامات پر شکریہ ادا کیا۔ تقریب کے افتتاحی کلمات مسلم لیگ ن متحدہ عرب امارت کے سینئر وائس پریذیڈنٹ عرفان علی طور نے ادا کیئے۔ کمشنر اوورسیز پاکستانیز کمیشن پنجاب مرزا نصیر عنایت نے پنجاب او پی سی کے اغراض ومقاصد، نمایاں کارکردگی، مجموعی اعداد وشمار اور اوورسیز پاکستانیوں کی جائیدادوں پر قبضے کے فوری خاتمہ کے حوالہ سے پنجاب اسٹیبلشمنٹ آف شیل کورٹ (اوورسیز پاکستانیوں کی جائیداد) کا بل جواب گورنر پنجاب کی منظوری سے باقاعدہ ایکٹ بن چکا ہے

## کل جماعتی حریت کانفرنس کی کشمیریوں سے 11 فروری کو مکمل ہڑتال کی اپیل

سرینگر (این این آئی) غیرقانونی طور پر بھارت کے زیرقبضہ جموں وکشمیر میں کل جماعتی حریت کانفرنس نے کشمیری عوام سے معروف آزادی پسند رہنماء محمد مقبول بٹ اور دیگر شہداء کے یوم شہادت کے موقع پر 11 فروری بروز منگل کو مکمل ہڑتال کرنے کی اپیل کی ہے۔

## سی ٹی او اسلام آباد کا ٹریفک پولیس ہیڈکوارٹرز کے مختلف شعبہ جات کا دورہ

**شہریوں کی سہولیات کیلئے کئے گئے اقدامات کا جائزہ لیتے ہوئے سٹاف کی کارکردگی کو سراہا**

اسلام آباد (این این آئی) چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد نے اسلام آباد ٹریفک پولیس ہیڈکوارٹرز کے مختلف شعبہ جات کا دورہ کرکے شہریوں کی سہولیات کیلئے کئے گئے اقدامات کا جائزہ لیا، سٹاف کی کارکردگی کو سراہا اور مزید بہتری لانے کیلئے خصوصی ہدایات جاری کیں۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد ٹریفک پولیس وفاقی دارالحکومت میں ٹریفک کی روانی، شہریوں کو حادثات سے محفوظ رکھنے، ڈرائیونگ کی تربیت اور لائسنس کے حصول کے ساتھ شہریوں کو ہرممکن سفری سہولیات فراہم کرنے میں ہمہ وقت کوشاں ہے، اس سلسلے میں چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد کیپٹن ریٹائرڈ ذیشان حیدر نے ٹریفک پولیس ہیڈکوارٹرز کے مختلف شعبہ جات کا دورہ کیا، جن میں جدید ڈرائیونگ لائسنس، ون ونڈو ہال اور ڈرائیونگ ٹیسٹ ایریا سمیت دیگر شعبہ جات کا دورہ کیا

اسلام آباد، ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر اوپن ڈور پالیسی کے تحت عوامی شکایات سن رہے ہیں

## کراچی: گھر سے خاتون کی کمبل میں لپٹی ہوئی لاش برآمد

**پولیس نے آلہ قتل برآمد کرلیا، خاتون کا شوہر واقعہ کے بعد سے غائب ہے، پولیس حکام**

کراچی (این این آئی) شہر قائد کے علاقے اورنگی ٹاؤن میں گھر سے خاتون کی چندروز پرانی گلا کٹی کمبل میں لپٹی ہوئی لاش ملی جبکہ پولیس نے آلہ قتل برآمد کرلیا، خاتون کا شوہر واقعہ کے بعد سے غائب ہے۔ تفصیلات کے مطابق پیرآباد کے علاقے اورنگی ٹاؤن صدیق اکبر محلّہ میں گھر سے خاتون کی تعفن زدہ گلا کٹی لاش ملی جس کی اطلاع پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر کرائم سین یونٹ کو طلب کرلیا جبکہ مقتولہ کی لاش کو ضابطے کی کارروائی کے لیے عباسی شہید اسپتال منتقل کر دیا۔ ایس ایچ او پیر آباد امتیاز میر جت نے بتایا کہ گھر سے تعفن اٹھنے پر مالک مکان نے پولیس کو اطلاع دی تو گھر کے دروازے پر تالا لگا ہوا تھا جسے توڑ کر پولیس اندر داخل ہوئی تو کمرے میں کمبل کے اندر سے خاتون کی تعفن زدہ گلا کٹی ہوئی لاش ملی جو کہ 5 روز پرانی معلوم ہوتی ہے جبکہ پولیس کو کمرے سے آلہ قتل تیز دھار آلہ) چھری (بھی مل گیا ہے جسے قبضے میں لے لیا گیا ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ مقتولہ کی فوری طور پر شناخت نہیں ہوسکی ہے جبکہ مقتولہ کے شوہر عبدالسلام نے مذکورہ ایک کمرے کا مکان 6 ماہ قبل کرائے پر لیا تھا۔ مقتولہ اور اس کے شوہر کا آبائی تعلق خیبر پختونخواہ سے ہے

## ستھرا پنجاب کے بھرتی درجنوں مرد خواتین سینٹری ورکرز کا تنخواہیں کم دیئے جانے کیخلاف جی ٹی روڈ پر احتجاجی مظاہرہ

**سینٹری ورکرز نے صفائی کا کام چھوڑ کر دھرنا دیا، اپنے مطالبات کے حق میں نعرے بازی، بھوک ہڑتال کی دھمکی بھی دیدی**

مریدکے (این این آئی) وزیراعلی پنجاب ستھرا پنجاب کے بھرتی درجنوں مرد خواتین سینٹری ورکرز نے تنخواہیں کم دیئے جانے اور خواتین ورکرز کو ملازمت سے جبراً نکالے جانے کے خلاف جی ٹی روڈ پر احتجاجی مظاہرہ کیا، صفائی کا کام چھوڑ کر جی ٹی روڈ پر دھرنا دیا اور بھوک ہڑتال کی دھمکی دیدی۔ مظاہرین کی قیادت کرنے والی صدر سینٹری ورکرز یونین عنایت بی بی اور شاہین لیبر یونین کے صدر ساجن چوہان مسیح نے الزام لگایا کہ وزیراعلی پنجاب کے ستھرا پنجاب پروگرام میں بھرتی درجنوں مسیحی نوجوان مرد خواتین کو حکومت کے مقرر کردہ 37 ہزار روپے تنخواہ کی بجائے بیس سے پچیس ہزار روپے تنخواہ دی جارہی ہے

## میرواعظ کا نوجوانوں کے بہیمانہ قتل، بلاجواز گرفتاری پر اظہار تشویش

سرینگر (این این آئی) بھارت کے غیرقانونی زیرقبضہ جموں وکشمیر میں کل جماعتی حریت کانفرنس کے سینئر رہنما میرواعظ عمر فاروق نے بھارت کے غیرقانونی طور پر مقبوضہ جموں وکشمیر میں بھارتی فوجیوں کے ہاتھوں دو نوجوانوں کے حالیہ قتل پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق بھارتی فوجیوں نے گزشتہ روز ضلع بارہمولہ کے علاقے سنگرمہ چوک میں تلاشی کی ایک پرتشدد کارروائی کے دوران سرینگر بارہمولہ شاہراہ پر ایک ٹرک کو فائرنگ کا نشانہ بنایا

## حکومت کو آئی ایم ایف اور جی ایس پی پلس کے جائزوں سے نمٹنا پڑے گا، میاں زاہد حسین

**آئی ایم ایف جائزہ ملکی معیشت، یورپی یونین جائزہ برآمدات بچانے کیلئے ضروری ہے**

کراچی (این این آئی) نیشنل بزنس گروپ پاکستان کے چیئرمین، پاکستان بزنس مین اینڈ انٹلیکچولز فورم وآل کراچی انڈسٹریل الائنس کے صدر، ایف پی سی سی آئی پالیسی ایڈوائزری بورڈ کے چیئرمین اور سابق صوبائی وزیر میاں زاہد حسین نے کہا ہے کہ آئندہ چند ماہ میں حکومت کو آئی ایم ایف اور جی ایس پی پلس کے جائزوں سے نمٹنا ہوگا۔ آئی ایم ایف کا جائزہ ملکی معیشت کے لئے جبکہ یورپی یونین کا جائزہ برآمدات بچانے کے ضروری ہے۔ میاں زاہد حسین نے کاروباری برادری سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ آئی ایم ایف کا مشن اس ماہ کے آخر یا اگلے ماہ کے شروع میں متوقع ہے جو مجموعی معاشی صورتحال اور اپنی شرائط پر عمل درآمد کا جائزہ لے گا۔ آئی ایم ایف کے ماہرین کی جانب سے نجکاری اور ٹیکس اہداف میں ناکامی پر تحفظات کا امکان ہے تاہم پاکستان کو کچھ بحث مباحثے اور یقین دہانیوں کے بعد ایک ارب ڈالر کی قسط مل جائے گی۔ آئی ایم ایف کی جانب سے معاشی استحکام پر زور دیا جائے گا جبکہ تیزی سے اقتصادی ترقی کی حوصلہ شکنی کی جائے گی کیونکہ ماضی میں جب بھی ایسی کوشش کی گئی ہے تو اسکا نتیجہ بحران کی صورت میں نکلا ہے۔

صوبائی وزیر میر سلیم کھوسہ اپنے دفتر میں لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

## اگلے سال شہر قائد میں مزید 300 اسکیمیں مکمل کریں گے: میئر کراچی

**بہت سارے ٹاؤنز ہمیں تنگ کرتے ہیں، ٹاؤنز وہ کام نہیں کررہے تو بلدیہ عظمی کراچی یہ کام کروارہی ہے، بیرسٹر مرتضی وہاب**

کراچی (این این آئی) میئر کراچی مرتضی وہاب نے کہا ہے کہ اگلے سال مزید 300 اسکیمیں مکمل کریں گے۔ کے ایم سی ہیڈ آفس میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے مرتضی وہاب نے کہا کہ جون 2023 میں عہدہ سنبھالا تھا، ڈیڑھ سال بعد خود کو آپ کے سامنے پیش کررہا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ مالی اعتبار سے کے ایم سی میں ڈیڑھ سال میں بہتری آئی ہے، اختیارات کا نہیں نیت کا معاملہ تھا۔ مرتضی وہاب نے کہا کہ 2.14 ارب روپے اس وقت ہمارے اکاؤنٹ میں آچکے ہیں جبکہ 300 فیصد آمدنی میں پیپلز پارٹی کی قیادت نے اضافہ کیا ہے۔ میئر کراچی نے کہا ہے کہ بلدیہ عظمی کراچی کی آمدن میں 300 گنا اضافہ ہوا ہے، یہ وہی اختیارات اور وہی قانون ہے جس سے لینڈ ڈپارٹمنٹ کی ریکوری بہتر ہو رہی ہے۔ مرتضی وہاب نے کہا کہ بہت سارے ٹاؤنز ہمیں تنگ کرتے ہیں، ٹاؤنز وہ کام نہیں کررہے تو بلدیہ عظمی کراچی یہ کام کروارہی ہے لیکن پھر بھی ہماری ریکوری میں اضافہ ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلدیہ عظمی کراچی 751 اسکیموں پر کام کررہی ہے اور 30 جون تک اگلے 5 ماہ میں 430 اسکیموں کو پورا کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ کچی آبادی میں پلازہ اور پیٹرول پمپ بن رہے ہیں، کے ایم سی کچی آبادی میں ڈیولپمنٹ کررہی ہے۔

## اسلام آباد، شہریوں سے قیمتی اشیاء چھیننے میں ملوث سابقہ ریکارڈ یافتہ منظم گروہ کے دو ارکان گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) تھانہ شمس کالونی پولیس نے شہریوں سے اسلحہ کی نوک پر موٹر سائیکل، نقدی، موبائل فون ودیگر قیمتی اشیاء چھیننے کی متعدد وارداتوں میں ملوث سابقہ ریکارڈ یافتہ منظم گروہ کے دو ارکان کو گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد پولیس تھانہ شمس کالونی ٹیم نے تکنیکی اور انسانی وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے موثر کارروائی کے دوران جڑواں شہروں سے شہریوں کو قیمتی اثاثوں سے محروم کر نے والے سابقہ ریکارڈ یافتہ منظم گروہ کے دو ارکان کو گرفتار کرلیا

# SPORTS اسپورٹس

روزنامہ بولان حب بلوچستان
Daily BOLAN HUB Balochistan
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کبوہ
فون و فیکس 0853-310203
Mobile: 0336-6113760
قیمت 20 روپے

## پاکستان انڈر 18 قومی ہاکی ٹیم نے فائیو اے سائیڈ ورلڈ کپ کیلئے باقاعدہ کوالیفائی کرلیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کی انڈر- 18 قومی ہاکی ٹیم نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے مصر میں منعقد ہونے والے ہاکی فائیو اے سائیڈ ورلڈ کپ کیلئے باقاعدہ کوالیفائی کرلیا ہے۔ اس شاندار کامیابی کے ساتھ ہی پاکستان ٹیم نے ٹورنامنٹ کے فائنل میں بھی جگہ بنا لی ہے، جہاں اس کا مقابلہ (آج) 25 جولائی کو روایتی حریف بھارت سے ہوگا۔ تفصیلات کے مطابق قومی جونیئر ٹیم نے پورے ایونٹ کے دوران بہترین ڈسپلن، جارحانہ کھیل اور بہترین حکمت عملی کا مظاہرہ کیا۔ ایونٹ میں بہترین پرفارمنس کا مظاہرہ کرتے ہوئے فائنل تک رسائی اور ورلڈ کپ کا ٹکٹ حاصل کرنا پاکستان ہاکی کے روشن مستقبل کا واضح ثبوت ہے۔

## پاکستان کی تینوں فارمیٹس میں نمائندگی میرا بڑا ہدف ہے، سمیر منہاس

### طویل کرکٹ کیریئر کے لیے ٹریننگ اور متوازن خوراک ضروری ہیں، بیٹر کا انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان انڈر 19 کے ابھرتے بیٹر سمیر منہاس نے کہا ہے کہ پاکستان کی تینوں فارمیٹس میں نمائندگی میرا بڑا ہدف ہے۔ ایشیا کپ پاور پلے میں ہر اوور میں ایک باؤنڈری کا منصوبہ تھا، باؤنڈری کے بعد اسٹرائیک بدل کر اننگز آگے بڑھاتا تھا، والد نے کرکٹ اکیڈمی میں داخل کرایا، جہاں سے سنجیدہ سفر شروع ہوا، ابتدا لیگ اسپنر کے طور پر کی، یاسر شاہ کو فالو کرتا تھا، طویل کرکٹ کیریئر کے لیے ٹریننگ اور متوازن خوراک ضروری ہیں، پاکستان انڈر 19 کے ابھرتے بیٹر سمیر منہاس نے پروگرام اسٹریٹ ڈرائیو ود سلمان بٹ میں شرکت کی اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اے سی سی انڈر 19 ایشیا کپ اور آئی سی سی انڈر 19 ورلڈ کپ میں پاکستان کی نمائندگی کی، میرا کرکٹ سفر بھائی کے ساتھ گلی میں کھیلنے سے شروع ہوا۔ انہوں نے کہا کہ والد نے کرکٹ اکیڈمی میں داخل کرایا، جہاں سے سنجیدہ سفر شروع ہوا۔ انہوں نے کہا کہ ابتدا لیگ اسپنر کے طور پر کی، یاسر شاہ کو فالو کرتا تھا۔ سمیر شاہ نے کہا کہ کوچ نے میری بیٹنگ اور فیلڈنگ صلاحیتوں کو پہچانا۔ سمیر شاہ نے کہا کہ کوچ طاہر محمود فیض نے کرکٹ سنجیدگی سے اپنانے کی ترغیب دی۔ سمیر شاہ نے کہا کہ 2013 سے کوچ طاہر محمود فیض کے ساتھ کام کر رہا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ والد نے کم عمری سے فٹنس، ٹریننگ اور خوراک کی اہمیت سکھائی۔ انہوں نے کہا کہ طویل کرکٹ کیریئر کے لیے ٹریننگ اور متوازن خوراک ضروری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انڈر 16 کے بعد انڈر 19 کی تیاری کے لیے سخت ٹریننگ شروع کی، ایج گروپ کیمپس میں مختلف کوچز سے بہت کچھ سیکھنے کا موقع ملا۔

## تاریخی لارڈز کرکٹ گراؤنڈ سے ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کے فائنل کی میزبانی واپس لے لی گئی

لندن (این این آئی) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل نے تصدیق کی ہے کہ آئندہ سال ہونے والے ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کے فائنل کی میزبانی لارڈز کے بجائے لندن کے دی اوول کو سونپ دی گئی ہے۔ آئی سی سی کے مطابق فائنل 9 سے 13 جون 2027 تک اوول میں کھیلا جائے گا۔ آئی سی سی نے گزشتہ سال اعلان کیا تھا کہ انگلینڈ کو 2027، 2029 اور 2031 کے ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ فائنلز کی میزبانی کے حقوق دیئے گئے ہیں جبکہ ہر ایڈیشن کے لیے میزبان گراؤنڈ کا انتخاب انگلینڈ اینڈ ویلز کرکٹ بورڈ خود کریگا۔ خیال کیا جارہا تھا کہ 2027 ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کا فائنل تاریخی لارڈز کرکٹ گراونڈ میں ہوگا لیکن انگلینڈ کرکٹ بورڈ نے اس کے بجائے دی اوول میں فائنل کرانے کا فیصلہ کیا۔

## شاہد آفریدی کی مداح کو دھکا دینے کی ویڈیو وائرل، متعدد صارفین نے معافی مانگنے کا مطالبہ کردیا

پشاور (سپورٹس ڈیسک) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان اور مایہ ناز آل راؤنڈر شاہد آفریدی ایک بار پھر سوشل میڈیا پر تنقید کی زد میں آگئے، اس بار وجہ ایک وائرل ویڈیو ہے جس میں انہیں ایک مداح کے ساتھ مبینہ طور پر سخت رویہ اختیار کرتے دیکھا جا رہا ہے۔ سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی ویڈیو میں دیکھا جاسکتا ہے کہ شاہد آفریدی سیکیورٹی حصار میں ایک اسٹیڈیم سے باہر آرہے ہوتے ہیں کہ اسی دوران ایک مداح ان کے قریب آنے کی کوشش کرتا ہے۔ ویڈیو میں دیکھا جاسکتا ہے کہ شاہد آفریدی مداح کو پیچھے ہٹانے کے لیے ہاتھ سے دھکا دیتے ہیں۔ ویڈیو وائرل ہونے کے بعد متعدد صارفین نے شاہد آفریدی کے رویے کو غیر مناسب قرار دیتے ہوئے معافی مانگنے کا مطالبہ کردیا۔

## ویسٹ انڈیز کے خلاف سیریز، عبداللہ شفیق قومی اسکواڈ میں شامل

### بائیں ہاتھ کے بلے باز سعود شکیل کو بھی بطور اضافی متبادل ٹیم کا حصہ بنایا گیا، پی سی بی

لاہور (سپورٹس ڈیسک) ویسٹ انڈیز اور انگلینڈ ٹیسٹ سیریز کے لیے پاکستان کے اسکواڈ میں دو تبدیلیوں کا اعلان کردیا گیا۔ پی سی بی کے مطابق عبداللہ شفیق کو عبداللہ فضل کی جگہ قومی ٹیسٹ اسکواڈ میں شامل کرلیا گیا، عبداللہ فضل انجری کے باعث ویسٹ انڈیز کے خلاف ٹیسٹ سیریز سے باہر ہوگئے تھے۔ عبداللہ شفیق کے علاوہ بائیں ہاتھ کے بلے باز سعود شکیل کو بھی بطور اضافی متبادل ٹیم کا حصہ بنایا گیا ہے۔ ویسٹ انڈیز کے خلاف دو ٹیسٹ میچز کی سیریز کے بعد پاکستانی ٹیم کی اگلی اسائنمنٹ انگلینڈ کا دورہ ہے۔ پاکستانی ٹیم انگلینڈ میں 3 ٹیسٹ میچوں کی سیریز کھیلے گی۔

## بین اسٹوکس کی ریٹائرمنٹ، جو روٹ انگلش ٹیسٹ کپتان بنیں گے

لندن (این این آئی) بین اسٹوکس کی ریٹائرمنٹ کے بعد جو روٹ انگلینڈ کے ٹیسٹ کپتان بنیں گے۔ جو روٹ اگلے موسم گرما میں آسٹریلیا کے خلاف ہوم ایشز سیریز تک ٹیم کی قیادت کریں گے۔ بین اسٹوکس کی ریٹائرمنٹ کے بعد انگلینڈ کی جانب سے نئے ٹیسٹ کپتان کی تلاش اب روٹ کی واپسی کے ساتھ ختم ہونے والی ہے۔ ایتھلیٹک کی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ ای سی بی کی جانب سے پاکستان کے خلاف 19 اگست سے شروع ہونے والی تین ٹیسٹ میچوں کی سیریز کے لیے روٹ کا بطور کپتان اعلان کیا جائے گا، اس تقرری میں اگلے سال ہونے والی ایشز تک توسیع کا امکان ہے۔

## بنگلا دیش کے فاسٹ بولر ناہید رانا انجری کے باعث آسٹریلیا کے خلاف ٹیسٹ سیریز سے باہر

ڈھاکہ (این این آئی) بنگلادیش کے فاسٹ بولر ناہید رانا آسٹریلیا کے خلاف آئندہ ماہ ہونے والی دو ٹیسٹ میچوں کی سیریز سے انجری کے باعث باہر ہوگئے ہیں۔ بنگلادیش کرکٹ بورڈ کے مطابق 23 سالہ ناہید رانا کو گزشتہ ہفتے زمبابوے کے خلاف دوسرے ٹی 20 میچ کے دوران بائیں جانب کھچاؤ کی انجری ہوئی، جس کے باعث وہ کم از کم چھ ہفتوں تک کرکٹ سے دور رہیں گے۔ ناہید رانا کی عدم دستیابی بنگلادیش کے لیے بڑا نقصان سمجھی جا رہی ہے کیونکہ ٹیم 23 برس بعد آسٹریلوی دورے میں بہتر کارکردگی دکھانے کی امید رکھتی تھی۔ رواں سال ناہید رانا نے بین الاقوامی کرکٹ میں 44 وکٹیں حاصل کیں، جو اس سال کسی بھی بولر کی جانب سے سب سے زیادہ ہیں۔

## پاک ویسٹ انڈیز ٹیسٹ سیریز کی ٹرافی کی رونمائی کردی گئی

### 2 ٹیسٹ میچز کی سیریز کا پہلا ٹیسٹ آج سے برائن لارا اکیڈمی میں شروع ہوگا

جمیکا (این این آئی) پاکستان اور ویسٹ انڈیز کے درمیان ٹیسٹ سیریز کی ٹرافی کی رونمائی کردی گئی، 2 ٹیسٹ میچز کی سیریز کا پہلا ٹیسٹ آج سے برائن لارا اکیڈمی میں شروع ہوگا۔ پاکستان کے کپتان بابر اعظم اور ویسٹ انڈیز کے کپتان روسٹن چیز نے ٹیسٹ سیریز کے ٹرافی کی رونمائی کی۔ 2 ٹیسٹ میچز کی سیریز کا پہلا ٹیسٹ 25 جولائی سے برائن لارا اکیڈمی میں شروع ہوگا جبکہ سیریز کا دوسرا ٹیسٹ میچ 2 اگست سے کھیلا جائے گا۔ دوسری جانب ویسٹ انڈیز نے 15 رکنی اسکواڈ کا اعلان بھی کردیا ہے، روسٹن چیز ویسٹ انڈین ٹیم کی قیادت کریں گے۔ لیفٹ آرم اسپنر جوشوا بشپ کو پہلی بار اسکواڈ میں شامل۔ کپتان روسٹن چیز، جومیل وریکن، جوشوا بشپ، میکینزی، چندرپال، جوشوا ڈی سلوا، جسٹن گریوز، کیوم ہوج، شے ہوپ، عامر جانگو، شمار جوزف، برینڈن کنگ، کرک میکنزی، کیمو پال، کیمار روچ اور جیڈن سیلز شامل ہیں۔ فاسٹ بولر الزاری جوزف اسکواڈ میں شامل نہیں ہیں۔

## جتنا وکٹ پر ٹھہریں گے پارٹنرشپ ہوں گی اس کا فائدہ ہے، ام ہانی

### جس طریقے سے محنت کی اسی طرح باؤلنگ کی کوشش کی، عروب شاہ قومی ٹیم کی کھلاڑی

اسلام آباد (این این آئی) قومی خواتین ٹیم کی کھلاڑی عروب شاہ اور ام ہانی نے کہا ہے کہ ہم جتنا وکٹ پر ٹھہریں گے پارٹنرشپ ہوں گی اس کا فائدہ ہے۔ پی سی بی ڈیجیٹل میں گفتگو کرتے ہوئے ام ہانی نے کہا کہ میرا سادہ سا پلان تھا کہ وکٹ پر باؤنس تھا تو اس سے فائدہ اٹھانا ہے اور رنز روکنے ہیں اسی سے میں وکٹ لے سکتی ہوں۔ انہوں نے کہا کہ کم بیک کیلئے بہت محنت کی اور جب آپ کم بیک کرتے ہو تو آپ پر جوش بھی ہوتے ہو اور تھوڑا پریشر میں ہوتا ہے لیکن جب میں نے پہلا بال کرلیا تو سب نارمل ہوگیا۔ عروب شاہ نے کہا کہ میں نے بھی اپنے اسپیل میں چیزوں کو سادہ رکھا اور جس طریقے سے محنت کی اسی طرح باؤلنگ کی کوشش کی اور اس میں کوچز کا بھی بڑا ہاتھ ہے، آئندہ بھی کوشش کروں گی کہ تسلسل برقرار رکھوں۔ کوشش تھی کہ زیادہ ڈاٹ بالز کروں اس سے بیٹرز پر دباؤ آتا ہے اور کچھ ایسے ہی ہوا اور ہمیں وکٹ ملی۔ کوشش ہوگی کہ اگلے میچ میں بھی اسی طرح باؤلنگ کروں۔

## مہم جو انعم عزیر نے 100 کلومیٹر الٹرا میراتھون جیت لی

### اندازہ تھا کہ کن مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا، آسمانی بجلی کا خطرہ رہتا ہے، انٹرویو

گلگت (این این آئی) کوہ پیمائی اور ٹریل رننگ میں اپنی شناخت بنانے والی مہم جو انعم عزیر نے پاکستان میں منعقد ہونے والی پہلی 100 کلومیٹر گلیات ماؤنٹین ٹریل الٹرا میراتھون جیت کر ایک اور سنگ میل عبور کرلیا۔ دشوار گزار پہاڑی راستوں، گھنے جنگلات قدرتی اور وائلڈ لائف خطرات سے بھرپور اس سخت مشکل مقابلے میں انعم عزیر نے غیر معمولی کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے کامیابی اپنے نام کی۔ ایک انٹرویو میں انعم عزیر نے کہا کہ وہ اپنی یہ کامیابی پاکستان کی تمام خواتین، خصوصاً خواتین رنرز کے نام کرتی ہیں۔ ان کا عزم ہے کہ وہ مستقبل میں بھی مزید منفرد اور مشکل چیلنجز قبول کرکے عالمی سطح پر پاکستان کا نام روشن کریں گی۔ انعم عزیر نے کہا کہ یہ آسان ٹاسک نہیں ہے، مجھے اندازہ تھا کہ کن کن مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا، آسمانی بجلی کا خطرہ رہتا ہے جیسا کہ کوہ پیمائی میں برفانی طوفان آجاتا ہے، کوہ پیمائی ہو یا گلیات ٹریل رننگ خطرات رہتے ہیں لیکن یہاں وائلڈ لائف کا خطرہ زیادہ تھا۔

## باسکٹ بال کھلاڑی لیبرون جیمز شاید نسل پرست ہیں، ٹرمپ کا دعویٰ

### میں صرف انہی لوگوں کو پسند کرتا ہوں جو مجھے پسند کرتے، صدر امریکہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے این بی اے چیمپئن شپ کے عظیم کھلاڑیوں مائیکل جارڈن اور لیبرون جیمز کے تقابلی سوال پر جواب دیتے ہوئے کہا کہ ان کے نزدیک مائیکل جارڈن بہترین باسکٹ بال کھلاڑی ہیں، جبکہ لیبرون جیمز کے بارے میں انہوں نے کہا کہ وہ شاید نسل پرست ہیں۔ وائٹ ہاؤس میں پریس کانفرنس کے دوران رپورٹر نے لیبرون جیمز کی فلاڈیلفیا 76 ای آر ایس سے منسلک ہونے کی خبروں کا حوالہ دیتے ہوئے صدر ٹرمپ سے پوچھا کہ ان کے خیال میں مائیکل جارڈن اور لیبرون جیمز میں سے اب تک کا بہترین کھلاڑی کون ہے۔ اس پر ٹرمپ نے کہا کہ مائیکل جارڈن میرے دوست ہیں، میں ان کے ساتھ گالف کھیلتا ہوں، وہ بہت اچھے انسان ہیں۔ میرے خیال میں لیبرون شاید نسل پرست ہیں، یا شاید وہ مجھے پسند نہیں کرتے، مجھے نہیں معلوم۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے مزید کہا کہ میں صرف انہی لوگوں کو پسند کرتا ہوں جو مجھے پسند کرتے ہیں۔

## سنچری مکمل نہ کرنے کا افسوس ہوتا ہے پلان تھا میچ فنش کروں، گل فیروزہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ویمن کرکٹ ٹیم کی اوپنر گل فیروزہ نے کہا ہے کہ سنچری مکمل نہ کرنے کا افسوس ہوتا ہے، پلان تھا کہ میچ فنش کرکے واپس آؤں۔ گل فیروزہ نے کہا کہ دوسرے میچ کے لیے بھی اچھی کارکردگی کیلئے پرامید ہوں۔ خوشی ہے کہ رنز کیے اور پلیئر آف دی میچ کا ایوارڈ حاصل کیا، رنز بنانے کے لیے بہت پراعتماد تھی، خوشی ہے کہ ٹیم کی جیت میں کردار ادا کیا۔ اوپنر نے کہا کہ بولرز نے بہت اچھی بولنگ کی اور میچ میں بہترین کم بیک کیا۔

## گلاسکو، کامن ویلتھ گیمز میں پاکستانی 36 رکنی دستے کی شرکت

### پاکستانی کھلاڑی ایتھلیٹکس باکسنگ، جوڈو، جمناسٹکس، لان بالز اور تیراکی میں حصہ لے رہے ہیں

گلاسکو (این این آئی) گلاسکو میں کامن ویلتھ گیمز 2026 کا باقاعدہ آغاز ہوگیا ہے، جو 2 اگست تک جاری رہیں گی۔ ان مقابلوں میں 74 ممالک کے تقریباً 3 ہزار کھلاڑی حصہ لے رہے ہیں، پاکستان کا 36 رکنی دستہ بھی ان کھیلوں میں شریک ہے جس میں 20 کھلاڑی جبکہ کوچز اور آفیشلز شامل ہیں۔ پاکستانی کھلاڑی 6 کھیلوں میں حصہ لے رہے ہیں، جن میں ایتھلیٹکس، باکسنگ، جوڈو، جمناسٹکس، لان بالز اور تیراکی شامل ہیں۔ بڑی امید اولمپک جیولن تھرو چیمپئن ارشد ندیم ہیں، جو اپنے اعزاز کا دفاع کرنے کے لیے میدان میں اتریں گے۔ ایتھلیٹکس میں ارشد ندیم کے علاوہ فائقہ ریاض، انصار عباس، محمد اختر، محمد اسماعیل، محمد یاسر اور نورین حسین پاکستان کی نمائندگی کر رہے ہیں۔ باکسنگ میں افضل خان، فاطمہ زہرا، ملائکہ زاہد، قدرت اللہ اور ثمامہ رحمان، جوڈو میں شاہ حسین شاہ، جمناسٹکس میں شہزاد علی، لان بالز میں مقصود وسیم خان اور محمد ایوب قریشی جبکہ تیراکی میں حمزہ آصف، حریم ملک، جہاں آرا نبی اور محمد احمد درانی شریک ہیں۔

## ورلڈ جونیئر اسکواش، پاکستان کی آخری امید نعمان خان بھی ہار گئے

ٹورنٹو (این این آئی) ورلڈ جونیئر اسکواش چیمپئن شپ میں پاکستان کی آخری امید نعمان خان بھی ہار گئے، انہیں پری کوارٹر فائنل میں مصر کے محمد ذکریا نے اسٹریٹ گیم میں شکست دے دی۔ ورلڈ جونیئر اسکواش چیمپئن شپ میں نعمان خان پاکستان کی آخری امید تھے جو پری کوارٹر فائنل تک آگئے تھے لیکن انہیں ایونٹ کے نمبر ون سیڈ مصر کے محمد ذکریا نے اسٹریٹ گیم میں ہرا دیا۔ مصری کھلاڑی کی کامیابی کا اسکور 11-6، 11-5 اور 11-4 رہا۔

## دورہ پاکستان کے بعد جنوبی افریقہ ویمنز کرکٹ ٹیم وطن واپس روانہ

کراچی (سپورٹس ڈیسک) پہلی مرتبہ پاکستان کے دورہ کے بعد جنوبی افریقہ ویمنز انڈر 19 کرکٹ ٹیم اتوار کو واپس وطن روانہ ہو گئی۔ جنوبی افریقہ نے نیشنل بینک اسٹیڈیم کراچی پر پاکستان کے خلاف کھیلی جانے والی 5 میچز پر مشتمل ویمن ٹی ٹوئنٹی سیریز 2-3 سے اپنے نام کی تھی، دریں اثنا پاکستان ویمنز انڈر 19 کی کپتان فضا فیاض نے کہا کہ ہمارا ٹارگٹ انڈر 19 ورلڈ کپ ہے، جنوبی افریقہ کے خلاف سیریز اچھی رہی، ہم نے کافی فائٹ کی۔

## کامن ویلتھ گیمز، پاکستانی تیراکوں کی مایوس کن کارکردگی برقرار

### مقابلوں میں شریک قومی سوئمرز ہفتے کو بھی اپنے ایونٹس کی ہیٹس سے آگے نہ بڑھ سکے

گلاسکو (این این آئی) کامن ویلتھ گیمز 2026 میں پاکستان کے تیراکوں کی مایوس کن کارکردگی دوسرے روز بھی برقرار رہی، مقابلوں میں شریک چاروں قومی سوئمرز ہفتے کو بھی اپنے ایونٹس کی ہیٹس سے آگے نہ بڑھ سکے۔ گلاسکو میں جاری کامن ویلتھ گیمز کے سوئمنگ ایونٹ میں ویمن 200 میٹر فری اسٹائل میں پاکستان کی جہاں آرا نبی 2 منٹ 11.16 سیکنڈ کے وقت کے ساتھ 36 تیراکوں میں 29 ویں نمبر پر رہیں اور فائنل کے لیے کوالیفائی نہ کرسکیں۔ مینز 400 میٹر فری اسٹائل میں احمد درانی نے 4 منٹ 14.85 سیکنڈ کا وقت ریکارڈ کیا اور 27 تیراکوں میں 22 ویں پوزیشن حاصل کی، جس کے باعث وہ بھی فائنل میں جگہ نہ بنا سکے۔ مینز 50 میٹر فری اسٹائل میں حمزہ آصف نے 24.17 سیکنڈ کے ساتھ 68 تیراکوں میں 39 ویں پوزیشن حاصل کی۔ وہ بھی فائنل میں رسائی حاصل کرنے والے ٹاپ 16 تیراکوں میں شامل نہ ہوسکے۔ ویمن 100 میٹر بریسٹ اسٹروک میں حریم ملک نے 1 منٹ 22.51 سیکنڈ کا وقت لیا اور 28 تیراکوں میں 27 ویں نمبر پر رہیں۔

## شاہین آفریدی دوران میچ ڈراپ اینٹی کرپشن یونٹ آفیشل کو شکایت

کولمبو (سپورٹس ڈیسک) لنکا پریمیئر لیگ میں تنازعات جاری ہے، شاہین آفریدی نے دوران میچ "ڈراپ" کیے جانے کی اینٹی کرپشن یونٹ آفیشل سے شکایت بھی کردی، کینڈی رائلز کی ٹیم مینجمنٹ نے کولمبو کیپس کیخلاف میچ سے قبل پاکستانی پیسر سے کہا کہ وہ بطور "امپیکٹ پلیئر" حصہ لیں گے، یہ قانون آئی پی ایل نے متعارف کرایا تھا جس کے مطابق کوئی بھی ٹیم میچ سے قبل ایک کھلاڑی کا نام دیتی ہے جو کسی اور کی جگہ لے کر بیٹنگ یا چار اوورز بولنگ کرسکتا ہے۔

جمیکا، بابر اعظم اور روسٹن چیز کرکٹ ٹیسٹ سیریز کی ٹرافی کی رونمائی کر رہے ہیں

## لیونل میسی کا بین الاقوامی فٹبال سے ریٹائرمنٹ کا فیصلہ

### الوداعی میچ کی تیاری شروع، فٹبالر کا بین الاقوامی کیریئر کئی نشیب و فراز سے بھرپور رہا

بیونس آئرس (این این آئی) ارجنٹینا کے عالمی شہرت یافتہ فٹبالر لیونل میسی نے بین الاقوامی فٹبال سے ریٹائرمنٹ کا فیصلہ کرلیا۔ غیر ملکی میڈیا کی رپورٹس کے مطابق میسی آئندہ چند ماہ تک قومی ٹیم کی نمائندگی جاری رکھیں گے تاکہ ٹیم کو سنبھلنے کا موقع مل سکے تاہم وہ مستقبل میں کسی اور عالمی کپ میں شرکت نہیں کریں گے۔ واضح رہے کہ 39 سالہ میسی نے 2026 فیفا ورلڈ کپ میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے 8 گول اور 4 گول میں مدد فراہم کی تھی جس کے باعث وہ ٹورنامنٹ کے دوسرے بڑے گول اسکورر رہے، فائنل میں اسپین کے ہاتھوں ارجنٹینا کی شکست کے بعد انہوں نے اپنے مستقبل کے بارے میں کوئی اعلان نہیں کیا تھا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ارجنٹینا فٹبال ایسوسی ایشن میسی کے اعزاز میں خصوصی الوداعی میچ منعقد کرنے کی منصوبہ بندی کر رہی ہے تاکہ شائقین عظیم کھلاڑی کو یادگار انداز میں خراج تحسین پیش کرسکیں۔ فٹبالر میسی کا بین الاقوامی کیریئر کئی نشیب و فراز سے بھرپور رہا۔

اسلام آباد، پاکستان اور ازبکستان کی ٹیمیں والی بال چیمپئن شپ کوارٹر فائنل میچ میں مدمقابل ہیں

## ویسٹ انڈیز نے 3 وکٹوں کے نقصان پر 194 رنز بنالیے

### پاکستان کی جانب سے محمد عباس نے 2، جبکہ عامر جمال نے ایک وکٹ حاصل کی

تاروبا (این این آئی) پاکستان اور ویسٹ انڈیز کے درمیان ٹیسٹ سیریز کے پہلے میچ کے پہلے روز میزبان ٹیم نے 3 وکٹوں کے نقصان پر 194 رنز بنالیے۔ کھیل کے پہلے سیشن میں بارش کے سبب صرف 14 اعشاریہ ایک اوورز کا کھیل ہوسکا جس میں ویسٹ انڈیز نے ایک وکٹ پر 23 رنز بنائے۔ برینڈن کنگ 12 کے انفرادی سکور پر محمد عباس کا شکار بنے تھے، کھانے کے وقفے کے آدھے گھنٹے کے بعد کھیل دوبارہ شروع ہوا، اوپنر چندر پال اور ہوج نے دوسری وکٹ پر 51 رنز کی شراکت قائم کی، جس کے بعد چندر پال 21 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ تیسری وکٹ پر عامر جنگو نے ہوج کے ساتھ مل کر 42 رنز بنائے، اور 21 رنز بنانے کے بعد اننگز میں محمد عباس کا دوسرا شکار بنے، چوتھی وکٹ پر شائی ہوپ اور ہوج نے عمدہ بیٹنگ کا مظاہرہ کیا اور مزید بغیر کسی نقصان کے ٹیم کا سکور 3 وکٹ پر 194 رنز تک لے گئے۔ اس دوران ہوج نے اپنی نصف سنچری مکمل کی۔

# SHOWBIZ شوبز

روزنامہ بولان حب بلوچستان
Daily BOLAN HUB Balochistan
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کبوہ
فون و فیکس 0853-310203
Mobile: 0336-6113760
قیمت 20 روپے

## عطاء اللہ خان عیسیٰ خیلوی کا اپنی قبر تیار کرنے کا انکشاف

### عیسیٰ خیل میں خاندانی قبرستان سے تھوڑی دوری پر اپنی قبر بنوائی، لیجنڈ گلوکار کا انٹرویو



لاہور (شوبز ڈیسک) لیجنڈ گلوکار عطاء اللہ خان عیسیٰ خیلوی نے انکشاف کیا ہے کہ انہوں نے اپنی قبر تیار کروا رکھی ہے۔ حال ہی میں عطاء اللہ خان نے ایک انٹرویو میں شرکت کی جہاں انہوں نے اپنی زندگی سے متعلق گفتگو کی۔ آخرت کے حوالے سے میزبان کی جانب سے پوچھے گئے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ میں نے اپنی قبر تیار کرلی ہے، عیسیٰ خیل میں میری قبر تیار ہے۔ لیجنڈ گلوکار کا کہنا تھا کہ ہمارا خاندانی قبرستان الگ ہے، میں نے خاندانی قبرستان سے تھوڑی دوری پر اپنی قبر بنوائی ہے، اس جگہ پر دو تین قبروں کی جگہ ہے۔ میرے بہت پیارے دوست اس دنیا سے چلے گئے، ماں باپ اور ایک بہن بھی دنیا سے رخصت ہوگئی، ہم نے بھی ایک دن چلے جانا ہے۔

## بڑی بہن کرشمہ راتوں کو رو کر سو جاتی تھیں، کرینہ کپور

### راج کپور خاندان سے تعلق کے باوجود کسی نے کرشمہ کا ساتھ نہیں دیا، بالی وڈ اداکارہ

ممبئی (شوبز ڈیسک) بالی وڈ اداکارہ کرینہ کپور نے اپنی بڑی بہن کرشمہ کپور کے فلمی کیریئر کے ابتدائی دنوں کی مشکلات کا ذکر کرتے ہوئے کہا ہے کہ انہیں نا صرف انڈسٹری بلکہ والد کی جانب سے بھی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ ریئلٹی شو ڈانس انڈیا ڈانس میں گفتگو کرتے ہوئے کرینہ کپور نے کہا کہ کرشمہ کپور کے کیریئر کے آغاز میں کئی افراد نے ان کے ساتھ کام کرنے سے انکار کر دیا تھا، جبکہ ایک موقع پر والد نے بھی ان کی حمایت سے ہاتھ کھینچ لیا تھا۔ انہوں نے بتایا کہ اگرچہ والدہ نے اپنی دونوں بیٹیوں کا بھرپور ساتھ دیا، لیکن ان حالات نے کرشمہ کی ذہنی کیفیت پر گہرا اثر ڈالا۔ کرینہ نے کہا کہ راج کپور خاندان سے تعلق رکھنے کے باوجود کسی نے کرشمہ کا ساتھ نہیں دیا۔

## سعدیہ امام کے آئی بروز لفٹڈ لک پر سوشل میڈیا کی تنقید

### پاکستانی معروف اداکارہ و میزبان کی آئی بروز لفٹ لک صارفین کو ایک آنکھ نہ بھایا



کراچی (شوبز ڈیسک) پاکستانی معروف اداکارہ و میزبان سعدیہ امام کا آئی بروز لفٹ لک صارفین کو ایک آنکھ نہ بھایا، سوشل میڈیا پر تصاویر و ویڈیو وائرل ہوئی تو اداکارہ شدید تنقید کی زد میں آگئیں۔ ایک پروگرام میں سعدیہ امام نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی، ان کے نمایاں آئی بروز لفٹ لک نے ناظرین کی توجہ حاصل کرلی۔ سعدیہ امام کی آئی بروز کے خم انتہائی نمایاں اور زیادہ واضح دکھائی دیے، جس پر کئی صارفین نے کہا کہ شاید وہ کوئی غیر معمولی فلٹر استعمال کر رہی ہیں یا پھر ان کا بوٹوکس یا بروز لفٹ توقع کے مطابق نہیں رہا۔ سعدیہ امام کے آئی بروز لفٹ انداز پر سوشل میڈیا پر شدید ردعمل سامنے آیا، جہاں کئی صارفین نے ان کے آئی برو اور چہرے کے تاثرات پر تنقید کی۔

## ذیشان روکھڑی کا ہدایت کارہ سنگیتا پر کم معاوضہ دینے کا الزام

### ایک بڑے فلمی ستارے کو صرف 5 لاکھ روپے دینا مناسب نہیں، گلوکار



لاہور (شوبز ڈیسک) پاکستانی میوزک انڈسٹری سے وابستہ گلوکار ذیشان روکھڑی نے انکشاف کیا ہے کہ انہوں نے معاوضہ کم ہونے کے سبب فلم کھوکی پیشکش مسترد کردی تھی۔ انہوں نے ساتھ ہی کم معاوضہ دینے کا الزام عائد کرتے ہوئے دعویٰ کیا ہے کہ سنگیتا نے اداکار معمر رانا کو فلم کے لیے صرف 5 لاکھ ادا کیے ہیں۔ ذیشان روکھڑی نے بتایا کہ مجھے فلم میں کردار کی پیشکش کی گئی تھی، جس کے لیے میں نے 8 دن کے کام کے عوض 1 کروڑ روپے معاوضہ طلب کیا تھا۔ بعدازاں سنگیتا کی ٹیم نے مجھے بتایا کہ معمر رانا کو فلم کے لیے صرف 5 لاکھ روپے دیے جا رہے ہیں۔ ذیشان روکھڑی نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایک بڑے فلمی ستارے کو صرف 5 لاکھ روپے دینا مناسب نہیں۔

## لاہور ڈی ایچ اے میں بارش کے بعد پانی بھر گیا، رابی پیرزادہ کا مریم نواز شریف سے شکوہ

لاہور (این این آئی) پنجاب میں بارشوں کے بعد لاہور کے ڈی ایچ اے میں بھی گھٹنوں گھٹنوں پانی کھڑا ہوگیا، رابی پیرزادہ نے بھی اپنے گھر کے قریب کھڑے پانی کی ویڈیو بناتے ہوئے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز سے شکوہ کر ڈالا۔ اپنے فیس بک پیج پر بارش کے بعد کھڑے ہوئے پانی کی ویڈیو شیئر کی ہے اور ویڈیو پر لکھا ہے مریم نواز صاحبہ، دیکھیں لاہور کے ساتھ کیا ہو رہا ہے۔ رابی پیرزادہ نے وزیر اعلیٰ کو مخاطب کرتے ہوئے کہا مریم نواز صاحبہ! یہ میں اپنے گھر میں کھڑی ہوں، جو کہ ڈی ایچ اے فیز ون ہے، میرے آفس، سکول کے اندر بہت نقصان ہوا، وہ شعیب صاحب جن سے آپ ساری انفارمیشن لیتی ہیں وہ پتا نہیں کس علاقے میں رہتے ہیں، ڈی ایچ اے کا حال بہت خراب ہے۔

## شہزادی بیٹریس کی شوہر کے ہمراہ نئی خوشگوار تصویر وائرل

### نئی تصویر کے بعد طلاق کی قیاس آرائیوں کی شدت میں کمی دیکھی جا رہی ہے

### دونوں نے ستمبر 2019 میں منگنی اور مئی 2020 میں شادی کے بندھن میں بندھے

ایتھنز (شوبز ڈیسک) شہزادی بیٹریس کی شوہر کے ہمراہ یونان سے سامنے آنے والی نئی تصویر کے بعد طلاق کی قیاس آرائیوں کی شدت میں کمی دیکھی جا رہی ہے۔ آرٹ کیوریٹر الیگی لیمپروپولوس کی جانب سے سوشل میڈیا پر شیئر کی جانے والی تصویر میں شہزادی بیٹریس اور ان کے شوہر ایڈوارڈو موپیلی موزی کو یونان کے دارالحکومت ایتھنز میں دیکھا جا سکتا ہے۔ شہزادی بیٹریس اور ایڈوارڈو موپیلی موزی کی پہلی ملاقات 2018 میں ہوئی تھی۔ دونوں نے ستمبر 2019 میں منگنی کی اور مئی 2020 میں شادی کے بندھن میں بندھ گئے۔ شادی کے بعد شہزادی بیٹریس، ایڈوارڈو کے پہلے بیٹے کرسٹوفر وولف کی سوتیلی والدہ بھی بنیں۔ بعدازاں ستمبر 2021 میں ان کے ہاں بیٹی سینا الزبتھ موپیلی موزی کی پیدائش ہوئی، جبکہ جنوری 2025 میں دوسری بیٹی ایتھینا الزبتھ نے جنم لیا۔ رواں سال کے آغاز میں ذرائع نے دعویٰ کیا تھا کہ ایڈوارڈو اپنے سسرالی معاملات کے ممکنہ اثرات کے باعث اپنی کاروباری سرگرمیوں کے حوالے سے پریشان ہیں، جس سے ان کی ازدواجی زندگی سے متعلق قیاس آرائیوں نے جنم لیا۔ بعدازاں اپریل 2026 میں ایڈوارڈو کے والد الیساندرو موپیلی موزی نے بھی تبصرہ کرنے سے گریز کرتے ہوئے کہا تھا کہ اس بارے میں بیٹے سے ہی بات کی جائے۔ اس کے علاوہ شادی کی سالگرہ پر روایتی سوشل میڈیا پوسٹس نہ کرنے کے باعث علیحدگی سے متعلق افواہیں زور پکڑ گئی تھیں۔

## پاکستانی ادب کے چمکتے ستارے قدرت اللہ شہاب کو دنیا سے رخصت ہوئے 40 برس بیت گئے

لاہور (این این آئی) معروف مصنف قدرت اللہ شہاب کو دنیا سے رخصت ہوئے 40 برس بیت گئے ہیں۔ پاکستانی ادب میں ایسے کئی نام ستارے بن کر چمکے جن کا پس منظر بیوروکریسی تھا لیکن قسمت نے ادبی دنیا میں بھی ان کو اعلیٰ مقام دیا، اس تناظر میں قدرت اللہ شہاب ایک نمایاں مثال ہیں، قدرت اللہ شہاب 26 فروری 1917 کو گلگت میں پیدا ہوئے۔ گورنمنٹ کالج لاہور سے ایم اے انگلش کیا اور 1941 میں انڈین سول سروس میں شامل ہو گئے، ابتدا میں بہار اور اڑیسہ میں خدمات انجام دیں، 1943 میں بنگال میں تعینات ہوئے، قیام پاکستان کے بعد آزاد کشمیر کے سیکرٹری جنرل مقرر ہوئے۔ بعدازاں پہلے گورنر جنرل پاکستان غلام محمد، پھر سکندر مرزا اور صدر ایوب کے سیکرٹری بھی رہے۔

## میئر نیویارک ظہران ممدانی بھی پاکستانی گلوکار شمعون اسماعیل کے مداح نکلے، امریکی جریدہ

نیویارک (این این آئی) نیویارک شہر کے میئر زہران ممدانی نے انکشاف کیا ہے کہ وہ گزشتہ کئی برسوں سے پاکستانی گلوکار اور ریپر شمعون اسماعیل کی موسیقی سنتے آرہے ہیں۔ امریکی جریدے رولنگ اسٹون کو دیے گئے ایک انٹرویو میں ظہران ممدانی سے پوچھا گیا کہ وہ ان دنوں کون سی موسیقی سن رہے ہیں تو اس پر انہوں نے بتایا کہ وہ اس وقت یوگنڈا کے معروف میوزک جوڑے ریڈیو اینڈ ویزل کے گیت سن رہے ہیں جو طویل عرصے تک وہاں کے میوزک چارٹس پر چھائے رہے۔ انہوں نے کہا کہ میں پاکستانی ریپر شمعون اسماعیل کو بھی سنتا ہوں جن کی موسیقی میں کئی برسوں سے سنتا آرہا ہوں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگر کبھی سوچ بچار کے موڈ میں ہوں تو کیسی مسگریوز کو بھی سنتا ہوں۔

## عدم تحفظ کا شکار خواتین وقتی محبت کو قبول کرلیتی ہیں، قدسیہ علی

### میں خود بھی ماضی میں عدم تحفظ کے احساس سے گزری ہوں، اداکارہ کا انٹرویو

کراچی (شوبز ڈیسک) پاکستان شوبز کی ابھرتی ہوئی اداکارہ قدسیہ علی کا کہنا ہے کہ جو خواتین بچپن میں والدین کی محبت سے محروم رہتی ہیں، وہ عدم تحفظ کا شکار ہو کر وقتی محبت کو بھی حقیقی سمجھ کر قبول کر لیتی ہیں۔ اداکارہ قدسیہ علی اور اداکار عباس اشرف اعوان ان دنوں ڈرامہ ایک محبت اور میں ماہم اور فارس کے کردار ادا کر رہے ہیں۔ ڈرامے میں ایسے ازدواجی رشتے کی عکاسی کی گئی ہے جہاں ایک خاتون خود پسند شوہر کے ساتھ زندگی گزارنے پر مجبور ہوتی ہے اور اس کے رویے کے منفی اثرات کا سامنا کرتی ہے۔ حال ہی میں دونوں فنکاروں نے ایک میگزین کو انٹرویو دیتے ہوئے آج کے مردوں اور خواتین کے رویوں سے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ گفتگو کے دوران عباس اشرف اعوان نے کہا کہ میرے خیال میں مردوں میں خود پسندی اور برتری کا احساس زیادہ تر والدین کی تربیت کا نتیجہ ہوتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ والدین اکثر اپنے بیٹوں کو یہ احساس دلاتے ہیں کہ وہ دوسروں سے برتر ہیں، خاندان کے اصل وارث ہیں اور ہر چیز پر ان کا زیادہ حق ہے۔ دوسری جانب قدسیہ علی نے اظہار خیال کیا کہ بعض خواتین تعلقات میں اپنی ذات کو کیوں نظر انداز کر دیتی ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ بہت سی خواتین بچپن میں والدین کی محبت سے محروم رہتی ہیں، جس کی وجہ سے جب انہیں کسی بھی شکل میں محبت کی معمولی سی جھلک ملتی ہے تو وہ ہر طرح کا رویہ برداشت کرنے لگتی ہیں۔ ایسی خواتین وقتی محبت کو بھی حقیقی سمجھ کر قبول کر لیتی ہیں کیونکہ وہ شدید عدم تحفظ کا شکار ہوتی ہیں۔ مزید کہا کہ میں خود بھی ماضی میں عدم تحفظ کے احساس سے گزری ہوں، تاہم وقت کے ساتھ میں نے اس پر قابو پانے کے لیے خود پر کام کیا۔

## امریکی گلوکارہ کیٹی پیری کا ایران پر حملے کی ویڈیو میں اپنے گانے کے استعمال پر اعتراض

لاس اینجلس (این این آئی) امریکی گلوکارہ کیٹی پیری نے ایران پر حملے کی ویڈیو میں اپنے گانے کے استعمال پر وائٹ ہاؤس کو احتجاج ریکارڈ کرا دیا۔ امریکی گلوکارہ کیٹی پیری نے کہا کہ ایران پر امریکی فوجی حملوں کی ویڈیو میں میرے گانے فائر ورک کے استعمال پر صدمے میں ہوں، امریکی فوجی حملوں میں اپنے گانے کے استعمال پر شدید برا محسوس کر رہی ہوں۔ مزید کہا کہ میرا گانا اصل میں امید، شفایابی اور اندرونی طاقت کے بارے میں ایک ترانے کے طور پر لکھا گیا تھا، وائٹ ہاؤس کی جانب سے اس کا استعمال اس مفہوم کے منافی ہے جس کی یہ گانا نمائندگی کرتا ہے۔ خیال رہے کہ ٹک ٹاک پر شیئر کی گئی ویڈیو میں بم دھماکوں کی تصاویر کو گانے کے اس حصے کے ساتھ ہم آہنگ کیا گیا۔

## ایلون مسک کا اوڈیسی کا اے آئی ورژن اسی سال پیش کرنے کا اعلان

### رواں سال کے اختتام سے پہلے قدیم یونانی رزمیہ شاہکار اوڈیسی پر مکمل فلم تیار کرے گا

نیویارک (این این آئی) ارب پتی ٹیکنالوجی کاروباری شخصیت ایلون مسک نے اعلان کیا ہے کہ ان کا مصنوعی ذہانت پر مبنی پلیٹ فارم گروک امیجن رواں سال کے اختتام سے پہلے قدیم یونانی رزمیہ شاہکار اوڈیسی پر مبنی ایک مکمل فلم تیار کرے گا۔ ایلون مسک نے سماجی ایکس پر اپنی پوسٹ میں دعویٰ کیا کہ اے آئی کے ذریعے بنائی جانے والی یہ فلم ہومر کے اصل فن اور کہانی کی حقیقی روح کی عکاسی کرے گی۔ اس اعلان کے ساتھ تقریباً تین منٹ طویل ایک اے آئی ویڈیو بھی شیئر کی، مسک نے ایک صارف کی تجویز کی حمایت کی تھی کہ ہدایت کار میل گبسن تقریباً 100 ملین ڈالر سے اوڈیسی پر ایسی فلم بنائیں جس میں تاریخی درست جہاز، ہتھیار، زرہیں، کردار اور ہومر کی اصل نظم کے مکالمے شامل ہوں۔ اس تجویز پر مسک نے مختصر جواب دیتے ہوئے کہا تھا، میں تیار ہوں۔

## اداکار شان بیگ اور روما مائیکل نے خاموشی سے شادی کرلی

### اداکار شان بیگ کی مداحوں اور میڈیا سے اپنی نجی زندگی کا احترام کرنے کی درخواست

کراچی (این این آئی) پاکستانی شوبز انڈسٹری کے معروف اداکار شان بیگ اور ماڈل سے اداکارہ بننے والی روما مائیکل نے خاموشی سے شادی کرلی۔ اس خوشخبری کا اعلان شان بیگ نے سوشل میڈیا کے ذریعے کیا، جہاں انہوں نے اپنی اہلیہ روما مائیکل کے ساتھ ایک تصویر شیئر کی، جس پر Wifey کا اسٹیکر بھی نمایاں تھا۔ بعدازاں روما مائیکل نے بھی یہی تصویر اپنے انسٹاگرام اکاؤنٹ پر شیئر کرکے اس خبر کی تصدیق کردی۔ شادی کی خبر سامنے آتے ہی مداحوں، شوبز شخصیات اور ساتھی فنکاروں کی جانب سے مبارکباد اور نیک تمناؤں کا سلسلہ شروع ہوگیا۔ روما مائیکل نے اپنی انسٹاگرام اسٹوریز پر موصول ہونے والے متعدد مبارکبادی پیغامات بھی شیئر کیے۔ اس خوشخبری کے کچھ ہی دیر بعد شان بیگ نے ایک تفصیلی بیان جاری کرتے ہوئے مداحوں اور میڈیا سے نجی زندگی کا احترام کرنے کی درخواست کی۔

## غیر فطری ڈائیلاگز پر رومانوی مناظر ادا کرنا مشکل ہوتا ہے، علی انصاری

### ایسی صورت میں ہم مکالموں میں تھوڑی بہت تبدیلی کرلیتے ہیں، یوٹیوب شو میں گفتگو

کراچی (شوبز ڈیسک) پاکستانی اداکار علی انصاری نے اسکرین پر رومانوی مناظر ادا کرنے سے متعلق کھل کر اظہار خیال کر دیا۔ علی انصاری نے ایک یوٹیوب شو میں شرکت کی، جہاں انہوں نے اسکرین پر رومانوی مناظر ادا کرنے کے حوالے سے کہا کہ اگر مکالمے غیر فطری ہوں تو رومانوی مناظر عکس بند کروانا مشکل ہو جاتا ہے۔ رومانوی مناظر کی عکس بندی کے دوران کسی قسم کی جھجک محسوس ہونے سے متعلق سوال کے جواب میں اداکار نے کہا کہ اگر رومانوی مناظر اچھی طرح تحریر کیے گئے ہوں تو مجھے اپنے ساتھی فنکاروں کے ساتھ انہیں ادا کرنے میں کوئی دقت محسوس نہیں ہوتی، البتہ اگر کسی منظر کے مکالمے غیر فطری لگیں یا صورت حال سے مطابقت نہ رکھتے ہوں تو ایسے مناظر ادا کرنا مشکل محسوس ہوتا ہے۔ کبھی کبھی اسکرپٹ پڑھتے ہی اندازہ ہو جاتا ہے کہ کوئی مخصوص مکالمہ ضروری نہیں ہے۔

## 3 ایڈیٹس کی دوبارہ ریلیز کی خبریں حقائق کے منافی ہیں، فلم ساز

### شائقین صرف پروڈکشن ہاؤس کے سرکاری اعلانات پر بھروسہ کریں، دھودنود چوپڑا

ممبئی (شوبز ڈیسک) بھارتی فلم ساز ودھو ونود چوپڑا نے فلم 3 ایڈیٹس کی دوبارہ سینما گھروں میں ریلیز سے متعلق گردش کرنے والی خبروں کو بے بنیاد قرار دے دیا۔ پروڈکشن ہاؤس کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ میڈیا میں شائع ہونے والی وہ خبریں کہ 3 ایڈیٹس 4 ستمبر کو دوبارہ ریلیز کی جا رہی ہے، غلط اور حقائق کے منافی ہیں۔ بیان میں شائقین سے کہا گیا ہے کہ وہ غیر مصدقہ اطلاعات پر یقین نہ کریں اور صرف پروڈکشن ہاؤس کے سرکاری اعلانات پر بھروسہ کریں۔ یہ وضاحت ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب عامر خان نے اس کردار اور سونم وانگ چک کے درمیان کسی بھی تعلق کی تردید کرتے ہوئے کہا تھا کہ میں سونم وانگ چک کی شخصیت کا احترام کرتا ہوں اور ان کی صحت کے لیے فکر مند ہوں۔ عامر خان اس سے قبل یہ بھی تصدیق کرچکے ہیں کہ 3 ایڈیٹس کے سیکوئل پر کام جاری ہے۔



بقیہ نمبر 1

فرنٹیئر کور بلوچستان، پولیس اور سول اداروں کے افسران و اہلکاروں نے بے مثال قربانیاں دی ہیں، شہداء کے خاندانوں کا غم پوری قوم کا مشترکہ غم ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات اور جمعہ کی درمیانی شب 79 ویں جشن آزادی کی مناسبت سے منعقدہ گرینڈ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں اراکین سینیٹ وقومی اسمبلی، سندھ اور گلگت بلتستان کے وزراء، دیگر صوبوں سے آئے ہوئے معزز مہمانوں اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ وزیر اعلیٰ نے اپنے خطاب کے آغاز پر قیام پاکستان کے لیے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء، پاک فوج، فرنٹیئر کور بلوچستان نارتھ وساؤتھ، بلوچستان پولیس اور سول سوسائٹی کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کیا اور ان کے درجات کی بلندی، ملک وقوم کی سلامتی کے لیے دعا کی، تقریب کے آغاز میں اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کے جوانسال صاحبزادے ثناء اللہ اچکزئی کے ایصال ثواب کیلئے بھی دعا کی گئی۔ میر سرفراز بگٹی نے اپنے خطاب میں کہا کہ آج کا دن ہمیں یاد دلاتا ہے کہ پاکستان ہمیں عظیم قربانیوں کے بعد ملا اور اس کی حفاظت، سلامتی اور ترقی کے لیے آج بھی قربانیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ بلوچستان میں امن کے قیام کے لیے سیکیورٹی فورسز، پولیس اور سول افسران واہلکار بڑی قربانیاں دے رہے ہیں۔ انہوں نے شہداء کے خاندانوں کو یقین دلایا کہ ان کا غم پوری قوم کا مشترکہ غم ہے۔ وزیر اعلیٰ نے ریاست مخالف عناصر کو دوٹوک پیغام دیتے ہوئے کہا کہ ریاست پاکستان اور حکومت بلوچستان نے ہمیشہ واضح کیا ہے کہ تشدد اور بندوق کا راستہ بلوچستان کو ترقی کی جانب نہیں لے جا سکتا۔ اس راستے نے صوبے کو پسماندگی، محرومی اور عدم استحکام کے سوا کچھ نہیں دیا۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ دس برسوں کے دوران صرف گوادر میں 515 ارب روپے خرچ کیے گئے، اس کے باوجود اگر کوئی چیز بلوچستان کی ترقی میں رکاوٹ ہے تو وہ تشدد اور بدامنی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جو لوگ بندوق کا راستہ اختیار کر چکے ہیں، ان کے پاس دو راستے ہیں، وہ ریاست پاکستان کو تسلیم کریں اور قومی دھارے میں واپس آئیں، کیونکہ ریاست کے دروازے ان کے لیے کھلے ہیں، تاہم مسافروں، اساتذہ، مزدوروں اور بے گناہ شہریوں کو نشانہ بنانے کی اجازت کسی صورت نہیں دی جا سکتی۔ حکومت سیکیورٹی فورسز کے ساتھ مل کر بلوچستان میں مکمل امن قائم کرے گی۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ معصوم شہریوں کو قتل کرنا بلوچ روایات نہیں۔ بسوں سے مسافروں کو اتار کر خواتین اور بچوں کے سامنے قتل کرنا نہ بلوچ اقدار ہیں اور نہ ہی کسی مہذب معاشرے کا عمل۔ انہوں نے کہا کہ اسلام کے نام پر دہشت گردی کرنے والوں کو صدیوں پہلے خوارج قرار دیا جا چکا ہے، اسی طرح بلوچ قوم پرستی کے نام پر معصوم انسانوں کے خلاف بندوق اٹھانے والوں کا بلوچیت اور بلوچ روایات سے کوئی تعلق نہیں۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ دہشت گرد عناصر غریب بلوچ نوجوانوں کو ورغلا کر پہاڑوں پر لے جاتے ہیں، جبکہ ان کے اپنے بچے بیرون ملک آرام دہ زندگی گزار رہے ہیں۔ حکومت بلوچستان نوجوانوں کو تعلیم، روزگار اور ترقی کے مواقع فراہم کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی بچیوں کے لیے آکسفورڈ اور ہارورڈ سمیت عالمی جامعات میں اعلیٰ تعلیم کے دروازے کھولے گئے ہیں اور 10 ہزار سے زائد اسکالرشپس فراہم کی گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کے لیے روزگار کی اسکیمیں شروع کی گئی ہیں، طالبات کے لیے پنک اسکوٹیز اور گرین بس سروس متعارف کرائی گئی ہے، جبکہ 99 فیصد بند اسکول دوبارہ فعال کیے جا چکے ہیں۔ حکومت میرٹ پر بھرتیوں کو یقینی بنا رہی ہے اور مصنوعی ذہانت کے استعمال کے ذریعے بھرتی کے عمل میں شفافیت لائی جا رہی ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ریاست بلوچستان کے نوجوانوں کو اپنے ساتھ لے کر چلنا چاہتی ہے۔ حکومت سے کسی کو کوئی شکایت یا گلہ ہو تو اس کی سزا ریاست اور پاکستان کو نہیں دی جانی چاہیے۔ اختلافات کا حل مکالمے، آئین اور جمہوری عمل میں ہے، بندوق میں نہیں۔ پنجاب سے تعلق رکھنے والے شہریوں کے حوالے سے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان میں کسی پنجابی کے قتل کو بلوچوں سے جوڑنا درست نہیں۔ بلوچ مہمان نواز قوم ہے اور دہشت گردی کا کسی قوم یا نسل سے کوئی تعلق نہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گرد کی کوئی قوم نہیں ہوتی اور دہشت گردی کو کسی قوم کے ساتھ منسوب کرنا دشمن کی سازش ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ آج جشن آزادی کی گرینڈ تقریب میں ہزاروں افراد کی شرکت اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ بلوچستان کے عوام پاکستان سے والہانہ محبت کرتے ہیں۔ نسلی اور لسانی تقسیم پیدا کرنے کی کوششیں دشمن کی چال ہیں اور بلوچستان کے عوام ان سازشوں کو کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری پہلی شناخت پاکستانی ہے، اس کے بعد ہم بلوچ، پشتون، سندھی یا پنجابی ہیں۔ پاکستان ایک مضبوط ملک ہے، اس کی مسلح افواج منظم اور باصلاحیت ہیں اور پاکستان ایک ایٹمی طاقت ہے۔ دنیا کی کوئی طاقت پاکستان کو نقصان نہیں پہنچا سکتی وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اپنے خطاب کے اختتام پر کہا کہ پاکستانی قوم متحد ہو کر ملک کی ترقی، سلامتی اور استحکام کے لیے اپنا کردار ادا کرے گی اور پاکستان ہمیشہ قائم ودائم رہے گا۔

بقیہ نمبر 2

جوش وجذبے کے ساتھ منایا گیا، کے ٹو بیس کیمپ پر جشن آزادی کے موقع پر شدید سردی اور منفی درجہ حرارت میں فرائض انجام دینے والے پاک فوج کے جوانوں نے نعرہ تکبیر، اللہ اکبر، پاکستان زندہ باد اور پاک فوج پائندہ باد کے فلک شگاف نعرے بلند کیے۔ دن کا آغاز روایتی انداز میں توپوں کی سلامی اور نماز فجر کے بعد ملک کی ترقی، یکجہتی، امن اور خوشحالی کے لیے خصوصی دعاؤں سے ہوا جبکہ مساجد میں نماز فجر کے بعد ملکی سلامتی اور استحکام کے لیے خصوصی دعائیں بھی کی گئیں۔ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں 31 جبکہ صوبائی دارالحکومتوں میں 21، 21 توپوں کی سلامی دی گئی، توپوں کی سلامی کے دوران اسلام آباد کی فضا اللہ اکبر کے نعروں سے گونج اٹھی۔

بقیہ نمبر 3

شعبوں میں نمایاں خدمات انجام دینے والی شخصیات کے لیے پاکستان سول ایوارڈز کا اعلان کر دیا۔ اعلان کے مطابق مختلف شعبوں میں نمایاں کارکردگی پر مجموعی طور پر 355 افراد کو سول ایوارڈز سے نوازا جائے گا۔ نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار کو نشان امتیاز سے نوازا جائے گا، جبکہ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور وفاقی وزیر احد چیمہ کو بھی نشان امتیاز دینے کی منظوری دی گئی ہے۔ وزیر مملکت بلال اظہر کیانی کو بھی نشان امتیاز سے نوازا جائے گا۔ شوبز سے وابستہ شخصیات میں گلوکارہ ترنم ناز اور اداکارہ نشو بیگم کو ستارہ امتیاز دینے کی منظوری دی گئی ہے، جبکہ اداکار افتخار ٹھاکر کو بھی ستارہ امتیاز سے نوازا جائے گا۔ اداکارہ غزالہ کیفی کو تمغہ حسن کارکردگی دینے کی منظوری دی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 4

میر ضیا لانگو کے سیکیورٹی اسکواڈ پر فائرنگ کے نتیجے میں 6 اہلکار زخمی ہو گئے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر مستونگ کے مطابق قلات سے کوئٹہ روانگی کے دوران وزیر داخلہ کے سیکیورٹی اسکواڈ پر فائرنگ کی گئی۔ فائرنگ کے بعد سیکیورٹی اہلکاروں کی جانب سے بھی جوابی کارروائی کی گئی۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کے مطابق فائرنگ کے تبادلے میں سیکیورٹی اسکواڈ کے 6 اہلکار زخمی ہوئے۔ وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیا لانگو نے اپنے بیان میں کہا کہ مستونگ میں بزدلانہ حملے سے ہمارے حوصلے پست نہیں ہوں گے۔ ضیا لانگو نے کہا کہ مجھے ان پٹاخوں سے نہیں ڈرایا جا سکتا، پاکستان زندہ باد تھا، زندہ باد ہے اور زندہ باد رہے گا۔

بقیہ نمبر 5

تاریخی امن معاہدے کے حوالے سے آگاہ کیا۔ ایوان صدر کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے صدر مملکت آصف علی زرداری سے جمعہ کو یہاں ایوان صدر میں ملاقات کی۔ وزیر اعظم نے صدر مملکت کو یوم آزادی کی مبارکباد دی۔ ملاقات میں نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، وزیر داخلہ وانسداد منشیات سید محسن رضا نقوی، اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان اور سینیٹر شیری رحمان بھی موجود تھے۔ وزیر اعظم نے صدر مملکت کو مکہ مکرمہ میں سعودی عرب، ترکیہ اور پاکستان کے مابین طے پانے والے تاریخی امن معاہدے کے حوالے سے آگاہ کیا۔ صدر مملکت نے دفاعی تعاون، علاقائی امن واستحکام اور امت مسلمہ کی سلامتی کے فروغ کے حوالے سے سہ فریقی امن معاہدے کے موثر عملدرآمد کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ صدر زرداری نے سعودی عرب، ترکیہ اور پاکستان کے دیرینہ برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط تزویراتی شراکت داری میں ڈھالنے کے لیے وزیر اعظم محمد شہباز شریف اور فیلڈ مارشل و چیف آف ڈیفنس فورسز جنرل سید عاصم منیر کی کاوشوں کو سراہا۔ ملاقات میں داخلی اور خارجی امور سمیت فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کے خلاف کارروائیوں میں پاکستان کی مسلح افواج اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو خراج تحسین پیش کیا گیا اور وطن عزیز سے دہشت گردی کے ناسور کے مکمل خاتمے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ صدر نے موجودہ علاقائی صورتحال کے تناظر میں عوام کو درپیش معاشی مشکلات میں ریلیف فراہم کرنے، اشیائے ضروریہ کی بلاتعطل فراہمی اور انہیں مناسب نرخوں پر دستیاب بنانے کے لیے موثر اقدامات کی ضرورت پر زور دیا۔ صدر مملکت نے اس امید کا اظہار کیا کہ علاقائی اور عالمی امن کے فروغ کے لیے پاکستان کی موثر سفارتی کاوشوں سے ملک کے عالمی مقام کو مزید تقویت ملے گی اور اس کے مثبت اثرات ملکی معیشت اور عوام کی زندگیوں پر مرتب ہوں گے۔

بقیہ نمبر 6

دہوئے 79 سال گزر چکے ہیں اور صرف 21 سال بعد ہم آزادی کی سنچری منائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ قیام پاکستان کے وقت آزادی

[...]

کے ساتھ عوام کے حقوق، مساوات اور بہتر مستقبل کا وعدہ بھی کیا گیا تھا۔ چیئرمین پیپلز پارٹی نے کہا کہ پاکستان کے ساتھ جن علاقوں اور ریاستوں نے جڑنے کا فیصلہ کیا، ان سے بھی حقوق کی فراہمی کا وعدہ کیا گیا تھا۔ ہم نے اس وعدے کو اپنے آئین میں تحریر کیا اور بار بار اس کا اعادہ بھی کرتے ہیں، تاہم ضرورت اس امر کی ہے کہ اس وعدے کو عملی طور پر ہر شہری کی زندگی کا حصہ بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ 2047ء تک ہماری نسل کا کام ہے کہ آئینی وعدے کو ہر گھر تک پہنچائیں تاکہ ہر پاکستانی محنت کی کمائی سے اپنا گھر چلا سکے، نوجوانوں کو باعزت روزگار کے مواقع میسر ہوں، ہر ووٹ کا احترام کیا جائے اور ملک کے ہر علاقے کو پاکستان کی ترقی میں برابر کا حصہ ملے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ آزادی کا حقیقی مفہوم اس وقت مکمل ہوگا جب ملک کے ہر شہری کو اس کے بنیادی، آئینی اور معاشی حقوق حاصل ہوں گے اور ترقی کے ثمرات معاشرے کے تمام طبقات تک پہنچیں گے۔ انہوں نے اپنے پیغام کے اختتام پر قوم کو یوم آزادی کی مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ آزادی ہر گھر تک پہنچنی چاہیے، پاکستان کھپے، پاکستان پائندہ باد

بقیہ نمبر 7

خواہشات پیش کرتا ہوں، یوم آزادی مناتے ہوئے، ہم قائد اعظم محمد علی جناح کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں، جن کی بصیرت افروز قیادت، غیر متزلزل عزم اور پختہ وابستگی نے ایک الگ وطن کی خواہش کو حقیقت کا روپ دیا۔

بقیہ نمبر 8

کے اہلخانہ کی ثابت قدمی اور ملک کیلئے قربانیوں کو خراج تحسین پیش کیا۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے شہدائے معرکہ حق کے لواحقین کے سروں پر دست شفقت رکھا۔ عسکری ووفاقی قیادت کا شہدا کے لواحقین سے خصوصی ملاقات اس عزم کی عکاس ہے کہ قوم ہر موقع پر اپنے شہدا کی قربانیوں کو یاد رکھتی ہے۔

بقیہ نمبر 9

، پشاور، گلگت بلتستان اور مظفر آباد آزاد جموں وکشمیر میں بھی پاک فوج کے دستوں نے قومی روایت کے مطابق توپوں کی سلامی پیش کی۔ یوم آزادی کے موقع پر جنرل ہیڈ کوارٹرز اور مسلح افواج کے تمام ہیڈ کوارٹرز میں پرچم کشائی کی پروقار تقریبات کا انعقاد کیا گیا۔ پرچم کشائی کی پروقار تقریبات میں قومی پرچم سربلند کیا گیا جبکہ قومی ترانے کی دھن پر فضا ملی جذبے سے گونج اٹھی، پاکستان کے دفاع، سلامتی اور خودمختاری کے لیے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہدا کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ پاک فوج کے افسران اور جوانوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وطن عزیز کے دفاع اور حفاظت کے لیے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا، پاکستان کا دفاع ناقابل تسخیر بنانے کے لیے پاک فوج کا ہر جوان پرعزم ہے۔ رپورٹ کے مطابق یوم آزادی کے موقع پر بانی پاکستان قائد اعظم محمد علی جناح کے مزار پر تبدیلی گارڈز کی پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، پاکستان نیول اکیڈمی کے چاق و چوبند کیڈٹس نے اعزازی گارڈز کے فرائض سنبھالے۔ ہر سال 14 اگست کو پاکستان نیول اکیڈمی کے کیڈٹس یہ ذمہ داری سنبھالتے ہیں۔ بانی پاکستان کے مزار پر پاک بحریہ کے اعزازی گارڈز میں 2 دستے شامل ہیں۔ اعزازی گارڈز کا ایک دستہ پاک بحریہ کے سیلرز جبکہ دوسرا دستہ پاکستان نیول اکیڈمی کے کیڈٹس پر مشتمل ہے۔ اعزازی گارڈ کی تعیناتی کی تقریب کے مہمان خصوصی کمانڈنٹ پاکستان نیول اکیڈمی ریئر ایڈمرل محمد عمیر نیم ار قائد پر پھولوں کی چادر رکھی اور فاتحہ خوانی کی۔ گورنر سندھ نہال ہاشمی اور وزیر اعلیٰ سید مراد علی شاہ نے بھی مزار قائد پر حاضری دی، اس موقع پر میڈیا سے گفتگو میں گورنر سندھ نے کہا کہ پاکستان دفاعی لحاظ سے ناقابل تسخیر ہو چکا ہے، بھارت نے ہمیں للکارا، ہماری مسلح افواج نے فیلڈ مارشل کی قیادت میں دندان شکن جواب دیا کہ دنیا ہمیں مان گئی۔ وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا کہ یہ ملک ووٹ کی طاقت سے وجود میں آیا، انگریز سرکار نے صوبہ سندھ کیخلاف سازش کی جو ناکام رہی، دس اکتوبر انیس سو اڑتیس میں صوبہ سندھ کراچی میں ایک قرارداد پیش کی گئی تھی، صوبہ سندھ کو فخر ہے کہ جس نے پاکستان بنانے میں کردار نبھایا۔ دوسری جانب مسلح افواج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق چیف آف آرمی اسٹاف، نیول چیف اور ائیر چیف نے قوم کو یوم آزادی کی مبارکباد دیتے ہوئے مادر وطن کے دفاع کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ اعلامیہ میں کہا گیا کہ پاکستان کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے تحفظ کے لیے افواج ہر وقت تیار ہیں اور قوم کے ساتھ مل کر امن واستحکام کے لیے اپنا کردار ادا کرتی رہیں گی۔ آئی ایس پی آر نے کہا کہ بانیان پاکستان کے نظریات اور اصول آج بھی قوم کے لیے مشعل راہ ہیں اور انہی کی روشنی میں ملک کو ترقی وخوشحالی کی جانب گامزن رکھا جائے گا۔ رپورٹ کے مطابق پشاور میں 79 ویں جشن آزادی کے موقع پر گورنر ہاؤس میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے قومی پرچم لہرایا۔ تقریب میں ایران کے قونصل جنرل علی بنفشہ خواہ نے بھی خصوصی شرکت کی۔ تقریب کا باقاعدہ آغاز قومی ترانے سے کیا گیا جس کے بعد پولیس کے چاق و چوبند دستے نے سلامی پیش کی۔ تقریب میں شریک شرکا نے ملک کی ترقی، خوشحالی، امن اور استحکام کے لیے خصوصی دعا بھی کی۔

بقیہ نمبر 10

ہو گیا ہے کہ ملک موجودہ طرز پر نہیں چل سکتا، جو حل کراچی اور سندھ کے مسائل کا ہے وہی پاکستان کے مسائل کا حل بھی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان کے 79 ویں یوم آزادی کے موقع پر ایم کیو ایم پاکستان کے مرکزی سیکرٹریٹ بہادر آباد میں ذمہ داران سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ ہمارے پاس اپنی گلی محلوں تک کا اختیار نہیں، اگر کسی باپ کی آنکھوں کے سامنے اس کا جیتا جاگتا بچہ گٹر میں گر کر جاں بحق ہو جائے تو بھی ہم کچھ نہیں کر سکتے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے کوٹے پر جعلی ڈومیسائل بنا کر نوکریاں فروخت کر دی جاتی ہیں لیکن ہم بے اختیار ہیں۔ کراچی سندھ کی آبادی کا 38 فیصد ہے، اس کے باوجود اگر پورا کراچی کسی حکمران کو ایک ووٹ بھی نہ دے تو بھی صوبائی حکومت کی تبدیلی میں کراچی کا فیصلہ کن کردار نہیں ہوتا۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ پاکستان کو مضبوط بنانے کے لیے انتظامی اختیارات نچلی سطح تک منتقل کرنا ہوں گے اور چھوٹے صوبوں کا قیام وقت کی ضرورت ہے۔ ان شاء اللہ اگلے جشن آزادی تک ہم حقیقی طور پر آزاد ہو چکے ہوں گے۔ وفاقی وزیر صحت نے کہا کہ کراچی پاکستان بنانے اور اسے چلانے والوں کی اولادوں کا شہر ہے۔ پاکستان کے قیام کے لیے ہمارے آباؤ اجداد نے اپنے گھر، جائیدادیں اور بزرگوں کی قبریں چھوڑیں۔ ہجرت کرنے والے لٹے پٹے نہیں بلکہ پاکستان بنانے کے عزم اور اپنے وسائل کے ساتھ یہاں آئے تھے۔ انہوں نے پاکستان کی تعمیر وترقی کے لیے اپنا سب کچھ قربان کیا۔ انہوں نے کراچی کے عوام پر زور دیا کہ وہ اپنے بچوں کے مستقبل محفوظ بنانے کے لیے متحد ہوں۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ صوبہ بنانے کے بعد عوام جسے چاہیں ووٹ دیں، تاہم موجودہ حالات میں کراچی کے حقوق کے لیے ایم کیو ایم پاکستان کے ساتھ بھرپور انداز میں کھڑا ہونا ہوگا۔ انہوں نے 5 اسٹار چورنگی پر کراچی کی سب سے بڑی پروقار جشن آزادی کی تقریب کے انعقاد پر منتظمین کو بھی خراج تحسین پیش کیا۔ تقریب میں ایم کیو ایم پاکستان کے سینئر مرکزی رہنما انیس قائم خانی، انچارج سی او سی فرقان اطیب، مرکزی رہنما شاکر علی، اراکین قومی وصوبائی اسمبلی اور مرکزی شعبہ جات کے ذمہ داران کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر 11

کہا ہے کہ یوم آزادی محض ایک تاریخ نہیں بلکہ ایمان، آزادی، خودمختاری اور قومی عزم کی علامت ہے، ملک کو درپیش چیلنجز پر قابو پانے کے لیے قومی اتحاد، قانون کی حکمرانی، میرٹ اور انصاف ضروری ہے۔ پاکستان کے 80 ویں یوم آزادی کے موقع پر جمعہ کو یہاں کنونشن سینٹر میں قومی یوم آزادی کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ دن قوم کو برصغیر کے مسلمانوں کی تاریخی جدوجہد کی یاد دلاتا ہے۔ تقریب میں وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری، ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی سید غلام مصطفیٰ شاہ، وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات ونشریات بیرسٹر دانیال چوہدری اور دیگر اعلیٰ حکام نے بھی شرکت کی۔ تقریب میں عوام، طلبا اور فنکاروں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر طلبا اور فنکاروں نے ملی نغمے پیش کیے۔ سید یوسف رضا گیلانی نے قائد اعظم محمد علی جناح اور تحریک پاکستان کے دوران جانیں قربان کرنے والوں کو خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے ملک کی سلامتی اور دفاع کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہدا کو بھی خراج عقیدت پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی قوم کو اپنی بہادر مسلح افواج پر فخر ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے دفاع میں پوری قوم مسلح افواج کے ساتھ کھڑی ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ خواتین ملکی ترقی میں کلیدی قوت ہیں۔ انہوں نے خواتین کو تعلیم، صحت کی دیکھ بھال، روزگار اور معاشی طور پر بااختیار بنانے کیلئے یکساں مواقع فراہم کرنے پر زور دیا۔ انہوں نے نوجوانوں کو پاکستان کا سب سے قیمتی اثاثہ اور مستقبل قرار دیا۔ چیئرمین سینیٹ نے نوجوانوں کیلئے سائنس، ٹیکنالوجی اور ڈیجیٹل معیشت میں تعلیم، مہارت اور مواقع فراہم کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو درپیش چیلنجز پر قابو پانے کے لیے قومی اتحاد، قانون کی حکمرانی، میرٹ اور انصاف ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ قومی معیشت کو مضبوط بنانے کے لیے صنعت، زراعت، برآمدات اور جدید ٹیکنالوجی میں سرمایہ کاری ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پائیدار ترقی کے لیے تعلیم، صحت کی دیکھ بھال، روزگار اور کاروبار کے مواقع کو بڑھانا بھی ضروری ہے۔ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ پاکستان محض زمین کا ایک ٹکڑا نہیں بلکہ ایک نظریہ اور قومی عزم ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ

[...]

# زہری فارم ہاؤس حب میں عظیم الشان رنگا رنگ تقریب کا انعقاد

تقریب سے پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سینئر نائب صدر سابق صوبائی وزیر میر علی حسن زہری، سینیٹر شمینہ ممتاز زہری، ایم پی اے سندھ اسمبلی لیاقت آسکانی

[illegible]

حب، سینیٹر دنیش کمار پلیانی اور ڈی سی حب جمعداد خان مندوخیل جشن آزادی ریلی کی قیادت کر رہے ہیں

## گورنر ہاؤس پشاور میں 79ویں یوم آزادی کے موقع پر پروقار پرچم کشائی کی تقریب کا انعقاد

**تقریب کا آغاز قومی ترانے سے ہوا، اس موقع پر ملک کی ترقی، خوشحالی، امن اور استحکام کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی**

**گورنر فیصل کریم کنڈی نے ایرانی قونصل جنرل کے ہمراہ 79 ویں یوم آزادی کا کیک بھی کاٹا**

پشاور (این این آئی) گورنر ہاؤس پشاور میں 79ویں یوم آزادی کے موقع پر پروقار پرچم کشائی کی تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے پرچم کشائی کی۔ جبکہ پولیس کے چاق و چوبند دستے نے سلامی پیش کی۔ تقریب میں ایران کے قونصل جنرل علی بنفشہ خواہ نے بھی شرکت کی۔ تقریب کا آغاز قومی ترانے سے ہوا، اس موقع پر ملک کی ترقی، خوشحالی، امن اور استحکام کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی۔ گورنر فیصل کریم کنڈی نے ایرانی قونصل جنرل کے ہمراہ 79ویں یوم آزا(بقیہ نمبر 38 صفحہ 7پر)

### سیلانی ویلفیئر کے بانی مولانا بشیر فاروق ترکیہ میں پھسل کر زخمی ہوگئے

کراچی (این این آئی) سیلانی ویلفیئر انٹرنیشنل ٹرسٹ کے بانی اور چیئرمین مولانا بشیر فاروق قادری اپنے دورہ ترکیہ کے دوران سیلانی ہیڈ آفس ترکیہ کے وضوخانہ میں پاوں پھسلنے کے باعث گر کر زخمی ہو گئے، جس کی وجہ سے ان کے کاندھے کی ہڈی میں فریکچر ہوگیا ہے۔ ادارے کا کہنا ہے

### تھرپارکر، دو موٹر سائیکلوں میں خوفناک تصادم، 4 افراد جاں بحق

تھرپارکر (این این آئی) مٹھی روڈ پر گاؤں سانیاسر کے قریب دو تیز رفتار موٹر سائیکلوں میں زوردار تصادم کے نتیجے میں 4 افراد جاں بحق جبکہ ایک زخمی ہوگیا۔

## میر رضا کیس کی تفتیشی ٹیم میں مزید 2 افسران شامل، تعداد 9 ہوگئی

**ڈی ایس پی حنیف خان اور انسپکٹر غلام نبی آفریدی کو میر رضا کیس کی تفتیشی ٹیم کا حصہ بنادیا گیا**

کراچی (این این آئی) کراچی کے نوجوان تاجر میر رضا علی کے ہائی پروفائل کیس کی تحقیقات میں اہم پیش رفت سامنے آئی ہے، تفتیشی ٹیم میں مزید 2 افسران کو شامل کرلیا گیا ہے، جس کے بعد ٹیم کے ارکان کی تعداد 9 ہوگئی۔ ذرائع کے مطابق ڈی ایس پی حنیف خان اور انسپکٹر غلام نبی آفریدی (بقیہ 39 صفحہ 7پر)

# سرمایہ کار آئی ٹی شعبہ میں سہولتوں سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں، شزا فاطمہ

**پاکستان ایک ٹیکنالوجی صارف سے آگے بڑھ کر خالق، جدت طراز اور برآمد کنندہ بننے کی سمت تیزی سے گامزن ہے، وزیر آئی ٹی**

**مالی سال 2025-26 میں آئی ٹی برآمدات 21 فیصد اضافے کے ساتھ ریکارڈ 4.6 ارب ڈالر تک پہنچ گئی ہیں، پاکستان کی آئی سی ٹی ڈویلپمنٹ انڈیکس کی درجہ بندی میں بھی 27 درجے بہتری آئی ہے، بیان**

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن شزہ فاطمہ خواجہ نے یوم آزادی کے موقع پر پاکستانی قوم اور دنیا بھر میں مقیم پاکستانیوں کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان ایک ٹیکنالوجی صارف سے آگے بڑھ کر خالق، جدت طراز اور برآمد کنند(بقیہ 40 صفحہ 7پر)

### ڈی آئی خان، یوم آزادی پر خاتون کا روپ دھار کر بیہودہ حرکات کرنے والا نوجوان گرفتار

ڈی آئی خان (این این آئی) خیبر پختونخوا کے ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں یوم آزادی کے موقع پر جشن کے دوران خاتون (بقیہ 62 صفحہ 7پر)

### خود کو کاکروچ کہنے والے کا تعلق گٹر سے جوڑنا فطری بات ہے، کنگنا کا ایک بار پھر متنازع بیان

ممبئی (این این آئی) بالی وڈ اداکارہ اور بی جے پی کی رکن پارلیمنٹ کنگنا رناوت نے بھارت کی جین زی کو گٹر جنریشن کہنے کے بیان پر ایک بار پھر وضاحت دے دی۔ چند روز قبل طلبہ کی تنظیم کا کروچ جنتا پارٹی (سی جے پی) کی جانب(بقیہ 60 صفحہ 7پر)

## پاکستان صرف ایک خطہ زمین نہیں بلکہ ہمارے اسلاف کی عظیم قربانیوں کا صلہ ہے، مجتبیٰ شجاع الرحمٰن

**وزیر خزانہ نے حضوری باغ میں منعقدہ یوم آزادی کی تقریب میں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی نمائندگی کی**

**مزار اقبال پر حاضری دی، فاتحہ خوانی کی اور پھول چڑھائے، شاہی قلعہ میں پرچم کشائی کی تقریب میں شرکت**

لاہور (این این آئی) وزیر خزانہ پنجاب میاں مجتبیٰ شجاع الرحمٰن نے حضوری باغ میں منعقدہ یوم آزادی کی تقریب میں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی نمائندگی کی۔ وزیر خزانہ نے مزار اقبال پر حاضری دی، فاتحہ خوانی کی اور پھول چڑھائے۔ بعد ازاں شاہی قلعہ میں پرچم کشائی کی تقریب میں شرکت کی جبکہ بادشاہی مسجد میں پاکستان کی سلامتی، استحکام، ترقی اور خوشحالی کے لیے خصوصی دعا بھی کروا(بقیہ 41 صفحہ 7پر)

## سیاسی اختلافات کی حد متعین کرنا ہوگی، تمام ادارے اپنی حدود میں رہیں، سعید غنی

**معرکہ حق کے بعد یوم آزادی کے جوش و خروش میں کئی گنا اضافہ ہوا، پاکستان مضبوط اور مستحکم ملک بن کر سامنے آیا، صوبائی وزیر**

کراچی (این این آئی) وزیر محنت و افرادی قوت و سماجی تحفظ سندھ سعید غنی نے کہا ہے کہ تمام سیاسی جماعتوں، عدالتوں، میڈیا اور ریاستی و قومی اداروں کو اپنی حدود متعین کرنا ہوں گی، سیاسی اختلافات جمہوریت کا حصہ ہیں تاہم اختلاف کی بھی ایک حد ہونی چاہیے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں (بقیہ 45 صفحہ 7پر)

نصیرآباد، کمشنر صلاح الدین نورزئی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

## جشن آزادی کے موقع پر شہدا پولیس کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے تقریب

**ہم ان شہدا کو یاد رکھیں جنہوں نے ملک و قوم کے امن اور آزادی کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا، ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حمیرہ بلوچ**

اوتھل (نمائندہ خصوصی) جشن آزادی کے موقع پر شہدا پولیس کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حمیرہ بلوچ نے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر لسبیلہ نجیب اللہ پندرانی کے ہمراہ یادگار شہدا کا دورہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر اور ڈی پی او نے یادگار پر پھول چڑھائے اور شہدا کے درجات کی بلندی کے لیے دعا کی اس موقع پر ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حمیرہ بلوچ نے شہدا بلوچستان پولیس کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ وطن عزیز کی آزادی، امن و سلامتی اور عوام کے تحفظ کے لیے پولیس اور تمام سیکیورٹی فورسز اور سویلین شہدا کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں۔ شہدا نے اپنے خون سے مادر وطن کی حفاظت اور امن کے لیے ایک روشن مثال قائم کی۔ (بقیہ 49 صفحہ 7پر)

## میر سلیم احمد خان کھوسہ کی قیادت میں ایک عظیم الشان جشن آزادی ریلی

**قبائلی عمائدین ضلعی افسران، معتبرین، معززین اور شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی**

نصیرآباد (نامہ نگار) 79ویں جشن آزادی کے پرمسرت موقع پر کھوسہ ہاس صحبت پور سے پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر و صوبائی وزیر میر سلیم احمد خان کھوسہ کی قیادت میں ایک عظیم الشان جشن آزادی ریلی نکالی گئی جس میں قبائلی عمائدین ضلعی افسران، معتبرین، معززین ا(بقیہ 50 صفحہ 7پر)

# یوم آزادی ہمیں اپنی تاریخ سے وابستگی کا درس دیتا ہے، شیری رحمان

**سینیٹر شیری رحمان کی پاکستان کے 79ویں یوم آزادی پر قوم کو مبارکباد**

**معرکہ حق میں ہماری مسلح افواج اور پوری قوم نے اتحاد اور عزم کا بے مثال مظاہرہ کیا، نائب صدر پیپلز پارٹی**

اسلام آباد (این این آئی) نائب صدر پیپلز پارٹی سینیٹر شیری رحمان نے پاکستان کے 79ویں یوم آزادی پر قوم کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ معرکہ حق میں ہماری مسلح افواج اور پوری قوم نے اتحاد اور عزم کا بے مثال مظاہرہ کیا۔ اپنے بیان میں شیری رحمٰن نے کہا کہ آج کے دن قائداعظم محمد علی جناحؒ اور ان کے رفقا کو خراج تحسین پیش کرتی ہوں، بانی پاکستان کی کاوشوں سے بننے والے عظیم وطن نے ہمیں پہچان، گھر اور شہری حقوق دیے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ہماری شناخت، ہماری آزادی اور ہماری آنے والی نسلوں کی امیدوں کا وطن ہے، آج کا دن ہمیں اپنے بزرگوں کی قربانیوں اور جدوجہد کو یاد کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مئی 2025 میں بھارت کی جانب سے کی جانے والی جارحیت کا پاکستان نے منہ توڑ جواب دیا، معرکہ حق میں ہماری مسلح افواج ا(بقیہ نمبر 55 صفحہ 7پر)

صحبت پور، صوبائی وزیر میر سلیم کھوسہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

## 79ویں یوم آزادی کے موقع پر سفارت خانہ پاکستان برلن کے زیر اہتمام پرچم کشائی کی تقریب

**قومی ترانے کی دھن پر سفیر پاکستان رحیم حیات قریشی نے پاکستان کا قومی پرچم لہرایا**

[illegible] (بقیہ 30 صفحہ 7پر)

## ایران کے خلاف جنگ میں امریکا کی پہلی ترجیح تیل اور گیس کی قیمتوں کو کم رکھنا ہے، جے ڈی وینس

**ایران کو جوہری ہتھیار حاصل کرنے سے روکنا دوسری ترجیح ہے، امریکی نائب صدر کی بات چیت**

[illegible] (بقیہ 31 صفحہ 7پر)

## طلبہ تعلیم کے حصول کو اعلیٰ کارکردگی، قومی خدمت اور اتحاد کے تاحیات مشن میں تبدیل کریں، رانا مشہود

**ملک اپنے بزرگوں کے خون، بہادری اور عزم سے تعمیر ہوا ہے**

**اسے نفرت یا تقسیم کے ذریعے کبھی کمزور نہیں ہونے دینا چاہیے، چیئرمین یوتھ پروگرام**

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان نے طلبہ کو ملک کے مستقبل کے معمار قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ وہ تعلیم کے حصول کو اعلیٰ کارکردگی، قومی خدمت اور اتحاد کے تاحیات مشن میں تبدیل کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کو اسلام آباد میں دانش سکول میں پاکستان کے 80ویں یوم آزادی کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ رانا مشہود احمد خان نے کہا کہ (بقیہ 32 صفحہ 7پر)

# نفرت کا پیغام دینے والے پاکستان کے دوست نہیں ہیں، احسن اقبال

**پاکستان کی فارماسیوٹیکل برآمدات 20 سال کی بلند ترین سطح 457 ملین ڈالر ہوگئی ہیں**

**فارماسیوٹیکل صنعت کو 2035 تک 100 ارب ڈالر سے زائد برآمدات کے ہدف میں اپنا حصہ متعین کرنا ہوگا، وفاقی وزیر**

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان کی فارماسیوٹیکل برآمدات 20 سال کی بلند ترین سطح 457 ملین ڈالر ہوگئی ہیں، فارماسیوٹیکل صنعت کو 2035 تک 100 ارب ڈالر سے زائد برآمدات کے ہدف میں اپنا حصہ متعین کرنا ہوگا۔ اڑان پاکستان کے تحت فارماسیوٹیکل برآمدات میں سہولت کیلئے اسلام آباد میں ہونے والی گول میز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے احسن اقبال نے کہا کہ فارماسیوٹیکل صنعت 1 ماہ کی مشاورت کے بعد 2030 اور اس کے بعد کا جامع روڈ میپ تیار کرے، پاکستان کو فارماسیوٹیکل صنعت کا عالمی مرکز بنانا ہمارا ہدف ہے۔ احسن (بقیہ 35 صفحہ 7پر)

### بانڈہ داؤدشاہ میں شرپسندوں کے پولیس پر تین مقامات پر ڈرون حملے، 3 اہلکار زخمی

کوہاٹ (این این آئی) کرک کی تحصیل بانڈہ داؤدشاہ کی حدود میں نامعلوم شرپسندوں نے پولیس تھانوں اور چوکی سمیت (بقیہ 36 صفحہ 7پر)

## شمالی عراق میں بڑا ڈرون حملہ ناکام، اربیل ایئرپورٹ کے قریب ملبہ گر گیا

**ڈرون حملے کا ممکنہ ہدف اربیل ایئرپورٹ کے قریب موجود ایک امریکی فوجی اڈہ تھا**

بغداد (این این آئی) شمالی عراق کے شہر اربیل میں جمعہ کی صبح متعدد ڈرونز کو فضا میں روک کر تباہ کیے جانے کی اطلاع ہے جبکہ ڈرونز کا ملبہ اربیل انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے قریب ایک رہائشی کمپلیکس پر جا گرا۔ واقعے میں کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی۔ الجزیرہ کے مطابق عراقی سکیورٹی ذرائع نے بتایا کہ ڈرونز کو اربیل کے اوپر فضا میں روکا گیا۔ کارروائی کے بعد ان کا ملبہ ایئرپورٹ کے قریب رہائشی علاقے میں جا(بقیہ 37 صفحہ 7پر)

صحبت پور، صوبائی وزیر میر سلیم کھوسہ پرچم کشائی کر رہے ہیں

## ایف آئی اے کراچی زون میں یوم آزادی کی پروقار تقریب، پرچم کشائی اور کیک کاٹا گیا

**ڈائریکٹر ایف آئی اے کراچی زون منتظر مہدی کی زیرنگرانی کراچی زونل آفس اور جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر تقریبات، ملکی سلامتی و استحکام کے لیے خصوصی دعائیں**

کراچی (این این آئی) یوم آزادی پاکستان کے موقع پر ایف آئی اے کراچی زون کے زیر اہتمام کراچی زونل آفس اور جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ کراچی میں پروقار تقریبات کا انعقاد کیا گیا، جس میں افسران و اہلکاروں نے بھرپور شرکت کی۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق تقریبات ڈائریکٹر ایف آئی اے کراچی زون منتظر مہدی کی زیرنگرانی منعقد ہوئیں۔ اس موقع پر ڈائریکٹر ایف آئی اے کراچی زون نے قومی پرچم لہرایا جبکہ پاکستان کی آزادی کی خوشی میں کیک بھی کاٹا گیا۔ تقریب میں ایڈیشنل ڈ(بقیہ 42 صفحہ 7پر)

## یوم آزادی کے موقع پر مری ہاس ڈیرہ مراد جمالی سے شاندار ریلی نکالی گئی

**کرنل رضوان طیب سمیت بڑی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی**

نصیرآباد (نامہ نگار) یوم آزادی کے موقع پر مری ہاس ڈیرہ مراد جمالی سے شاندار ریلی نکالی گئی کرنل رضوان طیب سمیت بڑی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی 79ویں یوم آزادی کے موقع پر مری ہاس سے امن کمیٹی کے رکن میر امداد حسین مری کی قیادت میں شاندار ریلی نکالی گئی، جس میں بڑی تعداد میں سیاسی و سماجی شخصیات، قبائلی عمائدین اور شہریوں نے شرکت کی۔ ایف سی 114 ونگ کے کمانڈر کرنل رضوان طیب بھی ریلی میں شریک ہوئے۔ ریلی میں قادر شاہ، میر جاوید جنگ، احمد خان مینگل، ثنا اللہ رند، غیبی (بقیہ 46 صفحہ 7پر)

# گزشتہ ہفتے 16 اشیاء مہنگی، 18 سستی، 17 کی قیمتوں میں استحکام رہا

**اگست کے دوسرے ہفتے بھی ملک بھر میں مہنگائی کی شرح بڑھ گئی**

**سالانہ بنیاد پر ٹماٹر کی قیمت میں 143.77 فیصد کا غیر معمولی اضافہ، 20 اشیا کی قیمتوں میں اضافہ، 9 اشیا سستی اور 22 کی قیمتوں میں استحکام**

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی ادارہ شماریات کے اعداد و شمار میں بتایا گیا ہے کہ رواں ماہ (اگست 2026) کے دوسرے ہفتے بھی ملک میں ہفتہ وار مہنگائی کی شرح میں 0.15 فیصد اضافہ ہوا اور سالانہ شرح 9.11 فیصد تک پہنچ گئی ہے، ایک ہفتے کے دوران 20 اشیا کی قیمتوں میں اضافہ، 9 اشیا سستی اور 22 کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ وفاقی ادارہ شماریات کی رپورٹ کے مطابق ایک ہفتے کے دوران مہنگائی میں 0.15 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا اور سالانہ بنیاد پر مہنگائی کی شرح 9.11 فیصد تک پہنچ گئی۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ 51 اشیائے ضروریہ میں سے 20 کی قیمتوں میں اضافہ، 9 کی قیمتوں میں کمی اور 22 (بقیہ نمبر 48 صفحہ 7پر)

لورالائی میں جشن آزادی کے موقع پر ضلعی انتظامیہ کے زیر اہتمام قومی پرچم کشائی کی پروقار تقریب کا انعقاد

### ایران نے یمن اسلحہ منتقلی کا امریکی الزام مسترد کر دیا

تہران (این این آئی) ایران نے یمن کو غیر مستحکم کرنے اور تجارتی پروازوں کے ذریعے صنعا میں فوجی اہلکار یا عسکری سا(بقیہ 59 صفحہ 7پر)

### فائرنگ کے واقعہ میں شہید تین پولیس اہلکاروں کی نماز جنازہ ادا، اعلیٰ عسکری، سول حکام کی شرکت

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور میں فائرنگ کے واقعے میں شہید سب انسپکٹر عدیل عاشق، ہیڈ کانسٹیبل اسد، کانسٹیبل حارث سلیم کی نماز

## بچوں اور فیملیز کو مزید بہتر اور معیاری تفریحی سہولت فراہم کرنے کے لیے نئی چیئر لفٹ کا افتتاح

**چیئر لفٹ کا افتتاح چیف آفیسر میونسپل کمیٹی ڈیرہ مراد جمالی سلیم خان ڈومکی نے کیا**

نصیرآباد (نامہ نگار) فیملی پارک میں شہریوں خصوصاً بچوں اور فیملیز کو مزید بہتر اور معیاری تفریحی سہولت فراہم کرنے کے لیے نئی چیئر لفٹ کا افتتاح کر دیا گیا چیئر لفٹ کا افتتاح چیف آفیسر میونسپل کمیٹی ڈیرہ مراد جمالی سلیم خان ڈومکی نے کیا افتتاحی تقریب میں فیملی پارک کے اونر حاجی سلیم ابڑو میونسپل کمیٹی کے کونسلرز محمد عثمان ادبی ابڑو و نیاز احمد ابڑو، سردار عبدالرشید جویا، پریس کلب کے سابق صدر منٹھار خان منگی، سینئر صحافیوں جنسار خان منگی، علی جان منگی، فیض محمد لہڑی، باسط علی منگی، حاجی عابد ابڑو سمیت (بقیہ 54 صفحہ 7پر)

نصیرآباد، پارلیمانی سیکرٹری حاجی محمد خان لہڑی جشن آزادی کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

## یوم آزادی ملی جوش و جذبے، قومی یکجہتی اور وطن سے والہانہ محبت کے عزم کے ساتھ منایا گیا

**ضلعی انتظامیہ کے زیر اہتمام ڈپٹی کمشنر آفس لورالائی میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا**

لورالائی (نمائندہ بولان) لورالائی میں پاکستان کا 79واں یوم آزادی ملی جوش و جذبے، قومی یکجہتی اور وطن سے والہانہ محبت کے عزم کے ساتھ منایا گیا۔ اس سلسلے میں ضلعی انتظامیہ کے زیر اہتمام ڈپٹی کمشنر آفس لورالائی میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حسیب شجاع نے چاق و چوبند پولیس دستے کے ہمراہ قومی پرچم سربلند کیا۔ تقریب کے دوران قومی ترانے (بقیہ 56 صفحہ 7پر)

# پاکستان کی سلامتی کیلئے اتحاد و اتفاق ناگزیر ہے سینیٹر دنیش کمار پلیانی

**حب میں یوم جشن آزادی کی تقریبات کا آغاز قرآن پاک کی تلاوت اور پرچم کشائی سے کی گئی، اور حب ضلعی انتظامیہ کے زیر اہتمام لیڈا سے جشن آزادی کی ریلی نکالی گئی**

**سینیٹر حسنہ بانو زہری سینیٹر دنیش کمار پلیانی ڈپٹی کمشنر حب جمعداد مندوخیل نے یوم آزادی کے موقع پر پرچم کشائی کی**

[illegible] (بقیہ 33 صفحہ 7پر)

سینیٹر حسنہ بانو زہری سینیٹر دنیش کمار پلیانی ڈپٹی کمشنر حب جمعداد مندوخیل یوم آزادی کے موقع پر پرچم کشائی تقریب میں شریک ہیں

## لیڈا آفس کے احاطے میں 79ویں یوم آزادی کی مناسبت سے پرچم کشائی کی تقریب کا انعقاد

**سینیٹر حسنہ بانو زہری سینیٹر دنیش کمار پلیانی ڈپٹی کمشنر حب جمعداد مندوخیل نے پرچم کشائی کی**

حب (نمائندہ بولان) ضلعی انتظامیہ حب کے زیرنگرانی لیڈا آفس کے احاطے میں 79ویں یوم آزادی کی مناسبت سے پرچم کشائی کی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ ضلعی انتظامیہ کے زیرنگرانی 79ویں یوم آزادی کی شاندار تقریبات میں سینیٹر حسنہ بانو زہری سینیٹر دنیش کمار پلیانی ڈپٹی کمشنر (بقیہ 34 صفحہ 7پر)

سینیٹر حسنہ بانو زہری سینیٹر دنیش کمار پلیانی ڈپٹی کمشنر حب جمعداد مندوخیل یوم آزادی کے موقع پر کیک کاٹ رہے ہیں

# پاکستان کی ترقی و خوشحالی باہمی اتحاد و یکجہتی کا مظاہرہ کرنا ہوگا، اویس لغاری

**یوم آزادی ہمیں قومی یکجہتی، ملکی مفاد اور پاکستان کی ترقی و خوشحالی کے لیے متحد ہو کر آگے بڑھنے کا پیغام دیتا ہے**

**قائداعظم محمد علی جناحؒ کے وژن کے مطابق ایک مضبوط، خودمختار اور خوشحال پاکستان کی تعمیر ہمارا قومی عزم ہے**

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر توانائی سردار اویس احمد خان لغاری نے قوم کو پاکستان کے 79ویں یوم آزادی پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ آزادی ہمارے بزرگوں کی عظیم جدوجہد اور لازوال قربانیوں کا ثمر ہے۔ اپنے پیغام میں وفاقی وزیر نے کہا کہ یوم آزادی ہمیں قو(بقیہ 43 صفحہ 7پر)

### پاکستان کا مالی خسارہ 22 سال کی کم ترین سطح پر آ گیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزارت خزانہ نے کہا ہے کہ پاکستان کا مالی خسارہ 22 سال کی کم ترین سطح پر آ گیا ہے

## سرحد چیمبر نے پاکستان کا 79واں یوم آزادی حب الوطنی کے جذبے کیساتھ منایا

**صدر جنید الطاف نے چیمبر کے احاطے میں پرچم کشائی کی، مسلح افواج کی امن کے قیام کیلئے قربانیاں پر خراج تحسین پیش کیا**

**شرکاء نے بھرپور جوش و خروش کیساتھ پاک فوج کے حق میں اور "پاکستان زندہ باد" کے نعرے لگائے**

پشاور (این این آئی) سرحد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے 79واں یوم آزادی حب الوطنی کے جذبے اور جوش و خروش کے ساتھ منایا۔ اس حوالے سے چیمبر کے احاطے میں ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان کے اشتراک سے پرچم کشائی کی ایک پروقار اور رنگا رنگ تقریب کا انعقاد کیا گیا جس کے دوران سرحد چیمبر کے صدر جنید الطاف نے سینئر نائب صدر محمد ندیم، ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھار(بقیہ نمبر 44 صفحہ 7پر)

### صدر آصف علی زرداری نے قومی اسمبلی کا اجلاس 17 اگست کو طلب کرلیا

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت اسلامی جمہوریہ پاکستان آصف علی زرداری نے قومی اسمبلی کا اجلاس 17 اگست کو طلب کر لیا۔ جاری اعلامیہ کے مطابق صدر مملکت نے قومی اسمبلی کا اجلاس بروز پیر 17 اگست، 2026 (بقیہ نمبر 61 صفحہ 7پر)

## نوجوان ملک کا قیمتی اثاثہ اور پاکستان کے روشن مستقبل کی ضمانت ہیں، گورنر سندھ

**نہال ہاشمی کی سندھ اسمبلی میں یوم آزادی کی پروقار تقریب میں شرکت، قومی یکجہتی اور ملکی ترقی کے عزم کا اظہار**

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے یوم آزادی کے موقع پر سندھ اسمبلی کا دورہ کیا، جہاں اسپیکر سندھ اسمبلی، اراکین سندھ اسمبلی اور چلڈرن پارلیمنٹ کے اراکین نے ان کا پرتپاک خیرمقدم کیا۔ گورنر سندھ کے ہمراہ وفاقی وزیر مملکت کھیل داس کوہستانی، معاون (بقیہ 47 صفحہ 7پر)

### جاپان کے مشرقی علاقے چیبا میں ریکارڈ بارشوں کے نتیجے میں 4 افراد ہلاک، ایک شخص لاپتا

ٹوکیو (این این آئی) جاپان کے مشرقی علاقے چیبا میں ریکارڈ بارشوں کے نتیجے میں 4 افراد ہلاک جبکہ ایک شخص لاپتا ہوگیا۔ غیر ملکی خبر رساں ایجنسی نے جاپانی محکمہ موسمیات کا حوالہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ ٹوکیو سے نزدیک چیبا شہر میں 24 گھنٹوں میں 367 ملی میٹر بارش ہوئی، ایک ماہ کی اوسط بارش سے تین گنا زیادہ بارش 24 گھنٹوں میں برس گئی۔ خبر رساں ایجنسی کے مطابق 25 ہزار سے زائد گھروں کو بجلی کی فراہمی معطل ہوگئی ہے

کمشنر سیوی ڈویژن اسداللہ فیض جشن آزادی کے موقع پر مون سون شجر کاری مہم کے حوالے سے پودا لگا رہے ہیں

## جشن آزادی کے سلسلے میں نصیرآباد ڈویژن کی مرکزی پرچم کشائی کی پروقار تقریب

**تقریب کے دوران بچوں نے ملی نغمے، تقاریر اور خوبصورت ٹیبلو پیش کر کے وطن سے محبت کا اظہار کیا**

نصیرآباد (نامہ نگار) جشن آزادی کی پروقار پرچم کشائی تقریب منعقد ہوئی واضح رہے کہ جشن آزادی کے سلسلے میں نصیرآباد ڈویژن کی مرکزی پرچم کشائی کی پروقار تقریب کمشنر آفس نصیرآباد میں منعقد ہوئی، جس میں صوبائی وزیر اریگیشن میر محمد صادق عمرانی، صوبائی پارلیمانی سیکرٹری برائے ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن و رکن صوبائی اسمبلی حاجی محمد خان لہڑی اور کمشنر نصیرآباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی نے پرچم کشائی کی، تقریب میں ڈی آئی جی کامران نواز، ونگ کمانڈر کرنل رضوان طیب، ڈپٹی کمشنر نصیرآباد وریندر لعل، ایس ایس پی اسد ناصر، پیپلز پارٹی کے ڈویژنل صدر میر محمد بلال صادق عمرانی، سپرنٹنڈنگ انجینئر (بقیہ 51 صفحہ 7پر)

### ملک میں کاروں کی فروخت میں جولائی کے دوران 141.28 فیصد اضافہ ریکارڈ

اسلام آباد (این این آئی) رواں مالی سال جولائی کے دوران ملک میں کاروں کی فروخت میں 141.28 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا

## پاکستان کے 79ویں یوم آزادی کے موقع پر ایک پروقار اور رنگا رنگ تقریب کا انعقاد

**طلبہ و طالبات نے ملی نغموں، ٹیبلو، تقاریر، ڈراموں اور دیگر خوبصورت پیشکشوں کے ذریعے وطن سے محبت اور قومی یکجہتی کا اظہار کیا**

لورالائی، (نامہ نگار) ڈویژنل پبلک اسکول لورالائی میں پاکستان کے 79ویں یوم آزادی کے موقع پر ایک پروقار اور رنگارنگ تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں طلبہ و طالبات نے ملی نغموں، ٹیبلو، تقاریر، ڈراموں اور دیگر خوبصورت پیشکشوں کے ذریعے وطن سے محبت اور قومی یکجہتی کا اظہا(بقیہ 52 صفحہ 7پر)

### بحرین کے ولی عہد اور وزیراعظم شہزادہ سلمان بن حمد الخلیفہ کی پاکستان کے یوم آزادی پر مبارکباد

اسلام آباد (این این آئی) بحرین کے ولی عہد اور وزیراعظم شہزادہ سلمان بن حمد الخلیفہ نے پاکستان کے یوم آزادی پر مبارکباد دی ہے

## باکو میں پروقار تقریب کے دوران پاکستان کا یوم آزادی قومی جوش و جذبے سے منایا گیا

**تقریب میں صدر مملکت، وزیراعظم اور نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کے پیغامات پڑھ کر سنائے گئے**

باکو (این این آئی) باکو میں اسلامی جمہوریہ پاکستان کے سفارت خانے نے چانسری میں منعقدہ ایک پروقار تقریب کے دوران پاکستان کا یوم آزادی قومی جوش و جذبے سے(بقیہ 53 صفحہ 7پر)

### کوہاٹ، ہارن بجانے پر آئل ٹینکر ڈرائیور پر مبینہ تشدد، 2 پولیس اہلکار کوارٹر گارڈ میں بند کر دیئے گئے

کوہاٹ (این این آئی) کوہاٹ میں آئل ٹینکر کے ڈرائیور کو مبینہ طور (بقیہ 58 صفحہ 7پر)

# جشن آزادی کے سلسلے میں ڈپٹی کمشنر لسبیلہ آفس میں مرکزی تقریب

**تقریب ڈپٹی کمشنر آفس لسبیلہ کے خوبصورت سبزہ زار میں منعقد ہوئی۔ تقریب میں ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حمیرا بلوچ نے ایس ایس پی لسبیلہ نجیب اللہ پندرانی کے ہمراہ پرچم کشائی کی**

**تقریب میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر لسبیلہ سراج احمد بلوچ ضلعی افسران، معزز شہریوں اور کثیر تعداد میں طلبا نے شرکت کی**

اوتھل (نمائندہ خصوصی) ضلع لسبیلہ کے ضلعی ہیڈ کوارٹر اوتھل میں یوم آزادی پاکستان انتہائی ملی جوش و جذبے اور شایان شان طریقے سے منایا گیا۔ جشن آزادی کی مرکزی تقریب ڈپٹی کمشنر آفس لسبیلہ کے خوبصورت سبزہ زار میں منعقد ہوئی۔ تقریب میں ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حمیرا بلوچ (بقیہ 57 صفحہ 7پر)

تربت، یوم آزادی کے موقع پر ریلی نکالی جارہی ہے